تالیف
شیخ امام محدث ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ وترتیب
مفتی عمر انور حفظہ
استاذ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

الحمد لله رب العالمين

مع صلوٰۃ وسلام (درود شریف)

تالیف: شیخ امام محدث ملا علی قاری رحمہ اللہ

ترجمہ و ترتیب
مفتی عمر انور
اُستاذ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

منزل و دعائے انس بن مالک رضی اللہ عنہ

برائے حفاظت آسیب و سحر

Banuri
بنوری

١٤٣٩

2018

Banuripublishers@gmail.com

پیش لفظ

قرآن، خالق کا بندے سے ہم کلام ہونے کا نام ہے تو دعا بندے کا اپنے خالق سے ہم کلام ہونے کا نام ہے، انسان کا معاملہ یہ ہے کہ اس سے مانگا جائے تو اس پر گراں گزرتا ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ سے اگر نہ مانگا جائے تو وہ ناراض ہوتے ہیں، گویا عطائے خداوندی خود سائلوں کی تلاش میں رہتی ہے، اور اس شعر کا مصداق ہوتی ہے کہ:

ہم تو مائل بہ کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں

ایک حدیث میں آتا ہے: ”اللہ تعالیٰ اس درجہ باحیا اور کریم ہیں کہ وہ کسی دعا کرنے والے کو خالی ہاتھ واپس نہیں لوٹاتے۔“

اس لیے ہمیشہ یہ ذہن میں رہنا چاہیے کہ اگر ہماری مانگی گئی دعا فوراً قبول نہیں ہوئی تو یقیناً اس میں ہمارے لیے کوئی بہتری ہوگی، کیونکہ انسان خود اپنی بھلائی کو جانچ نہیں سکتا، احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا کی شرائط و آداب کو بجالاتے ہوئے مانگی ہوئی کوئی دعا کبھی رائیگاں نہیں جاسکتی، بلکہ اللہ تعالیٰ وہ دعا کسی اور شکل میں ضرور قبول فرمالیتے ہیں، کیونکہ دعا کی قبولیت کی مختلف صورتیں ہیں:

① دعا کا فوراً قبول ہوجانا۔ ② مطلوبہ دعا کا عرصہ بعد قبول ہونا۔

③ مطلوبہ دعا کے بجائے اس سے بہتر صورت میں قبول ہوجانا۔

④ مصیبت کو دور کردیا جانا۔ ⑤ آخرت کے لیے ذخیرہ کردیا جانا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''بندے کی دعا ہمیشہ شرفِ قبولیت سے نوازی جاتی ہے، بشرطیکہ وہ گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے، اور جلدی نہ کرے۔ پوچھا گیا: اللہ کے رسول! جلدی کرنے سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''یہ کہ وہ کہے میں نے تو بہت دعا کی ہے، لیکن میرا خیال ہے کہ میری دعا قبول نہیں ہوگی، پھر وہ مایوس ہوکر دعا ترک ہی کردے۔'' (صحیح مسلم)

ذرا سوچیے! اللہ تعالیٰ کا کلام ہو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعائیں ہو تو بھلا وہ کیونکر قبول نہ ہوں گی، اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں دعائیں ذکر کرکے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دعاؤں کے ذریعے گویا ہمیں خود مانگنے کے گُر سکھائے ہیں، اس سے بڑھ کر اللہ کی رحمت کیا ہوگی کہ ہمیں یہ بھی سکھادیا کہ کس طرح محبت بھرے عاجزانہ الفاظ و کیفیات میں اپنے رب کے سامنے دستِ سوال دراز کرو، یہ سب یقیناً اس لیے ہے کہ وہ اپنے بندوں کو نوازنا چاہتا ہے، درحقیقت جس وقت ہم دعا کرتے ہیں تو اپنے آپ کو ایک ایسی لامتناہی قوت اور طاقت ور ذات سے جوڑ لیتے ہیں، جس نے اپنی قدرت سے فطرتاً ساری کائنات کی اشیا کو ایک دوسرے سے جوڑ رکھا ہے۔

حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم لکھتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ نے دعا

مانگنے کے لیے کوئی خاص الفاظ متعین نہیں فرمائے ، بلکہ ہر انسان کو یہ سہولت عطا فرمائی ہے کہ وہ اپنی جس جائز حاجت کو چاہے اپنے پروردگار سے اپنی زبان اور اپنے انداز میں مانگ سکتا ہے، بلکہ اپنے آپ کو پکارنا اللہ تعالی نے اتنا آسان کر دیا ہے کہ بندہ جب چاہے براہ راست اپنی ضرورت اللہ تعالی کے سامنے اپنے الفاظ میں پیش کر سکتا ہے، لیکن ہر انسان کو مانگنے کا سلیقہ بھی نہیں آتا، اور نہ بسا اوقات یہ خیال رہتا ہے کہ اللہ تعالی سے کیا کیا چیزیں مانگنی چاہئیں؟ لہذا قرآن وحدیث میں دین ودنیا کے ہر مقصد کے لیے بہترین دعائیں خود ہی سکھا دی گئی ہیں ، تاکہ انسان وقتاً فوقتاً انہیں مانگ کر اپنی صلاح وفلاح کا سامان کر سکے، جو باتیں ان دعاؤں میں مانگی گئی ہیں وہ تو عظیم ہی ہیں، لیکن جن الفاظ میں وہ مانگی گئی ہیں، ان میں بذات خود بڑی تاثیر اور بڑا نور ہے، اور تجربہ یہ ہے کہ ان دعاؤں کا بکثرت وِرد رکھنے سے انسان روحانی ترقی کی منزلیں اتنی جلدی طے کرتا ہے کہ بڑے بڑے مجاہدوں اور ریاضتوں سے وہ فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا''۔

الحزب الاعظم کا تعارف اور پڑھنے کا طریقہ

پیش نظر کتاب ''الحزب الاعظم'' قرآن وحدیث میں مذکور دعاؤں اور صلوۃ وسلام پر مشتمل ہے، اللہ تعالی نے اس مجموعہ کو عرب وعجم، شرق وغرب میں خوب قبولیت سے نوازا، مؤلف علامہ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے اس مجموعہ کو اس طرح ترتیب دیا کہ شروع (پہلی منزل) میں قرآن کریم میں مذکور دعائیں ہیں، اس میں اسمائے حسنی اور وہ

اذکار بھی ہیں جن میں اسم اعظم بتایا گیا ہے، یا وہ کلمات ہیں جن کے ساتھ دعاؤں کی قبولیت کی بشارت دی گئی ہے، اس کے بعد (پانچ منزلوں میں) وہ مسنون دعائیں ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے احادیث مبارکہ میں منقول ہیں، آخر (ساتویں منزل) میں صلوۃ وسلام (درود شریف) کے مختلف اذکار جمع فرمائے ہیں، علامہ ملا علی قاریؒ نے اپنے مقدمہ میں تجویز فرمایا ہے کہ:

''اگر آپ اس مجموعہ کو روز پڑھ لیا کریں تو کیا ہی کہنا، ورنہ جمعہ کو سہی، نہیں تو مہینہ میں ایک بار، اگر یہ نہ ہو سکے تو پھر سال میں ایک بار، اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو زندگی بھر میں اگر ایک بار میسر آجائے تو یہ بھی غنیمت ہے''۔

مؤلفؒ کی تجویز کو سامنے رکھتے ہوئے اور سہولت کے لیے اس کتاب کو سات منزلوں میں تقسیم کیا گیا، تاکہ روزانہ ایک منزل پڑھنے سے ایک ہفتے میں یہ مجموعہ پورا ہو جائے، اگر روزانہ ایک منزل مکمل پڑھنا ممکن نہ ہو تو سہولت اور آسانی سے جتنا ہو سکے روزانہ تھوڑا بہت پڑھنے کا معمول ضرور بنایا جائے، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ صلوۃ وسلام پیش کرنا مقصود ہو تو کتاب کی ساتویں منزل مکمل درود شریف کے اذکار و اَوراد پر مشتمل ہے۔

روزمرہ معمول کے ساتھ ساتھ یہ مجموعہ فریضہ حج و عمرہ کی ادائیگی کے دوران طواف، سعی اور دیگر مقدس و متبرک مقامات پر بھی بکثرت پڑھا جائے، مؤلف کتاب ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں کہ:

''اگر عرفات کے میدان میں آپ کو اس کے پڑھنے کا موقع مل جائے تو اس میں ان کلمات کا اور اضافہ فرمالیں: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۱۰۰ بار) سورہ اخلاص (۱۰۰ بار)، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ (۱۰۰ بار)''۔

کتاب کے آخر میں جادو، آسیب، شیطانی اثرات اور دوسرے خطرات وآفات سے حفاظت کے لیے قرآنی آیات کا مجموعہ ''منزل'' بھی شامل کر دیا گیا ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالی اس کاوش کو قارئین اور ناشر کے لیے ذخیرہ آخرت بنائے، آمین۔

محمد عمر انور
جامعہ علوم اسلامیہ، علامہ یوسف بنوری ٹاؤن
جامع مسجد قبا، گلشن اقبال، کراچی
umaranwer@gmail.com

إن الله وملائكته يصلون على النبي يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما

فہرست
Index

اللهم صل على سيدنا محمد وسلم

① اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں شیطان مردود (کے شر) سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

② بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

③ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، بے انتہا مہربان نہایت رحم والا

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○

قیامت کے دن کا حاکم ہے، ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

ہمیں سیدھا راستہ دِکھا، اُن (لوگوں) کا راستہ جن پر تو نے فضل فرمایا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ آمين

اور نہ (دکھا) ان (لوگوں) کا جن پر غضب نازل ہوا اور نہ گمراہوں کا (آمین)

④ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ ○

میں اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں نادان (جاہلوں) میں شامل ہو جاؤں

⑤ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○

اے ہمارے رب! تو ہمارے اعمال کو قبول فرمالے، بے شک تو ہی سننے جاننے والا ہے

وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

اور ہماری توبہ قبول فرما، بے شک تو ہی توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے

⑥ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے

⑦ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

اے ہمارے رب! ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے اور ہمارے قدم جمائے رکھ

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

اور کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما

⑧ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○

ہم نے سنا اور مانا، تیری ہی بخشش مانگتے ہیں پروردگار اور آخر تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ

پروردگار! اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو ہماری پکڑ نہ فرمانا، اورہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال

اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

جیسا بوجھ ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اور اے پروردگار ہم سے وہ بوجھ نہ اُٹھوا

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ێ وَاغْفِرْ لَنَا ێ وَارْحَمْنَا ێ

جس کی ہم میں طاقت نہ ہو، اور ہم سے درگزر فرما، اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

تو ہی ہمارا مولیٰ ہے، سو کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما

⑨ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

اے پروردگار! ہمیں ہدایت بخشنے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر دینا اور ہمیں اپنے پاس سے

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ

رحمت عطا فرما، بے شک تو ہی سب دینے والا ہے، پروردگار! بے شک تو لوگوں کو ایک دن ضرور جمع

لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

کرے گا جس میں کوئی شک وشبہ نہیں، بے شک اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

(10) رَبَّنَآ اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے رب! ہم ایمان لا چکے ہیں پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے

(11) قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ

تم کہو اے اللہ! سلطنت کے مالک تو جسے چاہتا ہے اقتدار بخشتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اقتدار

الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ

چھین لیتا ہے، اور جسے چاہتا ہے عزت بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے رسوا کر دیتا ہے، تیرے ہی اختیار میں

الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ

ہے تمام تر بھلائی، یقینا تو ہر چیز پر قادر ہے، تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں

النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ

داخل کرتا ہے، اور تو ہی بے جان چیز میں سے جاندار کو نکالتا ہے اور جاندار میں سے بے جان چیز

مِنَ الۡحَیِّ ۫ وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ ○

نکال لاتا ہے، اور تو جسے چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے

⑫ رَبِّ هَبۡ لِیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ ○

اے میرے رب! مجھے اپنی بارگاہ سے پاکیزہ اولاد عطا فرما، بےشک تو ہی دعا سننے والا ہے

⑬ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنۡزَلۡتَ وَاتَّبَعۡنَا الرَّسُوۡلَ فَاكۡتُبۡنَا

پروردگار! تونے جو کچھ نازل کیا ہم اس پر ایمان لائے اور ہم نے رسول کی اتباع کی، سو ہمیں ان لوگوں

مَعَ الشّٰهِدِیۡنَ ○

میں لکھ لے جو (حق کی) گواہی دینے والے ہیں

⑭ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَاِسۡرَافَنَا فِیۡۤ اَمۡرِنَا وَثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا

اے پروردگار! ہمارے گناہ بخش دے اور معاملہ میں ہماری زیادتی کو معاف فرما اور ہمارے قدم

وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِیۡنَ ○

جمائے رکھ اور اور کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما

⑮ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے ہمارے رب تو نے یہ (عالم) بیکار پیدا نہیں کیا، تو پاک ہے سو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

اے پروردگار! تو نے جسے دوزخ میں ڈالا پس اسے رُسوا کردیا اور (وہاں) ظالموں کا کوئی مددگار

اَنْصَارٍ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا

نہیں ہوگا، اے پروردگار! ہم نے سنا کہ ایک پکارنے والا ایمان لانے کیلئے پکارتا ہے کہ (لوگو) اپنے رب

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا

پر ایمان لاؤ، تو ہم ایمان لائے، اے پروردگار! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں ہم سے دور

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ

کردے، اور ہمیں نیک بندوں میں شامل فرما کر دنیا سے اٹھانا، پروردگار! تو نے ہم سے جو وعدے اپنے

وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

رسولوں کی معرفت کیے ہیں وہ عطا فرما اور ہمیں قیامت کے دن رسوانہ کرنا، یقیناً تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

⑯ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ

اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال دے جسکے باشندے ظالم ہیں اور ہمارے لئے اپنے

لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ○

پاس سے کوئی حامی کھڑا کردے اوراپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار بنادے

⑰ رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا

اے پروردگار! ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے اگلوں اور پچھلوں کیلئے عید (خوشی)

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنۡكَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ○

ہو اور تیری طرف سے نشانی ہو، اور ہمیں رزق عطا فرما اور تو ہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے

⑱ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكۡتُبۡنَا مَعَ الشّٰهِدِيۡنَ ○

اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے سو ہمیں تصدیق کرنے والوں کے ساتھ لکھ دے

وَنَطۡمَعُ اَنۡ يُّدۡخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الۡقَوۡمِ الصّٰلِحِيۡنَ ○

اور ہمیں امید ہے کہ ہمارا رب ہمیں نیک صالح لوگوں میں شامل فرمائے گا

⑲ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ○

اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں میں شامل نہ فرمانا

⑳ اَنۡتَ وَلِيُّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الۡغَافِرِيۡنَ ○

تو ہی ہمارا کارساز ہے، سو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو بہترین بخشنے والا ہے

وَاكۡتُبۡ لَنَا فِىۡ هٰذِهِ الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِى الۡاٰخِرَةِ اِنَّا هُدۡنَآ اِلَيۡكَ

اور ہمارے لیے اس دنیا میں خیر و بھلائی لکھ دے اور آخرت میں بھی، بیشک ہم نے تیری طرف رجوع کیا

﴿21﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِیۡ وَمَا نُعۡلِنُ ؕ وَمَا یَخۡفٰی عَلَی اللّٰہِ

اے ہمارے رب! جو کچھ ہم چھپائیں اور جو کچھ ظاہر کریں اسے یقینا تو جانتا ہے، اور اللہ سے کوئی چیز

مِنۡ شَیۡءٍ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ؕ

پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین اور نہ آسمان میں

﴿22﴾ رَبَّنَا ظَلَمۡنَآ اَنۡفُسَنَا ٜ وَ اِنۡ لَّمۡ تَغۡفِرۡ لَنَا وَتَرۡحَمۡنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اور اگر تو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ فرمائے

لَنَکُوۡنَنَّ مِنَ الۡخٰسِرِیۡنَ ﴿﴾

تو ہم یقینا نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے

﴿23﴾ رَبَّنَا افۡتَحۡ بَیۡنَنَا وَبَیۡنَ قَوۡمِنَا بِالۡحَقِّ وَاَنۡتَ خَیۡرُ الۡفٰتِحِیۡنَ ﴿﴾

اے پروردگار! ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف کیساتھ فیصلہ فرما اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

﴿24﴾ رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ ﴿﴾

اے ہمارے رب! ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے اور ہمیں حالت اسلام (اطاعت) پر موت دے

﴿25﴾ رَبِّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَلِاَخِیۡ وَاَدۡخِلۡنَا فِیۡ رَحۡمَتِكَ ۖ

اے رب! مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر لے

وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ○

اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

(26) عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلۡنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ○

اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا اے ہمارے رب ہمیں ظالم لوگوں کے لئے تختۂ مشق نہ بنا

وَ نَجِّنَا بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ○

اور ہمیں اپنی مہربانی کے طفیل کافر قوم سے سے نجات عطا فرما

(27) رَبِّ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـئَلَكَ مَا لَيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ

میرے رب ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ تجھ سے ایسی بات پوچھوں جس کا مجھے علم نہ ہو

وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِىۡ وَتَرۡحَمۡنِىۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ○

اور اگر تو مجھے نہ بخشے اور مجھ پر رحم نہ کرے گا تو میں خسارے والوں میں سے ہوں گا

(28) فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ اَنۡتَ وَلِىّٖ فِى الدُّنۡيَا

اے آسمانوں و زمین کے پیدا کرنے والے ! تو ہی میرا کارساز ہے دنیا میں بھی

وَالۡاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِىۡ مُسۡلِمًا وَّ اَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ ○

اور آخرت میں بھی ، مجھ کو اسلام کی حالت میں موت دے اور مجھے نیک لوگوں میں ملا دے

﴿29﴾ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَآءِ ○ رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلٰوةِ

یقینا میرا رب دعا کو سنتا ہے ، اے رب ! مجھے نماز قائم رکھنے والا بنادے اور

وَ مِنْ ذُرِّيَّتِي ۖ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَ لِوَالِدَيَّ

میری اولاد کو بھی ،اے پروردگار ! میری دعا قبول فرما، اے پروردگار مجھے اور میرے ماں باپ کو

وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ○

اور تمام ایمان والوں کو بخش دے اس دن جبکہ حساب ہو

﴿30﴾ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيرًا ○

اے رب! میرے ماں باپ پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا

﴿31﴾ رَبِّ اَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ

پروردگار ! مجھے جہاں داخل کر اچھائی (عزت) کیساتھ داخل کر اور جہاں سے نکال اچھائی کیساتھ نکال

وَّاجْعَلْ لِّي مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيرًا ○

اور مجھے اپنے پاس سے ایسا غلبہ عطا فرما جس کے ساتھ تیری مدد ہو

﴿32﴾ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ○

اے رب! ہمیں خاص اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں ہمارے لیے بھلائی مہیا فرما

(33) رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝

اے رب! میری خاطر میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان بنا دے

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝

اور میری زبان میں جو گرہ ہے اسے کھول دے، تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں

(34) رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

اے پروردگار! مجھے علم (وسمجھ) میں اور ترقی عطا فرما

(35) رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اے رب! مجھ پر تکلیف آپڑی ہے اور تو سب رحم والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

(36) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(اے اللہ !) کوئی معبود نہیں تیرے سوا، تیری ذات پاک ہے، میں ہی ظالموں میں سے تھا

(37) رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے

(38) رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ

اے رب! حق کے موافق فیصلہ فرما، اور ہمارا رب بڑا مہربان ہے جس سے مدد چاہی جاتی ہے

عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○

ان باتوں کے مقابلہ میں جو تم بنایا کرتے ہو

(39) رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○

اے رب! مجھے ایسا اترنا نصیب کر جو برکت والا ہو، اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے

(40) رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

اے پروردگار! تو مجھے ظالم لوگوں میں شامل نہ فرما

(41) رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○

میرے رب! میں شیطان کی چھیڑ (وسوسوں) سے تیری پناہ چاہتا ہوں

وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○

اور میرے رب! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ شیاطین میرے پاس آئیں

(42) رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

اے پروردگار! ہم ایمان لے آئے سو تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو بہترین رحم کرنے والا ہے

(43) رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

میرے رب! بخش دے اور رحم فرما اور تو بہترین رحم کرنے والا ہے

﴿44﴾ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○

ہمارے رب! ہم سے دوزخ کے عذاب کو دور رکھ، کیونکہ اس کا عذاب وہ تباہی ہے جو چمٹ جاتا ہے

إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ○

بلاشبہ وہ کسی کا ٹھکانہ اور اور قیام گاہ بننے کے لیے بدترین جگہ ہے

﴿45﴾ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ

ہمارے پروردگار! ہمیں اپنی بیویوں اور بچوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ○

اور ہمیں پرہیزگاروں کا سربراہ بنادے

﴿46﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ

میرے رب! مجھے علم و حکمت عطا کر اور مجھے نیکوں میں شامل فرما اور میرے لیے وہ زبانیں پیدا فرما جو

صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ○

آنے والی نسلوں میں میری سچائی کی گواہی دیں اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے بنادے

وَاغْفِرْ لِأَبِيْ إِنَّهُ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ○ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ○

اور میرے باپ کی مغفرت کر یقیناً وہ گمراہوں میں سے ہے اور اس دن مجھے رسوا نہ کرنا جب دوبارہ زندہ کیا جائیگا

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ○ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ

جس دن نہ مال کام آئے گا اور نہ اولاد، ہاں! مگر جو اللہ کے پاس صاف سلامتی والا دل لے کر آئے گا

(47) رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ○

میرے پروردگار! مجھے اور میرے گھر والوں کو نجات دے ان کاموں سے جو یہ کرتے ہیں

(48) رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ○ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَهُمْ فَتْحًا

میرے رب! میری قوم نے تو مجھے جھٹلایا سو اب میرے اور ان کے درمیان ایک فیصلہ فرما دے

وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور مجھے اور ان ایمان والوں کو جو میرے ساتھ ہیں نجات عطا فرما

(49) رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھے اور

وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَدْخِلْنِيْ

میرے ماں باپ کو عطا کی ہیں اور یہ کہ نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو اور شامل کر لے مجھے

بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں

﴿50﴾ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ

میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا سوتو مجھے معاف فرما دے

﴿51﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

میرے پروردگار! مجھے ظالم لوگوں سے نجات عطا فرما

﴿52﴾ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ○

میرے رب! جو خیر بھی تو میری طرف نازل فرمائے میں اس کا محتاج ہوں

﴿53﴾ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○

اے میرے پروردگار! شریر (فسادی) لوگوں کے خلاف میری مدد فرما

﴿54﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ

سو اللہ کی تسبیح کرو جب شام کرو اور جب صبح کرو، اور اسی کی حمد ہوتی ہے آسمانوں میں بھی اور

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○

زمین میں بھی اور سورج ڈھلنے کے وقت بھی (اسکی تسبیح کرو) اور اسوقت بھی جب تم پر ظہر کا وقت آتا ہے

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ يُحْيِ

وہی جاندار کو بے جان سے نکال لاتا ہے اور بے جان کو جاندار سے نکال لیتا ہے اور وہی زمین کو

الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ وَ كَذٰلِكَ تُخۡرَجُوۡنَ۝

زندگی بخشتا ہے اسکے مردہ ہونے کے بعد اور اسی طرح تم بھی (قبروں سے) نکالے جاؤ گے

(55) رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنَ الصّٰلِحِيۡنَ۝

اے پروردگار! مجھے نیک بیٹا عطا فرما

(56) اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ عَالِمَ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ

اے اللہ ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے غائب اور حاضر کو جاننے والے

اَنۡتَ تَحۡكُمُ بَيۡنَ عِبَادِكَ فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ۝

تو ہی اپنے بندوں کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے

(57) رَبَّنَا وَسِعۡتَ كُلَّ شَىۡءٍ رَّحۡمَةً وَّعِلۡمًا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِيۡنَ

ہمارے رب! تیری رحمت اور علم ہر چیز پر حاوی ہے اس لیے تو بخش دے ان لوگوں کو جنھوں نے توبہ

تَابُوۡا وَاتَّبَعُوۡا سَبِيۡلَكَ وَقِهِمۡ عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ۝ رَبَّنَا

کر لی اور تیرے رستے پر چل پڑے ہیں اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے، اور اے پروردگار!

وَاَدۡخِلۡهُمۡ جَنّٰتِ عَدۡنِ ۨالَّتِىۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ صَلَحَ مِنۡ

انہیں ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں داخل کر، جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کے ماں باپ

اٰبَآئِهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور بیوی بچوں میں سے جو نیک ہوں، انہیں بھی، یقیناً صرف تیری ہی ذات زبردست حکمت والی ہے

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ

اور ان کو برائیوں سے بچا، اور اس دن جسے تو نے برائیوں سے بچایا اس پر تو نے بڑا رحم فرمایا

وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

اور یہی تو زبردست کامیابی ہے

(58) رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى

میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے

وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ

والدین پر کیں اور یہ کہ میں ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو اور میری اولاد بھی نیک بنا

اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

میں نے رجوع کیا تیری طرف اور یقینا میں مسلمانوں (فرمانبرداروں) میں سے ہوں

(59) رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا

ہمارے پروردگار! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں

تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کیلئے کینہ نہ رکھ، ہمارے رب! تو ہی نرمی والا بڑا مہربان ہے

(60) رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○

پروردگار! ہم نے تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رجوع کیا اور تیری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ

اے ہمارے رب ہمیں کافروں کے لیے تختۂ مشق نہ بنا اور اے پروردگار ہمیں بخش دے

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

یقیناً صرف تیری ہی ذات زبردست حکمت والی ہے

(61) رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اے پروردگار! ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

(62) رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا

پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ کو بخش دے اور اس شخص کو بھی جو ایمان کی حالت میں میرے گھر آیا

وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ○

اور تمام ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بھی بخش دے

﴿63﴾ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، کہو میں پناہ لیتا ہوں صبح کی سفیدی کے رب کی

مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○

(اسکی) تمام مخلوقات کے شر سے، اور تاریک رات کے اندھیرے کے شر سے جب وہ چھا جائے

وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ○ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں کے شر سے، اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے

﴿64﴾ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، کہو میں تمام انسانوں کے رب کی پناہ لیتا ہوں

مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ○

تمام انسانوں کے بادشاہ کی، تمام انسانوں کے معبود کی، وسوسہ ڈالنے، چھپ جانے والے کے شر سے

الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ○ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالے، خواہ جنوں میں سے ہو یا آدمیوں میں سے ہو

﴿65﴾ سُبۡحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمۡ فِيۡهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعۡوٰهُمۡ

اے اللہ! تو پاک ہے اور ان کا جنت میں ملاقات کے وقت تحفہ سلام ہوگا اور ان کی آخری پکار

اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

یہ ہوگی کہ سب حمد وثنا اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

(66) قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

اللہ تعالی کا ارشاد ہے : اللہ تعالی کے اچھے اچھے نام ہیں سوتم اس کو ان ہی ناموں سے پکارا کرو

(67) وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : بیشک اللہ تعالی کے لیے ننانوے

اِسْمًا مَّنْ اَحْصٰهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَفِيْ رِوَايَةٍ : مَّنْ حَفِظَهَا

نام ہیں جو ان کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا، اور ایک روایت میں "من حفظھا" کا لفظ ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی ہے اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	الْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ	السَّلٰمُ
نہایت مہربان	بہت رحم والا	بادشاہ	ہر عیب سے پاک	سلامتی والا
الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ
امان بخشنے والا	پناہ میں لینے والا	غلبہ والا	زبردست	بڑائی کا مستحق

اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِئُ	اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ
پیدا کرنے والا	ہستی بخشنے والا	صورت بنانے والا	بہت بخشنے والا	بہت غلبہ والا
اَلْوَهَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ	اَلْعَلِيْمُ	اَلْقَابِضُ
بہت دینے والا	روزی رساں	کھولنے والا	کامل علم والا	بند کرنے والا
اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ	اَلْمُذِلُّ
کشادہ کرنے والا	پست کرنے والا	بلند کرنے والا	عزت دینے والا	ذلیل کرنے والا
اَلسَّمِيْعُ	اَلْبَصِيْرُ	اَلْحَكَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِيْفُ
سننے والا	دیکھنے والا	اٹل فیصلہ والا	انصاف کرنے والا	لطف والا
اَلْخَبِيْرُ	اَلْحَلِيْمُ	اَلْعَظِيْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّكُوْرُ
باخبر	بُردبار	عظمت والا	گناہ بخشنے والا	قدردان
اَلْعَلِيُّ	اَلْكَبِيْرُ	اَلْحَفِيْظُ	اَلْمُقِيْتُ	اَلْحَسِيْبُ
برتر	بڑا	محافظ	بااقتدار	حساب کرنے والا
اَلْجَلِيْلُ	اَلْكَرِيْمُ	اَلرَّقِيْبُ	اَلْمُجِيْبُ	اَلْوَاسِعُ
شان والا	بن مانگے بخشنے والا	نگران	قبول کرنے والا	وسعت والا
اَلْحَكِيْمُ	اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِيْدُ	اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِيْدُ
حکمت والا	محبت والا	بزرگی والا	دوبارہ زندہ کرنے والا	حاضر وموجود

الْحَقُّ — برحق
الْوَكِيْلُ — کارساز
الْقَوِيُّ — زور والا
الْمَتِيْنُ — مضبوط
الْوَلِيُّ — حمایت کرنے والا

الْحَمِيْدُ — حمد کا مستحق
الْمُحْصِي — شمار رکھنے والا
الْمُبْدِئُ — ابتدا کرنے والا
الْمُعِيْدُ — لوٹانے والا
الْمُحْيِ — زندہ کرنے والا

الْمُمِيْتُ — مارنے والا
الْحَيُّ — سدا زندہ
الْقَيُّوْمُ — خود بخود قائم
الْوَاجِدُ — مستغنی
الْمَاجِدُ — شرف والا

الْوَاحِدُ — ایک
الْاَحَدُ — یکتا
الصَّمَدُ — بے نیاز
الْقَادِرُ — قدرت والا
الْمُقْتَدِرُ — اقتدار والا

الْمُقَدِّمُ — آگے بڑھانے والا
الْمُؤَخِّرُ — پیچھے ہٹانے والا
الْاَوَّلُ — سب سے پہلے
الْاٰخِرُ — سب کے بعد
الظَّاهِرُ — آشکارا

الْبَاطِنُ — پنہاں
الْوَالِي — ذمہ دار
الْمُتَعَالِي — بہت بلند
الْبَرُّ — نیک سلوک
التَّوَّابُ — متوجہ ہونے والا

الْمُنْعِمُ — نعمت دینے والا
الْمُنْتَقِمُ — بدلہ لینے والا
الْعَفُوُّ — معاف کرنے والا
الرَّءُوْفُ — نرمی کرنے والا
مَالِكُ الْمُلْكِ — تمام سلطنت کا مالک

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ — بزرگی اور بخشش والا
الرَّبُّ — پالنے والا
الْمُقْسِطُ — انصاف والا
الْجَامِعُ — جمع کرنے والا

اَلْغَنِیُّ	اَلْمُغْنِی	اَلْمُعْطِی	اَلْمَانِعُ	اَلضَّارُّ
بے نیاز	غنی بنانے والا	عطا کرنے والا	روکنے والا	نقصان پہنچانے والا
اَلنَّافِعُ	اَلنُّوْرُ	اَلْھَادِی	اَلْبَدِیْعُ	اَلْبَاقِی
نفع دینے والا	روشن	ہدایت دینے والا	موجد	ہمیشہ رہنے والا
اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِیْدُ	اَلصَّبُوْرُ		
سب کا وارث	نیک راہ بتانے والا	تحمل وضبط والا		

(68) وَاسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَمُ الَّذِی اِذَا دُعِیَ بِہٖ اَجَابَ ، وَاِذَا سُئِلَ

اللہ کا اسم اعظم کہ جب اسکے ذریعے دعا کی جائے تو قبول کرے اور جب مانگا جائے اسم اعظم کے وسیلے

بِہٖ اَعْطٰی: لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

سے تو عطا کرے (وہ یہ ہے: ’’اے اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں یقینا میں ہی گناہ گاروں میں سے ہوں‘‘

(69) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ ، لَآ اِلٰہَ

اے اللہ! میں ان کلمات کے وسیلے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ’’میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک اللہ تو ہی ہے

اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِی لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ ○

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، یکتا بے نیاز ہے ، جس سے نہ کوئی پیدا ہوا ، اور نہ وہ کسی سے پیدا کیا گیا

وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ○

اور نہ اس کا کوئی ہم سر ہے''

⑳ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

اے اللہ! میں ان کلمات کے وسیلے تجھ سے مانگتا ہوں کہ ''تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں، کوئی معبود نہیں سوا

اَنْتَ وَحْدَكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ، الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ، بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ

تیرے، بس تو ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تو بڑا مہربان احسان کرنے والا ہے، کسی نمونہ کے بغیر آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

زمین کو بنانے والا ہے، اے بزرگی اور بخشش والے، اے سدا زندہ اور سب کی ہستی قائم رکھنے والے

⑪ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

⑫ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَلِيِّ الْاَعْلَى الْوَهَّابِ

میرا رب سب عیبوں سے پاک، بلند سب سے برتر اور سب سے زیادہ دینے والا ہے

⑬ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ لیتا ہوں اللہ کے کامل ترین کلمات کے ذریعے ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی

⑦④ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَيۡءٌ فِي الۡاَرۡضِ

اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام سے نہ زمین پر کوئی چیز نقصان پہنچائے

وَلَا فِي السَّمَاءِ، وَهُوَ السَّمِيعُ الۡعَلِيمُ

اور نہ آسمان میں، اور وہ خوب سننے والا اور اچھی طرح جاننے والا ہے

⑦⑤ اَصۡبَحۡنَا وَاَصۡبَحَ الۡمُلۡكُ لِلّٰهِ، وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ہم نے اور ملک نے صبح کی جو سب اللہ کیلئے ہے، تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَحۡدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ، لَهُ الۡمُلۡكُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ

بس وہی ہے، اسکا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اور تعریف صرف اسی کیلئے ہے، اور وہ ہر چیز پر

قَدِيرٌ، رَبِّ اَسۡئَلُكَ خَيۡرَ مَا فِيۡ هٰذَا الۡيَوۡمِ وَخَيۡرَ مَا بَعۡدَهٗ

قادر ہے، پروردگار! آج کے دن میں اور آج کے بعد جو جو خیر اور بھلائی ہے وہ سب تجھ سے مانگتا ہوں

وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّ مَا فِيۡ هٰذَا الۡيَوۡمِ وَ شَرِّ مَا بَعۡدَهٗ

پروردگار! آج کے دن میں اور آج کے بعد جو جو شر اور برائی ہے اس سب سے تیری پناہ لیتا ہوں

رَبِّ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡكَسَلِ، وَسُوۡءِ الۡكِبَرِ، رَبِّ اَعُوۡذُ بِكَ

پروردگار! میں سستی کاہلی اور سخت بڑھاپے سے تیری پناہ لیتا ہوں، پروردگار میں تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ، وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ

دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے

(76) اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

اے اللہ ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ، غائب اور موجود کو جاننے والے

رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ

ہر چیز کے رب اور اس کے مالک، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، بس تو ہے

لَا شَرِيْكَ لَكَ ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ

تیرا کوئی شریک نہیں، میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنے نفس کے شر سے ، اور شیطان کے فریب اور

وَ شِرْكِهٖ ، وَ اَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا، اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ

اسکے شرک سے، اور اس بات سے کہ میں کوئی برائی کروں، یا کسی دوسرے مسلمان کو اس میں مبتلا کروں

(77) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ ، وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ،

الٰہی ! میں نے اس یقین پر صبح کی کہ میں گواہ بناتا ہوں تجھے، اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو

وَ مَلَآئِكَتَكَ ، وَ جَمِيْعَ خَلْقِكَ ، بِاَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

تیرے سب فرشتوں کو، اور تیری ساری مخلوق کو اس بات پر (گواہ بناتا ہوں) کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

اور اس بات پر گواہ بنا تا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں

(78) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اے اللہ ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِيْنِيْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِيْ

الٰہی ! میں تجھ سے معافی اور آرام وراحت کا طالب ہوں اپنے دین ، اپنی دنیا، اپنے اہل اور

وَمَالِيْ ،اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ

مال میں، اے اللہ! میرے عیوب کو چھپا اور مجھے خوف سے امن نصیب کر، اے اللہ! میری حفاظت فرما

مِنْ بَيْنِ يَدَیَّ وَ مِنْ خَلْفِيْ ، وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَ عَنْ شِمَالِيْ

میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے ، اور میرے دائیں بائیں سے اور میرے

فَوْقِيْ ، وَ اَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ

اوپر (آسمان) سے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ ہلاک کردیا جاؤں اپنے نیچے (زمین) کی جانب سے

(79) رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا ، وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا ، وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

ہم راضی ہیں اللہ کو رب ، اور اسلام کو (اپنا) دین ، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَّسُوْلًا وَّنَبِيًّا

کو (اپنا آخری) رسول اور نبی مان کر

(80) اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ، اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ، فَمِنْكَ

اے اللہ! مجھے اور تیری مخلوق میں سے کسی کو بھی صبح کے وقت جو بھی نعمت ملی وہ سب تیری یکتا ذات

وَحْدَكَ ، لَا شَرِيْكَ لَكَ ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ

کی طرف سے ملی ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، سب تعریفیں تیرے لیے ہیں اور سب شکر تیرے واسطے

(81) اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ

اے اللہ! میرے بدن میں مجھے عافیت عطا فرما، اے اللہ! میری سماعت میں مجھے عافیت عطا فرما

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، تین مرتبہ)

الٰہی! میری بصارت میں مجھے عافیت عطا فرما، تیرے سوا کوئی معبود نہیں (یہ دعا تین مرتبہ پڑھیں)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ

اے اللہ! میں کفر اور محتاجی سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، تین مرتبہ)

قبر کے عذاب سے ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں (یہ دعا تین مرتبہ پڑھیں)

(82) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ،

تمام تسبیح وتعریف اللہ کیلئے ہے، برائی سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ کی مدد کے

مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ ، وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ ، اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

جو اللہ نے چاہا وہ ہوگیا، اور جو نہ چاہا وہ نہ ہوا ، میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ اللہ ہر

شَیْءٍ قَدِيْرٌ ، وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا

چیز پر قادر ہے، اور یہ بھی کہ اللہ کے علم نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے

(83) يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ، اَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ

اے سدا زندہ! ہستی قائم رکھنے والے! میں تیری رحمت کے ذریعہ فریاد رسی چاہتا ہوں کہ میرے سب

كُلَّهٗ ، وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

معاملات درست فرما، اور پلک جھپکنے کے بقدر بھی مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر

(84) سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ : اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ

الٰہی تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، تو نے ہی مجھے پیدا کیا

وَ اَنَا عَبْدُكَ ، وَ اَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ

میں تیرا بندہ ہوں ، جہاں تک میری طاقت ہے میں تیرے ساتھ کیے عہد اور وعدے پر قائم ہوں

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ

جو گناہ میں نے کیے ان کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، تو نے جو نعمتیں مجھے عطا کی ان کا اقرار کرتا ہوں

وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْلِي ، فَاِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اور اپنے سب گناہوں کو بھی تسلیم کرتا ہوں سو مجھے بخش دے، کیونکہ تیرے سوا گناہوں کو کوئی نہیں بخشتا

(85) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ ، وَ اَحَقُّ مَنْ عُبِدَ،

الٰہی! تو ہی سب سے زیادہ مستحق ہے جسے یاد کیا جائے اور زیادہ حق دار ہے جسکی عبادت کی جائے

وَ اَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ ، وَ اَرْءَفُ مَنْ مَّلَكَ،

اور جن سے مدد مانگی جاتی ہے ان سب سے بڑھ کر مدد کرنے والا اور سب مالکوں سے زیادہ مہربان ہے

وَ اَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ ، وَ اَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى

اور جن سے مانگا جاتا ہے ان سب سے زیادہ سخی اور دینے والوں میں سب سے بڑھا ہوا ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ ، لَا شَرِيْكَ لَكَ ، وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ لَكَ ، كُلُّ شَيْءٍ

الٰہی! تو ہی بادشاہ ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تو یکتا ہے، تیرا کوئی مثل نہیں، تیری ذات کے سوا ہر چیز کو

هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ ، لَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ ، وَلَنْ تُعْصٰى اِلَّا بِعِلْمِكَ

فنا ہے، تیرے حکم کے بغیر تیری اطاعت نہیں کی جاسکتی، اور نہ تیرے علم کے بغیر تیری نافرمانی ہوسکتی ہے

تُطَاعُ فَتَشْكُرُ، وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ، اَقْرَبُ شَهِيْدٍ وَّ اَدْنٰى حَفِيْظٍ

تو اطاعت کی قدر کرتا ہے، نافرمانی پر معاف کرتا ہے، ہر حاضر سے نزدیک تر اور ہر نگہبان سے زیادہ قریب ہے

حُلْتَ دُوْنَ النُّفُوْسِ، وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِيْ، وَ كَتَبْتَ الْاٰثَارَ،

نفوس تیرے تصرف میں ہے، پیشانیاں تیرے قبضے میں ہیں، لوگوں کے سب عمل تو نے لکھ دیے ہیں

وَنَسَخْتَ الْاٰجَالَ، اَلْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ وَّ السِّرُّ عِنْدَكَ

سب کی زندگیاں تو نے لکھ دیں، تیرے لیے قلوب کشادہ ہیں، تیرے سامنے بھید

عَلَانِيَةٌ، اَلْحَلَالُ مَا اَحْلَلْتَ، وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ، وَالدِّيْنُ مَا

کھلے ہیں، حلال وہی ہے جو تو نے حلال کیا، اور حرام وہی ہے جسے تو نے حرام کیا، اور دین وہی ہے جو

شَرَعْتَ، وَالْاَمْرُ مَا قَضَيْتَ، وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ، وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ

تو نے جاری کیا، حکم وہی ہے جو تو نے صادر کیا، مخلوق تیری پیدا کردہ ہے، ہر بندہ تیرا ہی بندہ ہے

وَاَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ، اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ

اور تو ہی اللہ ہے شفقت اور رحمت والا، میں تیرے اس نور ذات کے وسیلے سے مانگتا ہوں جس سے

اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ، وَ بِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ

آسمان و زمین چمک اٹھے، تیرے اُس حق کے وسیلے سے مانگتا ہوں جو تیرا ساری مخلوق پر ہے

وَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ ، اَنْ تُقِيْلَنِيْ فِيْ هٰذِهِ الْغَدَاةِ اَوْ

اور اس حق کے وسیلے سے جو سائلین کیلئے تو نے اپنے اوپر لازم کیا کہ تو مجھے بخش دے اس صبح میں یا

فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ ، وَ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ

اس شام میں، اور یہ کہ تو اپنی قدرت کے سبب مجھے دوزخ کی آگ سے پناہ دے

(86) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ

الٰہی! میں تیری پناہ مانگتا ہوں فکر سے اور غم سے ، الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں

الْعَجْزِ والْكَسَلِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ والْبُخْلِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ

عاجز ہونے اور کاہل ہونے سے ، اور تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور کنجوسی سے ، اور تیری پناہ مانگتا

مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ ، وَ قَهْرِ الرِّجَالِ

ہوں قرض کے دباؤ سے اور لوگوں کے ظلم و ستم سے

(87) لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ ، وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ

الٰہی! میں حاضر ہوں ، پھر حاضر ہوں ، تیری اطاعت کیلئے تیار ہوں ، سب بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے

وَمِنْكَ وَاِلَيْكَ ، اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ ، اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ

اور تیری جانب سے اور تیری ہی طرف ہے ، الٰہی! جو کوئی بات میں نے کہی ، یا کوئی بھی قسم کھائی

اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَّذْرٍ ، فَمَشِيَّتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ، مَا شِئْتَ

یا کوئی منت مانی ، تو تیرا اِرادہ ان سب پر مقدم ہے ، جو تو نے چاہا وہ

كَانَ ، وَ مَا لَمْ تَشَأْ لَا يَكُوْنُ ، وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

ہوگیا، اور جو نہ چاہا وہ نہیں ہوگا، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور عبادت کی قوت تیری ہی توفیق سے ہے

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلٰوةٍ فَعَلٰى

یقینا تو ہر چیز پر قادر ہے، الٰہی! میں نے جو دعا بھی مانگی، تو یہ دعا اس کو لگے جسے تو نے

مَنْ صَلَّيْتَ ، وَمَا لَعَنْتُ مِنْ لَّعْنٍ فَعَلٰى مَنْ لَّعَنْتَ ، اَنْتَ وَلِيّ

دعا کا مستحق سمجھا، اور جو بھی میں نے لعنت کی وہ اسی پر ہو جس پر تو نے لعنت کی، تو ہی میرا کارساز ہے

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ، تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ

دنیا و آخرت میں، مجھے دنیا سے مسلمان اٹھانا اور اپنے نیک بندوں میں شامل فرمالینا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ ، وَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم پر خوشنودی اور موت کے بعد

الْمَوْتِ ، وَ لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ ، وَ شَوْقًا اِلٰى لِقَائِكَ فِيْ غَيْرِ

آرام کی زندگی، اور تیرے روئے انور کے دیدار کی لذت، اور تیری ملاقات کا شوق بغیر کسی تکلیف دہ

ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ ، وَّ لَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ ، وَّ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ

نقصان کے، بغیر کسی گمراہ کرنے والے فتنہ کے، اور تیری پناہ مانگتا ہوں کہ کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی

اُظْلَمَ ، اَوْ اَعْتَدِيَ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَيَّ ، اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْبًا

ظلم کرے، یا کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے، یا ارتکاب کروں ایسی غلطی یا گناہ کا

لَّا تَغْفِرُهٗ ، اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

جسے تو معاف نہ کرے، اے اللہ ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، غائب اور موجود کو

وَالشَّهَادَةِ ، ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ، فَاِنِّيْٓ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ

جاننے والے ، بزرگی اور بخشش والے ، میں تجھ سے عہد کرتا ہوں اس دنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ، وَاُشْهِدُكَ وَ كَفٰى بِكَ شَهِيْدًا ، اَنِّيْٓ اَشْهَدُ اَنْ لَّا

زندگی میں، اور تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیری گواہی کافی ہے، اس پر کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ، لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ

کوئی معبود نہیں، تو ایک ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، ساری بادشاہی اور تمام تعریفیں صرف تیری ہیں

وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، وَّاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

اور تو ہر بات پر قادر ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ ، وَّلِقَائَكَ حَقٌّ ، وَّالسَّاعَةَ اٰتِيَةٌ

اور گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ پورا ہو کر رہے گا اور تجھ سے ملاقات ہونی ہے اور قیامت آ کر رہے گی اس

لَّا رَيْبَ فِيْهَا ، وَاَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ، وَاَنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ

میں ذرا شبہ نہیں، اور یقینا تو قبروں سے مُردوں کو اٹھائے گا، اور کہیں اگر تو نے مجھے خود میری جان کے

اِلٰى نَفْسِيْ ، تَكِلْنِيْ اِلٰى ضَعْفٍ وَّعَوْرَةٍ ، وَّ ذَنْبٍ وَّخَطِيْئَةٍ ، وَّاَنِّيْ

حوالہ کر دیا تو یقینا حوالہ کر دے گا کمزوری ، عیب اور گناہ اور غلطیوں کے ،اور یقینا مجھے تیری

لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ ، فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا ، اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ

رحمت کے علاوہ کسی پر بھروسہ نہیں، سو اب میرے گناہ بخش دے ، کیونکہ گناہ کوئی نہیں

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ، وَ تُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

بخشتا سوائے تیرے، اور میری توبہ قبول فرما ، کیونکہ تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

(88) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ ، وَ اِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ

الٰہی ! میں تجھ سے ایمان میں درستگی کا طالب ہوں ، اور اس ایمان کا جو اچھے اخلاق

خُلُقٍ ، وَنَجَاةً يَتْبَعُهَا فَلَاحٌ ، وَ رَحْمَةً مِنْكَ وَ عَافِيَةً

کے ساتھ ہو، اور ایسی نجات کا جس کے بعد کامیابی ہو، اور تیری طرف سے خاص رحم کا ،عافیت کا

وَ مَغْفِرَةً مِنْكَ وَرِضْوَانًا

معافی کا اور رضا مندی کا طلب گار ہوں

(89) اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ ، وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ

الٰہی! میں تیری بابرکت مہربان ذات اور تیرے پورے کامل کلمات کے وسیلے سے تیری پناہ مانگتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ

ہر اس چیز کی برائی سے جو تیرے قبضہ میں ہے، الٰہی! تاوان سے چھڑانے والا اور گناہ دور کرنے

وَ الْمَأْثَمَ ، اَللّٰهُمَّ لاَ يُهْزَمُ جُنْدُكَ ، وَلاَ يُخْلَفُ وَعْدُكَ ،

والا تو ہی ہے ، اے اللہ ! تیرا لشکر شکست نہیں دیا جاسکتا، اور تیرا وعدہ ہرگز ٹل نہیں سکتا

وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

تیرے سامنے مالدار کو اس کی دولت فائدہ نہیں دے سکتی

(90) سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ ، لاَ شَرِيكَ لَكَ سُبْحَانَكَ

تو اپنی تمام تعریفوں کے ساتھ پاک ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیرا کوئی شریک نہیں، تو بے عیب ہے

اَللّٰهُمَّ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِي ، وَاَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ ، اَللّٰهُمَّ زِدْنِي

الٰہی! میں تجھ سے اپنی گناہوں کی بخشش کا طالب ہوں، تیری رحمت کا طلبگار ہوں، الٰہی مجھے اور زیادہ

عِلْماً ، وَ لاَ تُزِغْ قَلْبِي بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِي ، وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ

علم عطا کر،اور ہدایت کے بعد کہیں میرے دل کو پھیر نہ دینا، مجھے اپنی طرف سے خاص رحمت

رَحْمَةً، اِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ

عطا کر، یقینا تو ہی سب کچھ دینے والا ہے

(91) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي

الٰہی! میرے گناہ بخش دے، میرا گھر میں میرے لیے وسیع کردے اور میرے رزق میں برکت دے

(92) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ

الٰہی! مجھے ان میں سے بنا جو خوب توبہ کرنے والے اور خوب پاک وصاف رہنے والے ہوں

(93) اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الْاَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

اے اللہ ! آسمانوں کے رب ، زمین کے رب ، اور عظمت والے عرش کے رب

رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، وَ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ

ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، اے دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، اور نازل کرنے والے تورات

وَالْاِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ

انجیل اور قرآن شریف کے ، میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز کی برائی سے جو تیرے

بِنَاصِيَتِهٖ ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ ، وَّ اَنْتَ

قبضہ میں ہے ، الٰہی تو ہی سب سے پہلے تھا کہ تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا ، اور تو ہی

الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ ، وَّ اَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ

آخر میں رہے گا کہ تیرے بعد کوئی نہ رہے گا، تو ہی ظاہر ہے کہ تجھ سے اوپر

شَيْءٌ ، وَّ اَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ ، اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ

کچھ نہیں، اور تو ہی باطن ہے کہ تیرے نیچے کچھ نہیں ، تو ہمارا قرض ادا فرمادے

وَاَغْنِنَا عَنِ الْفَقْرِ

اور ہمیں محتاجی سے بے پرواہ کردے

(94) اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ ، وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ

الٰہی! سات آسمانوں اور ان چیزوں کے رب جن پر آسمان سایہ فگن ہیں، زمینوں اور ان چیزوں کے رب

وَمَا اَقَلَّتْ ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ ، كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ

جنہیں زمین نے اٹھا رکھا ہے، شیطانوں کے رب اور انکے جنہیں شیطانوں نے گمراہ کیا، تو میرا محافظ

شَرِّ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ ، اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ ، اَوْ اَنْ يَّطْغٰى

بن جا اپنی تمام مخلوق کے شر سے ، کہ کہیں ان میں سے کوئی مجھ پر ظلم یا سرکشی کرنے لگے

عَزَّ جَارُكَ وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ

تیری حفاظت بہت مضبوط اور تیرا نام بڑا برکت والا ہے

(95) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ

الٰہی! سب تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، تو تھامنے والا ہے آسمانوں وزمین کا اور اُنکا بھی جو اِن میں آباد

فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ

ہیں، سب خوبیاں تیرے ہی لیے ہیں تو مالک ہے آسمانوں وزمین کا اور اُن کا بھی جو اِن میں آباد ہیں

وَ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ

سب تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں، تو نور ہے آسمانوں وزمین کا اور اُنکا بھی جو اِن میں آباد ہیں، سب خوبیاں

الْحَمْدُ، اَنْتَ الْحَقُّ، وَ وَعْدُكَ حَقٌّ، وَّلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَّقَوْلُكَ حَقٌّ

تیرے ہی لیے ہیں، تو برحق ہے، تیرا وعدہ برحق ہے، تجھ سے ملاقات برحق ہے، تیرا فرمان برحق ہے

وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَّالنَّارُ حَقٌّ، وَّالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ، وَّمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

جنت برحق ہے، دوزخ برحق ہے، سب انبیاء برحق ہیں، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حَقٌّ، وَّالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَ بِكَ اٰمَنْتُ

برحق ہیں، اور قیامت برحق ہے، الٰہی! میں نے تیری سامنے اپنی گردن جھکا دی اور تجھ کو دل سے مانا

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ ، وَ بِكَ خَاصَمْتُ ، وَ إِلَيْكَ

تیری ہی ذات پر میں نے بھروسہ کیا، تیری ہی طرف متوجہ ہوا، اور جس سے جھگڑا کیا تیری ہی مدد سے کیا

حَاكَمْتُ، وَأَنْتَ رَبُّنَا، وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ. فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ

تیری ہی طرف فیصلہ لایا، تو ہی ہمارا رب ہے، تیری ہی طرف لوٹنا ہے، سو مجھے بخش دے جو میں نے پہلے کیا

وَمَا أَخَّرْتُ ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ ، وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا

اور جو بعد میں کیا ، جو چھپ کر کیا اور جو کھلم کھلا کیا ، اور جو کچھ بھی قصور کیا ، اور جن کو

أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ ، لَا إِلٰهَ إِلَّا

تو مجھ سے زیادہ جاننے والا ہے، تو ہی آگے بڑھانے والا ہے اور تو ہی پیچھے ہٹانے والا ہے، کوئی معبود نہیں

أَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

تیرے سوا، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور عبادت کی قوت اللہ ہی کی توفیق سے ہے

(96) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ، وَارْحَمْنِيْ ، وَعَافِنِيْ ، وَاهْدِنِيْ ، وَارْزُقْنِيْ

الٰہی ! مجھے بخش دے ، مجھ پر رحم فرما ، مجھے عافیت عطا کر ، مجھے ہدایت نصیب فرما ، مجھے رزق دے

وَاجْبُرْنِيْ، وَارْفَعْنِيْ

میری کمی کو پورا کر دے اور میرے رتبہ کو بلند فرما

﴿97﴾ رَبِّ إِنِّي لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ

بیشک جو خیر بھی تو میری طرف اتارے میں اس کا محتاج ہوں

﴿98﴾ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَ إِسْرَافِيلَ ، فَاطِرَ

اے اللہ ! جبرئیل ، میکائیل اور اسرافیل کے رب ! اے آسمانوں اور زمین کے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ، اَنْتَ تَحْكُمُ

پیدا کرنے والے ، اے غائب اور موجود کو جاننے والے، تو ہی فیصلہ کرے گا اپنے

بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ، اِهْدِنِي لِمَا اخْتُلِفَ

بندوں کے درمیان جن باتوں میں وہ اختلاف کررہے ہیں، اختلافی باتوں میں میری رہنمائی فرما

فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ ، إِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ إِلَى

حق کی طرف اپنے حکم سے ، یقینا تو ہی رہنمائی کرتا ہے جسے تو چاہتا ہے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ

سیدھے راستے کی طرف

الحزب الثانی

یوم الأحد

منزل 2 بروزِ اتوار Sunday

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

① اَللّٰھُمَّ اھۡدِنِیۡ فِیۡمَنۡ ھَدَیۡتَ ، وَعَافِنِیۡ فِیۡمَنۡ عَافَیۡتَ

الٰہی! مجھے ہدایت بخش ان لوگوں کیساتھ جنکو تو نے ہدایت دی، عافیت بخش ان لوگوں کیساتھ جنکو تو نے عافیت دی

وَتَوَلَّنِیۡ فِیۡمَنۡ تَوَلَّیۡتَ ، وَ بَارِكۡ لِیۡ فِیۡمَا اَعۡطَیۡتَ ، وَ قِنِیۡ شَرَّ مَا

مجھ سے محبت کر ان کیساتھ جن سے تو نے محبت کی، جو کچھ تو نے مجھے عطا کیا اسمیں برکت ڈال، ان برائیوں سے بچا

قَضَیۡتَ ، فَاِنَّكَ تَقۡضِیۡ وَلَا یُقۡضٰی عَلَیۡكَ ، اِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنۡ

جو مقدر ہوں، کیونکہ تو ہی فیصلہ کرتا ہے تیرے خلاف کوئی فیصلہ کرنے والا نہیں، جسے تو دوست رکھتا ہے وہ ذلیل

وَّالَیۡتَ ، وَلَا یَعِزُّ مَنۡ عَادَیۡتَ ، تَبَارَكۡتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیۡتَ ،

نہیں ہوسکتا، اور جسکا تو دشمن ہو وہ عزت نہیں پا سکتا، پروردگار! تیری ذات بابرکت اور بلند و برتر ہے

نَسْتَغْفِرُكَ وَ نَتُوْبُ اِلَيْكَ ، وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ

ہم تجھ سے معافی مانگتے ہیں اور تجھ ہی سے توبہ کرتے ہیں، اللہ رحمت نازل فرمائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

② اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

الٰہی! مجھے بخش دے اور سب ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور مسلمان مَردوں اور عورتوں

وَالْمُسْلِمٰتِ ، وَ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ، وَ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ

کو بخش دے، ان کے دلوں میں الفت ومحبت پیدا کر، ان کے آپس کے معاملات درست فرما

وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَ عَدُوِّهِمْ ، اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ

اور اپنے اور ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں ان کی مدد کر، الٰہی! لعنت فرما ان کافروں پر جو

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ، وَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ، وَ يُقَاتِلُوْنَ

لوگوں کو تیری راہ سے روکتے ہیں، تیرے پیغمبروں کو جھٹلاتے ہیں، اور جنگ کرتے ہیں تیرے

اَوْلِيَائَكَ ، اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ ، وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ

دوستوں سے، الٰہی! ان کی باتوں (منصوبوں) میں تو پھوٹ ڈال دے اور ان کے قدم ڈگمگا دے

وَاَنْزِلْ بِهِمْ بَاْسَكَ الَّذِيْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ

اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما جس کو تو مجرموں سے ٹالا (معاف) نہیں کرتا

③ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسۡتَعِيۡنُكَ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، الٰہی! ہم تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں، تجھ سے ہی

وَ نَسۡتَغۡفِرُكَ ، وَ نَسۡتَهۡدِيۡكَ ، وَ نُؤۡمِنُ بِكَ ، وَ نَتُوۡبُ اِلَيۡكَ

مغفرت چاہتے ہیں، تجھ سے ہدایت کے طالب ہیں، تجھ پر ایمان رکھتے ہیں، تیری طرف رجوع کرتے ہیں

وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيۡكَ ، وَ نُثۡنِيۡ عَلَيۡكَ الۡخَيۡرَ كُلَّهٗ ، وَ نَشۡكُرُكَ وَ لَا

تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں، تمام نعمتوں پر تیری تعریف کرتے ہیں، تیرے شکرگزار ہیں اور تیری ناشکری

نَكۡفُرُكَ وَ نَخۡلَعُ وَ نَتۡرُكُ مَنۡ يَّفۡجُرُكَ، اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَلَكَ

نہیں کرتے، ہم بے تعلق ہوتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اسکو جو تیرا نافرمان ہو، الٰہی! ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں

نُصَلِّيۡ، وَ نَسۡجُدُ ، وَ اِلَيۡكَ نَسۡعٰى ، وَ نَحۡفِدُ ، وَ نَرۡجُوۡ رَحۡمَتَكَ

خاص تیرے لیے نماز وسجدہ ادا کرتے ہیں، تیری طرف لپکتے اور دوڑتے ہیں، تیری رحمت کے امیدوار ہیں

وَ نَخۡشٰى عَذَابَكَ، اِنَّ عَذَابَكَ بِالۡكُفَّارِ مُلۡحِقٌ

تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں، کیونکہ تیرا سخت عذاب کافروں کو چمٹ کر رہے گا

④ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَعُوۡذُ بِرِضَاكَ مِنۡ سَخَطِكَ ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنۡ

الٰہی! تیری رضا کی تیرے غصہ سے پناہ مانگتا ہوں ، اور پناہ مانگتا ہوں تیری معافی کی تیرے

عُقُوْبَتِكَ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ، اَنْتَ كَمَا

عذاب سے، تجھ سے تیری ذات ہی کی پناہ لیتا ہوں، میں تیری ثنا کا حق ادا نہیں کرسکتا، تو ایسا ہی ہے

اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

جیسا خود تو نے اپنی تعریف فرمائی

⑤ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَ اِسْرَافِيْلَ، وَ مُحَمَّدٍ

اے اللہ ! اے جبرائیل ، میکائیل ، اسرافیل کے پروردگار، اور سیدنا محمد مصطفی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

صلی اللہ علیہ وسلم کے رب میں تجھ سے دوزخ کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں

⑥ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ، اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزِلَّ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں کہ کسی کو بہکاؤں یا کوئی مجھے بہکائے، یا خود لغزش کھاؤں یا کسی اور کو پھسلاؤں

اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ، اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ

یا میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے، یا کسی کیساتھ جہالت کروں یا کوئی میرے ساتھ جہالت کرے

⑦ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا، وَّ فِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا

الٰہی ! میرے دل میں نور بھردے ، میری آنکھوں اور میرے کانوں میں نور بھردے

وَّعَنۡ يَّمِيۡنِیۡ نُوۡرًا وَّعَنۡ شِمَالِیۡ نُوۡرًا، وَّمِنۡ خَلۡفِیۡ نُوۡرًا، وَّمِنۡ

میرے دائیں اور میرے بائیں کو منور کردے ، میرے پیچھے اور میرے

اَمَامِیۡ نُوۡرًا، وَّاجۡعَلۡ مِنۡ فَوۡقِیۡ نُوۡرًا، وَّمِنۡ تَحۡتِیۡ نُوۡرًا، اَللّٰهُمَّ

آگے نور عطا فرما، میرے اوپر سے میرے نیچے سے (ہر سمت سے) نور ہی نور کردے، اے اللہ!

اَعۡطِنِیۡ نُوۡرًا، وَّاجۡعَلۡ لِیۡ نُوۡرًا، وَّفِیۡ عَصَبِیۡ نُوۡرًا، وَّفِیۡ لَحۡمِیۡ نُوۡرًا

مجھے نور عطا فرما، میرے لیے نور کردے، میرے پٹھوں کو منور کردے، میرے گوشت میں نور بھر دے

وَّفِیۡ دَمِیۡ نُوۡرًا، وَّ فِیۡ شَعۡرِیۡ نُوۡرًا، وَّفِیۡ بَشَرِیۡ نُوۡرًا، وَّفِیۡ لِسَانِیۡ

میرے خون میں ، میرے بالوں میں ، میری کھال میں اور میری زبان میں نور

نُوۡرًا، وَّاجۡعَلۡ فِیۡ نَفۡسِیۡ نُوۡرًا، وَّاَعۡظِمۡ لِیۡ نُوۡرًا، وَّاجۡعَلۡنِیۡ نُوۡرًا

بخش دے ، میرے نفس کو نور سے بھردے ، مجھے نور عظیم عطا کراور مجھے سراپا نور بنادے

⑧ اَللّٰهُمَّ افۡتَحۡ لَنَا اَبۡوَابَ رَحۡمَتِكَ وَ سَهِّلۡ لَّنَا اَبۡوَابَ رِزۡقِكَ

الٰہی! ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے، اور ہمارے لیے رزق کے اسباب آسان فرما

⑨ اَللّٰهُمَّ اعۡصِمۡنِیۡ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ

اے اللہ! مجھے شیطان مردود سے بچالے

⑩ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ، لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا

الٰہی! میری اچھے اخلاق کی طرف رہنمائی کر، کیونکہ اچھے اخلاق کی طرف کوئی رہنمائی نہیں کرسکتا سوائے

اَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ

تیرے، اور برے اخلاق مجھ سے دور کردے، کیونکہ تیرے سوا برے اخلاق کوئی دور نہیں کرسکتا

⑪ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ

الٰہی! میرے اور میری غلطیوں کے درمیان اتنا (لمبا) فاصلہ کردے جتنا کہ مشرق ومغرب

وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

کے درمیان ہے، الٰہی! میری خطاؤں کو دھودے پانی سے برف سے اور اولے سے

وَنَقِّنِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ

اور مجھے سب غلطیوں سے اس طرح صاف ستھرا کر جیسے تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کردیتا ہے

⑫ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ وَمِلْءَ

الٰہی! تیری ہی تعریف ہے آسمان بھر کر، اور زمین بھر کر، اور زمین وآسمان کے درمیان جو فاصلہ ہے

مَا بَيْنَهُمَا، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلُ الثَّنَاءِ

وہ بھر کر، اور اس کے بعد جو چیز بھی تو چاہے وہ بھر کر تیری تعریف، تو ہی تعریف

وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْمَجْدِ، اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ، وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ،

بڑائی اور جلال کا مستحق ہے ،جو جو بندوں نے کہا ، اور ہم سب تیرے ہی بندے ہیں

لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا رَادَّ لِمَا

جوتو عطا کرے پھر اسے کوئی روکنے والا نہیں، جوتو روک لے پھر اسکا دینے والا کوئی نہیں، جوتو فیصلہ کردے

قَضَيْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

پھر اس کا ٹالنے والا کوئی نہیں، تیرے سامنے مالدار کو اس کی دولت فائدہ نہیں دے سکتی

(13) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ، دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ، وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ

الٰہی! میرے سب گناہ بخش دے، جوانمیں چھوٹے ہوں اور جو بڑے ہوں، پہلے ہوں یا بعد میں ہوں

وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ

اور جو کھلے ہوئے ہوں اور جو چھپے ہوئے ہوں

(14) رَبِّ اَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا، وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا

اے رب! میرے نفس کو تقویٰ عطا فرما، اس کو پاکیزہ بنا، تو سب سے بہتر پاک صاف کرنے والا ہے

اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا

توہی اس کا کارساز اور توہی اس کا مالک ہے

⑮ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِیْرًا، وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

اے اللہ ! میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا ، اور گناہ کوئی نہیں بخشتا

اِلَّا اَنْتَ، فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ، وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ

سوائے تیرے، لہذا تو ہی اپنے خاص دربار سے مجھے بخش دے، اور مجھ پر رحم فرما کیونکہ صرف تو ہی

الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے

⑯ اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا

اے اللہ! مجھ سے ہلکا آسان حساب لینا

⑰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَ مَا

الٰہی ! میں تجھ سے ساری خیر وبھلائی مانگتا ہوں جو میں جانتا ہوں اور جو میں

لَمْ اَعْلَمْ، وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَ مَا

نہیں جانتا ، اور میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر برائی سے جو میں جانتا ہوں اور جو میں

لَمْ اَعْلَمْ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَكَ بِهٖ عِبَادُكَ

نہیں جانتا، الٰہی ! جو جو خیر وبھلائی تیرے نیک بندوں نے تجھ سے مانگی ہیں وہ سب میں بھی

الصَّالِحُوْنَ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ

مانگتا ہوں، اور جن جن برائیوں سے تیرے نیک بندوں نے تیری پناہ لی ہے میں بھی ان سب سے تیری

الصَّالِحُوْنَ ، رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

پناہ لیتا ہوں ، پروردگار ! ہمیں دنیا میں عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا، پروردگار! ہم تجھے دل سے مان چکے سو ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

دوزخ کے عذاب سے بچا، پروردگار! تو نے ہم سے جو وعدے اپنے رسولوں کی معرفت کیے وہ عطا فرما اور

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا، یقیناً تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

⑱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

الٰہی ! میں تیری پناہ لیتا ہوں جہنم کے عذاب سے ، میں تیری پناہ لیتا ہوں

عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

قبر کے عذاب سے ، میں تیری پناہ لیتا ہوں دجال کے فتنہ سے

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ

میں تیری پناہ لیتا ہوں زندگی کے فتنوں سے اور موت کے وقت فتنہ سے، میں تیری پناہ لیتا ہوں

الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

گناہ سے اور تاوان کا بوجھ مشقت اٹھانے سے

⑲ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ ، وَشُكْرِكَ ، وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ

الٰہی! میری مدد فرما تجھے یاد کرنے میں، تیرا شکرادا کرنے میں اور اچھی طرح تیری عبادت کرنے میں

⑳ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ ، اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّكَ اَنْتَ الرَّبُّ

الٰہی ! ہمارے رب اور ہر چیز کے رب ، میں گواہ ہوں اس پر کہ بس تو اکیلا

وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ ، اَنَا شَهِيْدٌ

رب ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، الٰہی ! ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، میں گواہ ہوں اس پر کہ

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ ، اَنَا

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں، الٰہی! ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، میں گواہ ہوں

شَهِيْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ اِخْوَةٌ ، اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ

اس پر کہ سب بندے آپس میں بھائی بھائی ہیں ، الٰہی ! ہمارے رب اور ہر چیز کے رب

اجْعَلْنِيْ مُخْلِصًا لَّكَ وَاَهْلِيْ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ

مجھے اپنا مخلص بندہ بنا اور میرے گھر والوں کو بھی دنیا اور آخرت کی ہر ساعت میں

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ. اَللّٰهُ

اے بزرگی اور شرف والے، دعا سن لے اور قبول فرما، اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے، اللہ

نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ. حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ

آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے، اللہ مجھے کافی ہے اور وہ کیا

الْوَكِيْلُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ

خوب کارساز ہے، اللہ کی ذات ہر بڑے سے بڑی ہے

(21) اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ. وَاَصْلِحْ لِيْ

الٰہی! میرا دین سنوار دے، جس میں میرے ہر کام کی حفاظت ہے، اور درست کردے میری

دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ. وَ اَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا

دنیا جس میں میری روزی ہے، اور میری آخرت سنوار دے جہاں مجھے لوٹ کر

مَعَادِيْ. وَاَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّيْ. وَتَوَفَّنِيْ اِذَا كَانَتِ

جانا ہے، مجھے زندہ رکھ جب تک میرے لیے زندگی اچھی ہو، اور مجھے دنیا سے اٹھا لینا جب میرے

الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ، وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ، وَّاجْعَلِ

لیے موت بہتر ہو ، اور زندگی کو میرے لیے ہر خیر و بھلائی میں ترقی کا سبب بنا

الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

اور موت کو میرے لیے ہر برائی اور شر سے راحت کا سبب بنا

(22) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا، وَّعِلْمًا نَّافِعًا، وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں، حلال پاکیزہ رزق، نفع دینے والا علم اور وہ عمل جو تیرے ہاں مقبول ہو

(23) اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ، فَهَنِّئْنَا، وَرَزَقْتَنَا فَاَكْثَرْتَ

الٰہی! تونے ہمیں شکم سیر کیا اور سیراب کیا، سو اسے ہمارے لیے خوشگوار بنا، تونے ہمیں رزق دیا اور بہت

وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا

دیا اور پاکیزہ دیا پس ہمیں اور زیادہ عطا فرما

(24) اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَاخْلُفْ عَلٰى

الٰہی! جو تو نے مجھے دیا اس پر قناعت بھی عطا کر، اور میرے لیے اس میں برکت ڈال، اور جو میرے

كُلِّ غَائِبَةٍ لِّيْ بِخَيْرٍ

پاس نہیں اس کا بہترین نعم البدل عطا فرما

﴿25﴾ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ ، اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

پروردگار! بخش دے اور رحم فرما، تو ہی سب سے بڑھ کر غلبہ اور بزرگی والا ہے

﴿26﴾ اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ، وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ، وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

الٰہی! میرا سینہ کھول دے ، میرا کام میرے لیے آسان کردے ، میں تیری پناہ مانگتا ہوں

وَّسَاوِسِ الصَّدْرِ ، وَ شَتَاتِ الْاَمْرِ ، وَ فِتْنَةِ الْقَبْرِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

دل کے وسوسوں سے ، معاملات کی پریشانی سے اور قبر کے فتنہ سے ، الٰہی! میں تیری پناہ

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي اللَّيْلِ ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَلِجُ فِي النَّهَارِ

مانگتا ہوں ہر اس شر کی برائی سے جو رات میں آئے ، ہر اس شر کی برائی سے جو دن میں آئے

وَمِنْ شَرِّ مَا تَهُبُّ بِهِ الرِّيَاحُ

اور ہر اس شر سے جسے ہوائیں لے کر اڑاتی ہوں

﴿27﴾ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِالْهُدٰى ، وَ نَقِّنِيْ بِالتَّقْوٰى ، وَاغْفِرْلِيْ فِي

الٰہی ! مجھے راہ راست پر چلا، اور تقوی کے ذریعے صاف ستھرا کردے ، اور دنیا

الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

وآخرت میں مجھے بخش دے

(28) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ، وَّرِزْقًا وَّاسِعًا، وَّشِفَاءً

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں نفع دینے والا علم ، کشادہ اور برکت والا رزق اور ہر بیماری

مِّنْ كُلِّ دَاءٍ

سے مکمل شفا

(29) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَضُدِيْ وَنَصِيْرِيْ ، بِكَ اَحُوْلُ، وَبِكَ اَصُوْلُ

الٰہی! تو ہی میرا قوت بازو اور مددگار ہے، تیری ہی مدد سے (باطل کے خلاف) منصوبہ بناتا اور حملہ کرتا ہوں

وَبِكَ اُقَاتِلُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

تیری ہی مدد سے لڑتا ہوں، بھلائی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے بچنے کی قوت سوائے تیری مدد کے

(30) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ . لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَّ ، وَلَا بَاسِطَ

الٰہی! ساری تعریف تیری ہے، جسے تو کشادگی دے اسکو تنگی دینے والا کوئی نہیں، جسے تو تنگی دے اسکو کشادگی

لِمَا قَبَضْتَ، وَلَا هَادِيَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ، وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ

دینے والا کوئی نہیں، جسے تو گمراہ کرے تو کوئی رہنما نہیں، جسے تو ہدایت دے تو گمراہ کرنے والا کوئی نہیں

وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا

جو تو نہ دے تو کوئی دینے والا نہیں، جو تو عطا کرے تو کوئی روکنے والا نہیں، جسے تو دور کر دے تو کوئی قریب

بَاعَدْتَّ، وَ لَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ . اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ

کرنے والانہیں، جسے تو دور کردے تو کوئی قریب کرنے والانہیں، الٰہی! ہم پر اپنی برکتیں، رحمتیں، اپنا

بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

فضل اور اپنا رزق خوب کشادہ فرما ، اے اللہ ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ہمیشہ

النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

رہنے والی نعمتیں جو کبھی نہ واپس لیں جائیں اور نہ انکو زوال ہو، الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں

الْاَمْنَ يَوْمَ الْخَوْفِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَائِذٌ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَعْطَيْتَنَا

خوف کے دن امن ، الٰہی ! جو تو نے ہمیں عطا کیا میں اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں

وَمِنْ شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا، اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْاِيْمَانَ، وَزَيِّنْهُ فِيْ

اور جو ہمیں نہیں دیا اسکے شر سے بھی، الٰہی! ہمارے لیے ایمان کو محبوب بنا، اور اسے ہمارے دلوں میں

قُلُوْبِنَا، وَ كَرِّهْ اِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ، وَاجْعَلْنَا

مزین کر، اور نفرت ڈال ہمارے دلوں میں کفر کی، گناہ کی، اور نافرمانی کی، اور ہمیں نیک راہ پر چلنے

مِنَ الرَّاشِدِيْنَ، اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ، وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ

والوں میں سے بنا، الٰہی! ہمیں دنیا سے (حالت) اسلام پر اٹھا اور نیک بندوں کے ساتھ ملا دے

غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ

کہ نہ رسوا ہوں اور نہ فتنہ زدہ

اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ، وَيَصُدُّوْنَ عَنْ

الٰہی! تو ان کافروں سے جنگ کر جو تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں، تیرے راستے سے لوگوں کو

سَبِيْلِكَ، وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ، اِلٰهَ الْحَقِّ، اٰمِيْنَ

روکتے ہیں، ان کو اپنی جانب سے سختی اور عذاب میں گرفتار کر، اے معبود برحق! یہ دعا قبول فرما

(31) اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتٰبِ، وَمُجْرِيَ السَّحَابِ، وَهَازِمَ

اے اللہ! کتاب کو اتارنے والے، بادلوں کو چلانے والے اور دشمن کے لشکروں کو

الْاَحْزَابِ، اهْزِمْهُمْ، وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ

شکست دینے والے! تو کافروں کو شکست دے اور ہمیں ان پر غلبہ عطا فرما

(32) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

الٰہی! ہم ان کے مقابلے میں بس تیری ذات کو کرتے ہیں اور تیری پناہ لیتے ہیں ان کے مکر اور شر سے

(33) اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا، فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

الٰہی! صرف تیری رحمت کی امید رکھتا ہوں سو تو مجھے پلک جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کر

وَّاَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور میرے سب کام درست فرما، کوئی معبود نہیں تیرے سوا

(34) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اے زندہ! قائم رکھنے والے! میں تیری رحمت کے ذریعہ فریاد رسی چاہتا ہوں

(35) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ، وَابْنُ عَبْدِكَ، وَابْنُ اَمَتِكَ، نَاصِیَتِیْ

الٰہی! میں تیرا بندہ ہوں، تیرے بندے کا بیٹا ہوں، تیری باندی کی اولاد ہوں، میری پیشانی تیرے قبضہ

بِیَدِكَ، مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ، اَسْئَلُكَ بِكُلِّ

میں ہے، تیرا حکم میرے حق میں نافذ ہے، تیرا فیصلہ میرے حق میں عین انصاف ہے، تجھ سے تیرے ہر

اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ، اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ، اَوْ عَلَّمْتَهٗ

اس نام کے وسیلے سے مانگتا ہوں جو تونے اپنے لیے مقرر کیا ہو، یا اسکو اپنی کتاب میں اتارا ہو، یا اپنی

اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ، اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ

مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہو، یا اس کو علم غیب میں اپنے پاس پوشیدہ رکھا ہو

اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ، وَنُوْرَ بَصَرِیْ، وَجَلَاءَ

کہ تو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار، میری آنکھ کا نور، میرے غم کا

حُزْنِيْ، وَذَهَابَ هَمِّيْ

دور کرنے والا اور میری فکر کے ازالہ کا سبب بنادے

(36) اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا ، وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ

اے اللہ ! آسان بس وہی ہے جسے تو آسان بنادے ، اورجب تو چاہتا ہے

سَهْلًا اِذَا شِئْتَ

تو مشکل کو آسان بنادیتا ہے

(37) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو بردبار اور مہربان ہے، پاک ذات ہے اللہ جو عظیم عرش کا رب ہے

الْعَظِيْمِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ

تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنہار ہے، میں تجھ سے تیری رحمت کے تمام اسباب مانگتا ہوں

رَحْمَتِكَ ، وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ ، وَ الْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ

اور وہ تمام وسائل کہ تیری طرف سے یقینی مغفرت ہوجائے اور ہر گناہ سے حفاظت

وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ ، وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ، لَّا تَدَعْ لِيْ

ہر نیکی میں سے حصہ اور ہر گناہ سے سلامتی مانگتا ہوں ، میرا کوئی گناہ باقی نہ چھوڑ

ذَنۡبًا اِلَّا غَفَرۡتَهٗ ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجۡتَهٗ ، وَلَا كَرۡبًا اِلَّا نَفَّسۡتَهٗ

جس کوتو بخش نہ دے، اور نہ کوئی فکر جس سے تو رہائی نہ دے، اور نہ کوئی کلفت جس کو تو دور نہ کر دے

وَلَا ضُرًّا اِلَّا كَشَفۡتَهٗ ، وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا قَضَيۡتَهَا

اور نہ کوئی تکلیف جسکا تو ازالہ نہ کر دے، اور نہ کوئی ایسی حاجت جو تیری رضا کا سبب ہو جسے تو پورا نہ کر دے

يَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِيۡنَ

اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

① اَللّٰھُمَّ ارۡحَمۡنِیۡ بِتَرۡكِ الۡمَعَاصِیۡ اَبَدًا مَّا اَبۡقَیۡتَنِیۡ وَ ارۡحَمۡنِیۡ

الٰہی! مجھ پر رحم فرما کہ جب تک تو مجھے زندہ رکھے ہمیشہ کیلئے گناہ چھوٹ جائیں، مجھ پر رحم فرما کہ

اَنۡ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعۡنِیۡنِیۡ، وَارۡزُقۡنِیۡ حُسۡنَ النَّظَرِ فِیۡمَا یُرۡضِیۡكَ

کہ فضول کاموں میں نہ پڑوں، مجھے ان چیزوں (اعمال) کی فکر نصیب کر جو تجھے خوش رکھیں

عَنِّیۡ، اَللّٰھُمَّ بَدِیۡعَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ

مجھ سے، الٰہی! آسمانوں اور زمین کے بنانے والے! بزرگی اور بخشش والے! اور ایسی

وَالۡعِزَّةِ الَّتِیۡ لَا تُرَامُ، اَسۡئَلُكَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوۡرِ

عزت والے جس تک پہنچا نہیں جا سکتا، میں تجھ سے مانگتا ہوں، یا اللہ! یا رحمٰن! تیری بزرگی اور تیرے

وَجْهِكَ ، اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ، وَارْزُقْنِيْ

روئے انور کا واسطہ دیکر کہ میرے دل میں حفظ قرآن ایسے جما دے جیسا کہ تو نے مجھے یاد کرایا، مجھے توفیق

اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ ، اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ

دے کہ میں اسکی تلاوت اس طرح کرتا رہوں جو تجھے راضی کر دے مجھ سے، الٰہی ! آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا

زمین کے بنانے والے! بزرگی اور بخشش والے! اور ایسی عزت والے جس کے حصول کا قصد نہیں کیا

تُرَامُ ، اَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ ، اَنْ تُنَوِّرَ

جاسکتا، تجھ سے مانگتا ہوں یا اللہ! یا رحمن! تیری بزرگی اور تیرے روئے انور کا واسطہ دیکر کہ قرآن سے میری

بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ ، وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ ، وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ

آنکھیں منور کر دے، اسکو میری زبان پر جاری کر دے، اسکی برکت سے میرے دل سے غم دور کر دے

قَلْبِيْ، وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ، وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ بَدَنِيْ، فَاِنَّهٗ لَا

اور اپنی کتاب سے میرا سینہ کھول دے، میرے بدن کو اس پر عمل کرنے والا بنا، کیونکہ حق پر میری کوئی

يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ ، وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا

مدد نہیں کر سکتا سوائے تیرے، اور نہ اسکو تیرے سوا کوئی اور دے گا، برائی سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ کی مدد کے جو بہت بلند اور عظمت والا ہے

② اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ الْمَعَاصِيْ لَا اَرْجِعُ اِلَيْهَا اَبَدًا

الٰہی ! میں تیرے حضور اپنے تمام گناہوں سے توبہ کرتا ہوں اب کبھی گناہوں کی طرف نہ جاؤنگا

③ اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ، وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِيْ

الٰہی ! تیری بخشش میرے گناہوں سے وسیع تر ہےاور تیری رحمت سے مجھے بہت زیادہ توقع ہے

مِنْ عَمَلِيْ

بہ نسبت اپنے عمل کے

④ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

اے اللہ! تو بڑی بخشش کرنے والا ہےتو معاف کرنا پسند کرتا ہےلہذا ہم سب کو معاف کردے

⑤ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ ، وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ

الٰہی ! مجھے حلال روزی اتنی دے کہ حرام سے بچ جاؤں اور اپنے خاص فضل سے مجھے اپنے ماسوا

عَمَّنْ سِوَاكَ

سب سے بے نیاز کردے

⑥ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ ، كَاشِفَ الْغَمِّ ، مُجِيبَ دَعْوَةِ

اے اللہ ! پریشانی فکر کے دور کرنے والے ،غم کو زائل کرنے والے ، مجبور کی پکار سننے قبول

الْمُضْطَرِّينَ ، رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَ رَحِيمَهُمَا ، أَنْتَ

کرنے والے، اے دنیا و آخرت میں سب سے بڑے مہربان اور رحم کھانے والے! بس تو ہی مجھ پر

تَرْحَمُنِي، فَارْحَمْنِي بِرَحْمَةٍ تُغْنِينِي بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

رحم کرے گا، مجھ پر ایسی خاص رحمت نازل فرما جو مجھے دوسروں کی مہربانی سے بے نیاز کردے

⑦ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

اے اللہ ! آسمانوں اور زمین کے پروردگار ، غائب اور موجود کے جاننے والے

اِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا، اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ

میں اس دنیا کی زندگی میں تجھ سے اس بات کا عہد کرتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی

اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

معبود نہیں، تو ایک ہے تیرا کوئی شریک نہیں ، اور یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں

فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ ، فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ

مجھے میرے نفس کے حوالہ نہ کر، کیونکہ اگر تو مجھے میرے نفس کے حوالے کردیگا تو یقینا نتیجہ یہ ہوگا کہ

مِنَ الشَّرِّ وَ تُبَاعِدُنِيْ مِنَ الْخَيْرِ ، وَ اَنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ

تو برائی سے مجھے قریب کردیگا، اور بھلائی سے دور کریگا ،بس تیری ہی رحمت پر بھروسہ ہے

فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ، اِنَّكَ لَا

اس لیےتو مجھ سے (بخشش ورحمت کا) عہد فرما جس کو تو قیامت کے دن پورا کرنا ، یقینا تو

تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

وعدہ خلافی نہیں کرتا

⑧ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

میں گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اللہ سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ حی وقیوم ہے اور اسکے حضور توبہ کرتا ہوں

⑨ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَ تُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

پروردگار! مجھے بخش دے، میری توبہ قبول کر، کیونکہ تو سب سے بڑھ کر توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے

⑩ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ ، وَالْجُبْنِ

اے اللہ ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں عجز وبے بسی سے ،سستی اور کاہلی سے ، بزدلی اور

وَالْهَرَمِ ، وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

سخت بڑھاپے سے، تاوان کے بوجھ اور گناہ سے ، الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں

عَذَابِ النَّارِ ، وَفِتْنَةِ النَّارِ ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ ،

دوزخ کے عذاب سے ، دوزخ کی آزمائش سے ، قبر کی آزمائش سے ، قبر کے عذاب سے

وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ

مالداری کے فتنہ کے شر سے اور فقر کے فتنہ کے شر سے

⑪ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ ، وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ

میں تیری پناہ مانگتا ہوں سنگ دلی سے اور غفلت سے ، ضرورت مند ہونے سے اور ذلت و

وَالْمَسْكَنَةِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ ، وَالْفُسُوْقِ

خواری سے ، میں تیری پناہ مانگتا ہوں فقر سے اور کفر سے ، نافرمانی سے اور

وَالشِّقَاقِ ، وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الصَّمَمِ

ہٹ دھرمی سے ، شہرت اور دکھاوے سے ، میں تیری پناہ مانگتا ہوں بہرے

وَالْبَكَمِ ، وَالْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ ، وَالْجُذَامِ وَسَيِّءِ الْاَسْقَامِ

اور گونگے ہونے سے ، برص اور پاگل پن سے ، جذام (کوڑھ) اور بقیہ تمام بری بیماریوں سے

⑫ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ بِعِزَّتِكَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِيْ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری عزت کا واسطہ دیکر ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، اس بات سے کہ تو مجھے

اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ، وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ یَمُوْتُوْنَ

گمراہ کردے، تو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے کبھی فنا نہیں ہوگا اور جنات و انسان سب مر جائیں گے

⑬ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ ، وَدَرْكِ الشَّقَاءِ

الٰہی ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں مصیبت و آزمائش کی سختی سے ، بدبختی کی پکڑ سے

وَسُوْءِ الْقَضَاءِ ، وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ

بدقسمتی اور برے فیصلوں سے اور دشمنوں کی ہنسی اڑانے سے

⑭ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ ، وَ مِنْ شَرِّ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ان چیزوں کی برائی سے جنہیں میں جانتا ہوں اور ان کی برائی سے بھی

مَا لَمْ اَعْلَمْ

جنہیں میں نہیں جانتا

⑮ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ ، وَ مِنْ شَرِّ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس عمل کے برے نتیجے سے جو میں نے کیا اور اس عمل کی برائی سے

مَا لَمْ اَعْمَلْ

بھی جو میں نے نہیں کیا

⑯ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ، وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری نعمتوں کے زوال سے ، تیری عافیت کے پھر جانے سے

وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ، وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ

تیرے نا گہانی عذاب سے (کہ توبہ کی توفیق نہ ملے) اور تیری تمام ناراضگی کے اسباب سے

⑰ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ، وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ

الٰہی !میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے کانوں کی برائی سے ، اپنی آنکھوں کے شر سے ، اپنی

شَرِّ لِسَانِیْ ، وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ ، وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّیْ

زبان کے شر سے، اور اپنے دل کی برائی سے، اور اپنی منی کے شر سے

⑱ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدْمِ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں دب کر مرنے سے ، تیری پناہ مانگتا ہوں گر کر مرنے سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں ڈوب کر، جل کر مرنے سے اور سخت بڑھاپے سے، تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات

يَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ

سے کہ مرتے وقت شیطان مجھے مخبوط الحواس بنادے، تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تیری راہ میں

سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا، وَّاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا

پیٹھ موڑ کر مروں، تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ زہریلے جانوروں کے کاٹنے سے مروں

⑲ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ، برے اخلاق سے ، برے اعمال سے

وَالْاَهْوَاءِ وَالْاَدْوَاءِ

نفسانی خواہشات سے اور تمام بیماریوں سے

⑳ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ

اے اللہ ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ تمام خیر اور بھلائی جو تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ

نے تجھ سے مانگی ہیں ، اور میں تیری پناہ لیتا ہوں ان تمام شر اور برائیوں سے جن سے

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ

تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیری پناہ لی ہے، صرف تو ہی ہے جس سے مدد مانگی جائے، تیرا کام حق پہنچا

الْبَلَاغُ ، وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دینا ہے، برائی سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ کی مدد کے جو بہت بلند و برتر ہے

㉑ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ جَارِ السُّوۡءِ فِیۡ دَارِ الۡمُقَامَةِ، فَاِنَّ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے پڑوس سے اپنے سکونت کے گھر میں، کیونکہ

جَارَ الۡبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ، وَمِنَ الۡجُوۡعِ، فَاِنَّهٗ بِئۡسَ الضَّجِيۡعُ وَمِنَ

جنگل کا پڑوسی تو چلا جاتا ہے، اور بھوک کی شدت سے کیونکہ وہ بری رفیق ہے اور

الۡخِيَانَةِ، فَاِنَّهَا بِئۡسَتِ الۡبِطَانَةُ

خیانت سے کیونکہ وہ انسان کے باطن کی بری خصلت ہے

㉒ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ عِلۡمٍ لَّا يَنۡفَعُ، وَقَلۡبٍ لَّا يَخۡشَعُ

الٰہی ! میں تیری پناہ لیتا ہوں ایسے علم سے جو نفع نہ دے، ایسے دل سے جس میں خشوع عاجزی نہ ہو

وَدُعَاءٍ لَّا يُسۡمَعُ، وَنَفۡسٍ لَّا تَشۡبَعُ، وَمِنۡ هٰٓؤُلَاءِ الۡاَرۡبَعِ

ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو، ایسے نفس سے جسکی نیت نہ بھرے، غرض ان چاروں سے

㉓ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ نَرۡجِعَ عَلٰٓى اَعۡقَابِنَا، اَوۡ نُفۡتَنَ

الٰہی ! ہم تیری پناہ لیتے ہیں اس بات سے کہ ہم پھر (گمراہی کی طرف) واپس پلٹیں، یا ہم اپنے دین کے

عَنۡ دِيۡنِنَا

بارے میں فتنہ میں ڈالے جائیں

(24) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ یَّوۡمِ السُّوۡءِ ، وَمِنۡ لَّیۡلَةِ السُّوۡءِ

الٰہی ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں برے دن سے ، بری رات سے

وَمِنۡ سَاعَةِ السُّوۡءِ ، وَمِنۡ صَاحِبِ السُّوۡءِ ، وَمِنۡ جَارِ السُّوۡءِ

ہر بری گھڑی سے ، ہر برے ساتھی سے ، اور ہر برے پڑوسی سے

فِیۡ دَارِ الۡمُقَامَةِ

اپنے رہنے کے گھر میں

(25) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوۡءِ الۡاَخۡلَاقِ

الٰہی ! میں تیری پناہ لیتا ہوں ضد سے ، نفاق سے ، اور تمام برے اخلاق سے

(26) اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ جِدِّیۡ وَ ھَزۡلِیۡ وَ خَطَأِیۡ وَ عَمۡدِیۡ

الٰہی ! میرے سب گناہ بخش دے ، ارادتاً کیے ہوں یا مذاق میں ، جان بوجھ کر کیے ہوں یا بھول چوک کر

وَ کُلُّ ذٰلِكَ عِنۡدِیۡ

سب ہی قسم کے گناہ میری گردن پر ہیں

(27) اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الۡقُلُوۡبِ ، صَرِّفۡ قُلُوۡبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ

اے اللہ ! اے دلوں کے پھیرنے والے ! ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے

(28) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی

الٰہی! میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاکیزگی، اور تیرے ماسوا سے بے نیازی کا طالب ہوں

(29) رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ، وَامْكُرْ

پروردگار! میری مدد کر، میرے خلاف مدد نہ کر، مجھے کامیاب کر میرے مخالف کو مجھ پر کامیاب نہ کر، میرے لیے

لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ، وَاهْدِنِیْ الْهُدٰی وَیَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ، وَانْصُرْنِیْ

تدبیر کر، میرے مخالف کیلئے تدبیر نہ کر، مجھے ہدایت دے اور میرے لیے ہدایت کا رستہ آسان کر، مجھے غلبہ

عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ، رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا

دے اس پر جو مجھ پر زیادتی کرے، پروردگار! بنا مجھے اپنا بہت یاد کرنے والا تجھے، تیرا بڑا شکر گذار، تجھ سے بہت

لَّكَ مِطْوَاعًا لَّكَ مُخْبِتًا اِلَیْكَ اَوَّاهًا مُّنِیْبًا ، رَبِّ تَقَبَّلْ

ڈرنے والا، تیرا بہت فرمانبردار، تیری طرف جھکنے والا آہ وزاری کیساتھ متوجہ ہونے والا، پروردگار! میری

تَوْبَتِیْ، وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ، وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ، وَسَدِّدْ

توبہ قبول فرما، میرے گناہ دھودے، میری دعا قبول کر، میری حجت مضبوط کر، میری زبان کو

لِسَانِیْ، وَاهْدِ قَلْبِیْ، وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ

درست کر، میرے دل کو ہدایت عطا کر اور میرے دل کے کینہ کو نکال دے

(30) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا، وَارْحَمْنَا، وَارْضَ عَنَّا، وَتَقَبَّلْ مِنَّا

الٰہی ! ہماری بخشش فرما ، ہم پر رحم کر ، ہم سے راضی ہوجا ، ہمارے اعمال قبول کرلے

وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ ، وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ، وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا كُلَّهٗ

ہمیں جنت میں داخل کردے اور ہمیں دوزخ سے بچا ، اور ہماری ساری حالتیں درست فرما

(31) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ، وَاَسْئَلُكَ عَزِيْمَةَ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں خیر کے ہر کام میں مضبوطی،اور تجھ سے مانگتا ہوں نیکی پر پختہ

الرُّشْدِ، وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَاَسْئَلُكَ

ارادہ، تجھ سے مانگتا ہوں تیری نعمت پر شکر گذاری، تیری عبادت کی ادائیگی میں خوبی،اور تجھ سے مانگتا

لِسَانًا صَادِقًا ، وَّقَلْبًا سَلِيْمًا، وَّ خُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا، وَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

ہوں سچی زبان ، پاکیزہ دل ، درست اخلاق وعادت، تیری پناہ لیتا ہوں ان باتوں کے شر سے جنہیں

شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا

تو جانتا ہے،اور تجھ سے مانگتا ہوں ان باتوں کی بھلائی جنہیں تو جانتا ہے،اور بخشش طلب کرتا ہوں ان

تَعْلَمُ، اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

ان گناہوں کی جنہیں تو جانتا ہے، یقینا تو پوشیدہ باتوں کا پورا پورا جاننے والا ہے

﴿32﴾ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا، وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا

الٰہی! ہمارے دلوں میں محبت پیدا فرما، ہمارے باہمی تعلقات کی اصلاح فرما، ہمیں سلامتی کا

سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا

راستہ دکھا، ہمیں تاریکیوں سے نجات دے کر روشنی کی طرف نکال، ہمیں بچا

الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْٓ اَسْمَاعِنَا

بے حیائی سے خواہ وہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ، اور برکت عطا فرما ہماری سماعت میں

وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، اِنَّكَ

ہماری بینائی میں ہمارے دلوں میں ہمارے بیوی اور بچوں میں، ہماری توبہ قبول کر، کیونکہ تو ہی سب

اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ، مُثْنِيْنَ

سے بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے، اور ہمیں بنا اپنی نعمتوں کا شکر گذار، اور ان پر تعریف کرنے والا

بِهَا، قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا

اور اس کا قبول کرنے والا بنا اور ہم پر اپنی نعمت کامل فرما

﴿33﴾ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

الٰہی! تو ہمیں نصیب فرما اپنا اتنا خوف جس کی وجہ سے تو ہمارے اور اپنی نافرمانیوں کے درمیان آڑ

مَعَاصِيكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ

بن جائے، اور اپنی اتنی اطاعت عطا فرما جس سے تو ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دے، اور وہ یقین دے جسکی

مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصائِبَ الدُّنْيَا ، وَمَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا

وجہ سے تو ہم پر دنیا کی تکالیف کو آسان کر دے، اور ہمیں فائدہ اٹھانے کا موقع عطا کر ہماری سماعت سے

وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ

ہماری بینائی اور ہماری قوت سے جب تک تو ہمیں زندہ رکھے، ان کو ہمارا وارث بنا، اور ہم پر ظلم کرنے

ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا ، وَلَا تَجْعَلْ

والوں سے ہمارا انتقام لے، ہماری مدد فرما انکے مقابلے میں جو ہم سے دشمنی رکھیں، اور نہ بنا ہماری

مُصِيبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا ، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ

مصیبت ہمارے دین میں، اور نہ بنا دنیا کو ہمارا بڑا مقصد ، اور نہ بنا دنیا کو ہمارے علم کی

عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا

انتہائے پرواز، اور جو ہم پر رحم نہ کھائے اس کو ہم پر مسلط نہ فرما

(34) اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا، وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا، وَأَعْطِنَا وَلَا

الٰہی ! ہمیں بہت ترقی دے اور کم نہ کر، ہمیں عزت دے اور رُسوا نہ کر، ہم کو عطا فرما اور ہمیں محروم

تَحۡرِمۡنَا، وَاٰثِرۡنَا وَلَا تُؤۡثِرۡ عَلَيۡنَا، وَاَرۡضِنَا عَنۡكَ وَارۡضَ عَنَّا

نہ رکھ، ہمیں ترجیح دے ہم پر اوروں کو ترجیح نہ دے، ہمیں اپنے سے راضی کر دے اور تو ہم سے راضی ہو جا

(35) اَللّٰهُمَّ اَلۡهِمۡنِيۡ رُشۡدِيۡ وَاَعِذۡنِيۡ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِيۡ

الٰہی! میری بھلائی میرے دل میں ڈال دے اور مجھے میرے نفس کے شر سے بچا

(36) اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡئَلُكَ فِعۡلَ الۡخَيۡرَاتِ، وَتَرۡكَ الۡمُنۡكَرَاتِ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں نیک کاموں کا کرنا اور برے کاموں کا چھوڑ دینا

وَحُبَّ الۡمَسَاكِيۡنِ، وَاَنۡ تَغۡفِرَلِيۡ وَتَرۡحَمَنِيۡ، وَاِذَا اَرَدۡتَّ بِقَوۡمٍ

اور مسکینوں کی محبت اور یہ بھی کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما، اور جب تو کسی قوم کو فتنہ میں ڈالنا

فِتۡنَةً فَتَوَفَّنِيۡ غَيۡرَ مَفۡتُوۡنٍ

چاہے تو مجھے فتنہ میں مبتلا کیے بغیر دنیا سے اٹھا لے

(37) اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡئَلُكَ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنۡ يُّحِبُّكَ، وَالۡعَمَلَ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری محبت، اور اسکی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہو، اور وہ اعمال جو مجھے

الَّذِيۡ يُبَلِّغُنِيۡ حُبَّكَ، اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنۡ نَّفۡسِيۡ

تیری محبت نصیب کریں، الٰہی ! میرے دل میں تو اپنی محبت میری اپنے نفس سے، اپنے گھر والوں

وَاَهْلِیْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ

کی اور ٹھنڈے پانی کی محبت سے بھی زیادہ محبوب بنادے

(38) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ ، وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ

الٰہی ! مجھے اپنی محبت عطا فرما، اوراس کی محبت بھی جس کی محبت تیرے ہاں مجھے فائدہ بخشے

اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا اُحِبُّ ، فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ

الٰہی! جوتو نے مجھے میری پسندیدہ چیزیں دیں پس انکو میرے لیے سبب قوت بنا اپنے پسندیدہ کاموں میں

اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِمَّا اُحِبُّ ، فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ

الٰہی! جو میری پسندیدہ چیزیں تو نے روک لیں سوان کو اپنے پسندیدہ کاموں کیلئے میری فراغت کا سبب بنا

(39) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ

اے دلوں کے پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ

(40) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ ، وَنَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسا ایمان جو کبھی نہ چھوٹے ، اور ایسی نعمتیں جو کبھی ختم نہ ہوں

وَمُرَافَقَةَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَعْلٰی دَرَجَةِ

اوراپنے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت چاہتا ہوں جنت کے سب سے اونچے درجے میں جو

الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ

ہمیشہ رہنے کی جنت ہے یعنی جنت الخلد

(41) اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَزِدْنِيْ عِلْمًا

الٰہی! جو تو نے مجھے سکھایا اسے میرے لیے نافع بنا اور مجھے وہی سکھا جو مجھے نفع دے اور میرے علم میں ترقی بخش

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ ، وَّ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ

اللہ ہی کی تعریفیں ہیں ہر حال میں ، اور میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں دوزخیوں کے حال سے

(42) اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ ، اَحْيِنِيْ مَا

الٰہی! اپنے علم غیب اور مخلوق پر اپنی قدرت کے وسیلے سے مجھے اسوقت تک زندہ رکھنا جب تک تو میری

عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ ، وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ

زندگی میرے لیے بہتر جانے ، اور مجھے وفات دینا اس وقت جب میرے لیے مرنا تو بہتر جانے

وَاَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ، وَكَلِمَةَ الْحَقِّ فِيْ

اور میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرا خوف غائب اور حاضر ہر حال میں ، اور حق کی بات خوشی میں بھی اور

الرِّضَا وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى

غصہ میں بھی ، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں میانہ روی تنگ دستی میں بھی اور دولت مندی میں بھی

وَ اَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ ، وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ ، وَاَسْئَلُكَ

اور تجھ سے مانگتا ہوں وہ نعمتیں جو ختم نہ ہوں، اور آنکھوں کی ٹھنڈک جو کبھی زائل نہ ہو، اور تجھ سے مانگتا ہوں

الرِّضَا بِالْقَضَاءِ ، وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ ، وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى

تیرے حکم پر خوش رہنا ، اور مرنے کے بعد عیش کی زندگی، اور تیرے روئے انور کے دیدار کی

وَجْهِكَ ، وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَائِكَ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ

لذت، اور تیری ملاقات کا شوق، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسی مصیبت سے جو نقصان پہنچانے والی ہو

وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ ، اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا

اور ایسے فتنہ سے جو گمراہ کرے ، الٰہی ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزین فرما، اور بنادے ہمیں

هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ

راہ راست دکھانے والا اور راہ راست پر چلنے والا

(43) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ ، مَا

الٰہی ! میں تجھ ہر بھلائی مانگتا ہوں جو جلدی ملنے والی ہو اور جو دیر سے ملنے والی ہو ، جسے میں جانتا

عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ، وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ

ہوں اور جسے میں نہیں جانتا، اور تیری پناہ لیتا ہوں تمام برائیوں سے جو جلدی ملنے والی ہوں اور جو دیر

وَاٰجِلِهٖ . مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ . اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ

سے ملنے والی ہوں، جنہیں میں جانتا ہوں اور جنہیں میں نہیں جانتا، الٰہی ! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں

الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ، وَّاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ

اور ہر وہ قول و عمل جو مجھے جنت سے قریب کردے، اور میں تیری پناہ لیتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور

وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ . وَّاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ

ہر اس قول و عمل سے جو مجھے جہنم سے قریب کردے، اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو ہر فیصلہ میرے

قَضَاءٍ لِّیْ خَيْرًا، وَّاَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِیْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ

حق میں بہتر کردے ، اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو فیصلہ بھی تو میرے حق میں کرچکا ہو تو

عَاقِبَتَهٗ رَشَدًا

اس کا انجام بہتر بنا دینا

(44) اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا، وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ

الٰہی ! ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما اور ہم کو دنیا کی رسوائی

الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ

اور آخرت کے عذاب سے پناہ دینا

﴿45﴾ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِىْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا، وَّ احْفَظْنِىْ بِالْاِسْلَامِ

الٰہی! میری حفاظت کرنا اسلام پر کھڑے ہونے کی حالت میں اور میری حفاظت کرنا اسلام پر بیٹھے ہونے

قَاعِدًا، وَّاحْفَظْنِىْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا ، وَّ لَا تُشْمِتْ بِىْ عَدُوًّا

کی حالت میں، میری حفاظت فرمانا اسلام پر سونے کی حالت میں، اور مجھ پر دشمن کو ہنسی اڑانے کا موقعہ

وَّلَا حَاسِدًا ، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهٗ بِيَدِكَ

نہ دینا اور نہ حاسد کو، الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں ہر قسم کی بھلائی جس کے خزانے تیرے قبضہ میں ہیں

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَائِنُهٗ بِيَدِكَ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ

میں تیری پناہ لیتا ہوں تمام برائیوں سے جن کے خزانے تیرے قبضہ میں ہیں، میں تیری پناہ لیتا ہوں

مَا اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهٖ

ہر اس چیز کے شر سے جس کی پیشانی تو تھامے ہوئے ہے

﴿46﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً ، وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً، وَّمَرَدًّا

الٰہی !میں تجھ سے مانگتا ہوں پاکیزہ زندگی ، آسان موت ، اور ایسی لوٹنے کی جگہ

غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ

جہاں نہ ذلت ہو اور نہ رسوائی ہو

(47) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ ضَعْفِیْ، وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ

الٰہی! میں کمزور ہوں تو اپنی رضا میں میری کمزوری کو قوت سے بدل دے، اور لے چل مجھے بھلائی کی

بِنَاصِیَتِیْ، وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰی رِضَائِیْ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

طرف میری پیشانی سے پکڑ کر، اور اسلام کو میری انتہائی خوشی کا مرکز بنا دے، الٰہی میں تو کمزور ہوں

ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ ، وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ ، وَ اِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ

تو مجھے قوی بنا دے، میں تو ذلیل ہوں تو مجھے عزت والا بنا دے، میں تو محتاج ہوں تو مجھے رزق عطا فرما

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

① اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ خَيۡرَ الۡمَسۡئَلَةِ ، وَخَيۡرَ الدُّعَاءِ، وَخَيۡرَ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں سب سے بہتر سوال، اور بہترین دعا، اور عمدہ سے عمدہ

النَّجَاحِ ، وَخَيۡرَ الۡعَمَلِ ، وَخَيۡرَ الثَّوَابِ ، وَخَيۡرَ الۡحَيٰوةِ ، وَخَيۡرَ

کامیابی، نیک عمل ، عمدہ ثواب ، عمدہ سے عمدہ زندگی اور اچھی سے اچھی

الۡمَمَاتِ ، وَثَبِّتۡنِیۡ ، وَثَقِّلۡ مَوَازِيۡنِیۡ ، وَحَقِّقۡ اِيۡمَانِیۡ ، وَارۡفَعۡ

موت، اور یہ کہ مجھے ثابت قدم رکھ، میری میزان اعمال کو بھاری کر، میرا ایمان مضبوط کر، میرا درجہ

دَرَجَتِیۡ ، وَ تَقَبَّلۡ صَلٰوتِیۡ ، وَاغۡفِرۡ خَطِيۡئَتِیۡ ، وَاَسۡئَلُكَ

بلند فرما ، میری نماز قبول کر، اور میری خطا بخش دے ، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں

الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ ، اٰمِيْنَ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فَوَاتِحَ

جنت کےاونچے بلند درجات ،آمین۔ الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں نیک عمل کی ابتدائیں اور

الْخَيْرِ وَ خَوَاتِمَهٗ ، وَ جَوَامِعَهٗ وَ كَوَامِلَهٗ ، وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ ، وَ

اس کی انتہائیں، اس کے خلاصے اوراس کو کامل اور پورا کرنے والے اسباب، اس کا اول اوراس کا آخر

ظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ ، اٰمِيْنَ . اَللّٰهُمَّ

اس کا ظاہر اور اس کا باطن، اور جنت کے اونچے بلند درجات، آمین۔ اے اللہ !

نَجِّنِيْ مِنَ النَّارِ ، وَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ ، وَالْمَنْزِلَ

دوزخ کی آگ سے مجھے نجات دے، مجھے بخش دے ایسی بخشش جودن رات ہر وقت ہو، اور جنت میں

الصَّالِحَ مِنَ الْجَنَّةِ ، اٰمِيْنَ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَلَاصًا مِّنَ

عمدہ مکان نصیب فرما، آمین۔ الٰہی ! میں تجھ سے مانگتاہوں چھٹکارا دوزخ کی آگ سے

النَّارِ سَالِمًا ، وَّ اَنْ تُدْخِلَنِيَ الْجَنَّةَ اٰمِنًا ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

سلامتی کیساتھ، اور یہ بات کہ مجھے جنت میں داخل کرنا امن کیساتھ، الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں

خَيْرَمَا اٰتِيْ ، وَخَيْرَمَا اَفْعَلُ ، وَخَيْرَ مَا اَعْمَلُ ، وَخَيْرَ مَا بَطَنَ

بھلائی اسکی جومیں لاؤں، اوربھلائی اپنے ہر فعل اور عمل کی، اورجو چیزیں پوشیدہ ہیں

وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ، وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ، اٰمِيْنَ . اَللّٰهُمَّ

اور جو ظاہر ہو چکی ہیں ان سب کی بھلائی، اور جنت کے اونچے بلند درجات مانگتا ہوں، آمین۔ الٰہی! میں

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِيْ، وَتَضَعَ وِزْرِيْ، وَتُصْلِحَ اَمْرِيْ

تجھ سے مانگتا ہوں کہ میرا ذکر بلند فرما، میرا (گناہ کا) بوجھ اتار دے، میرے کام درست فرما

وَتُطَهِّرَ قَلْبِيْ، وَتُحَصِّنَ فَرْجِيْ، وَتُنَوِّرَ لِيْ فِيْ قَبْرِيْ، وَتَغْفِرَ لِيْ

میرا دل پاک کر، میری شرمگاہ کو محفوظ رکھ، میری قبر کو منور کر دے، اور بخش دے میرے

ذَنْبِيْ، وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ، اٰمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

گناہ، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں جنت کے اونچے بلند درجات، آمین۔ الٰہی! میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ لِيْ فِيْ سَمْعِيْ، وَفِيْ بَصَرِيْ، وَفِيْ رُوْحِيْ، وَفِيْ

مانگتا ہوں کہ تو برکت دے میری سماعت میں، میری بصارت میں، میری روح میں، میری شکل وصورت

خَلْقِيْ، وَفِيْ خُلُقِيْ، وَفِيْ اَهْلِيْ، وَفِيْ مَالِيْ، وَفِيْ مَحْيَايَ، وَفِيْ مَمَاتِيْ، وَ

میں، میری عادت میں، میری بیوی بچوں میں، میرے مال میں، میری زندگی اور میری موت میں، اور

فِيْ عَمَلِيْ، اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ حَسَنَاتِيْ، وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى

میرے عمل میں، الٰہی! میری تمام نیکیاں قبول کر، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں اونچے بلند درجات

مِنَ الْجَنَّةِ، اٰمِيْنَ.

جنت کے، آمین

② اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ

الٰہی! مقدر فرما میرا سب سے زیادہ فراغت کا کشادہ رزق میرے بڑھاپے میں اور میری آخری عمر میں

③ يَا مَنْ لَّا تَرَاهُ الْعُيُوْنُ، وَلَا تُخَالِطُهُ الظُّنُوْنُ، وَلَا يَصِفُهُ

اے وہ ذات جسے نہ آنکھیں دیکھ سکتیں ہیں، نہ خیال کی اس تک رسائی ہوسکتی ہے، نہ اسکے اوصاف کوئی

الْوَاصِفُوْنَ، وَلَا تُغَيِّرُهُ الْحَوَادِثُ، وَلَا يَخْشَى الدَّوَائِرَ، يَعْلَمُ

بیان کرسکتا ہے، نہ حوادث اس میں تغیر پیدا کرسکتے ہیں، نہ وہ گردش زمانہ سے ڈرتا ہے، وہ جانتا ہے

مَثَاقِيْلَ الْجِبَالِ، وَمَكَائِيْلَ الْبِحَارِ، وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ

پہاڑوں کے وزن ، سمندروں کے پیمانے ، بارش کی بوندوں کے قطرے

وَعَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ، وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ، وَاَشْرَقَ

درختوں کے پتوں کی تعداد، وہ جانتا ہے گنتی ان چیزوں کی جن پر رات تاریکی ڈالتی ہے اور جن پر روشنی

عَلَيْهِ النَّهَارُ، وَلَا تُوَارِيْ مِنْهُ سَمَاءٌ سَمَاءً، وَّلَا اَرْضٌ اَرْضًا

ڈالتا ہے دن، جس سے چھپا نہیں سکتا ایک آسمان دوسرے آسمان کو، نہ ایک زمین دوسری زمین کو

وَّلَا بَحْرٌ مَّا فِيْ قَعْرِهٖ، وَلَا جَبَلٌ مَّا فِيْ وَعْرِهٖ، اِجْعَلْ خَيْرَ عُمْرِيْ

نہ سمندر جو اسکی تہہ میں ہے ،اورنہ پہاڑ جواسکی چٹانوں میں ہے، بنا میری عمر کا بہترین حصہ آخر

اٰخِرَهٗ ، وَخَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ ، وَخَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ

عمر میں، میرا بہترین عمل خاتمے کے وقت مقدر کر، اور میرے بہترین دنوں میں وہ بنا جس دن تجھ سے ملوں

④ يَاوَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ، ثَبِّتْنِيْ بِهٖ حَتّٰى اَلْقَاكَ

اے اسلام اور اہل اسلام کے مولی! مجھے اسلام پر قائم رکھنا یہاں تک کہ میں تجھ سے ملوں

⑤ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ غِنَايَ وَغِنٰى مَوْلَايَ

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اپنا غنا اور اپنے متعلقین کا غنا

⑥ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ

الٰہی! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما اور مجھے جنت میں داخل فرما

⑦ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا، وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا، وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ

الٰہی ! مجھے اعلی درجہ کا صابر بنا ، مجھے نہایت شکر گذار بندہ بنا ، اور مجھے اپنی نظروں میں

عَيْنِيْ صَغِيْرًا، وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا

چھوٹا اور دوسروں کی نظروں میں بڑا بنا دے

⑧ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا، وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ علم جو نفع دے، ایسا عمل جو مقبول ہو

وَّرِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا

اور وہ رزق جو حلال اور پاکیزہ ہو

⑨ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِیْ، وَ اَسْتَهْدِيْكَ لِمَرَاشِدِ

الٰہی! میں تجھ سے اپنے ہر گناہ کی بخشش کا طالب ہوں، میں تجھ سے اپنے ہر کام میں کامیابی کی ہدایت

اَمْرِیْ، وَ اَسْتَجِيْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ، وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ فَتُبْ

مانگتا ہوں، اور اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں، میری توبہ

عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ

قبول فرما، یقیناً تو ہی میرا پروردگار ہے

اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ رَغْبَتِیْ اِلَيْكَ، وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ صَدْرِیْ

الٰہی! میرے دل کی رغبت اپنی ذات کی طرف کردے، اور مجھے دلی طور پر غنا بخش دے

وَ بَارِكْ لِیْ فِيْمَا رَزَقْتَنِیْ، وَ تَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ

اور جو مجھے تو رزق دے اس میں برکت عطا فرما، اور میرا عمل قبول فرما کیونکہ تو ہی میرا پروردگار ہے

⑩ يَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ عَلَى الْقَبِيْحِ، يَامَنْ لَّا يُؤَاخِذُ

اے وہ ذات جس نے خوبیاں ظاہر کردیں اور میری برائی پر پردہ ڈالا، اے وہ ذات جو گرفت نہیں کرتی

بِالْجَرِيْرَةِ وَلَا يَهْتِكُ السِّتْرَ، يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ، يَاحَسَنَ التَّجَاوُزِ

ہر جرم پر اور پردہ دری نہیں کرتی، اے بہت معاف کرنے والے، اے خوب درگذر کرنے والے

يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ، يَاصَاحِبَ كُلِّ

اے وسیع بخشش والے، اے لطف و کرم کے دونوں ہاتھ پھیلانے والے، اے ہر سرگوشی کے جاننے

نَجْوٰى، يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى، يَاكَرِيْمَ الصَّفْحِ، يَا عَظِيْمَ

والے، اور اے ہر شکایت کیلئے آخری بارگاہ، مہربان درگذر کرنے والے، اے بڑے احسان کرنے

الْمَنِّ، يَامُبْدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا، يَا رَبَّنَا وَ يَا سَيِّدَنَا

والے، اے استحقاق کے بغیر اپنی نعمتوں کے احسان کرنے والے، ہمارے پروردگار اور ہمارے سردار

وَ يَا مَوْلَانَا وَ يَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا، اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَّا تَشْوِيَ

ہمارے مالک، اے ہماری خواہش کے آخری مقصود، اے اللہ! بس میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ میرے

خَلْقِيْ بِالنَّارِ

جسم کو آگ میں نہ جلانا

⑪ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ، فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهَا اِلَّا اَنْتَ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرا فضل اور تیری رحمت ، کیونکہ اس کا کوئی مالک نہیں سوائے تیرے

⑫ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ

اے اللہ! تو میری صورت اچھی بنائی تو میرے اخلاق بھی اچھے بنا دے

⑬ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ، وَاهْدِنِی السَّبِيْلَ الْاَقْوَمَ

پروردگار! بخش دے اور رحم فرما اور سب سے سیدھا صحیح راستہ نصیب فرما

⑭ اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، اِغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ ، وَاَذْهِبْ عَنِّیْ غَيْظَ قَلْبِیْ ، وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا

اے اللہ ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رب ! میرے گناہ بخش دے اور میرے دل سے غصہ کی عادت نکال دے اور گمراہ کرنے والوں کے فتنوں سے مجھے اپنی پناہ میں رکھ جب تک بھی تو مجھے زندہ رکھے

⑮ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ طَيِّبًا وَّاسْتَعْمِلْنِيْ طَيِّبًا

الٰہی! مجھے رزق حلال دے اور مجھے پاکیزہ عمل میں لگائے رکھ

⑯ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں بغیر سبب کے بھلائی، اور میں تیری پناہ لیتا ہوں ناگہانی شر سے

⑰ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ ، وَمِنْكَ السَّلَامُ ، وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ

الٰہی ! تو ہی سلام ہے ، سلامتی تیری ہی طرف سے ہے ، اور تیری ہی طرف سلامتی لوٹ

السَّلَامُ ، اَسْئَلُكَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ، اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا

جاتی ہے، میں تجھ سے مانگتا ہوں اے بزرگی اور بخشش والے! کہ تو ہماری دعا قبول

دَعْوَتَنَا ، وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا ، وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ

فرما، اور ہماری خواہشات ہمیں عطا فرما، اور مخلوق میں سے جس کو ہمارا محتاج نہیں کیا ہمیں بھی اس سے

عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ

بے نیاز بنا دے

⑱ رَبِّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

پروردگار! مجھے اپنے عذاب سے بچالینا جس دن تو اپنے بندوں کو قبروں سے اٹھائے گا

⑲ اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ

الٰہی! تو ہی میرے لیے پسند کر اور جو بہتر ہو مجھے چھانٹ کر دیدے

⑳ (وَفِي الصَّحِيْحِ كَانَ اَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اور صحیح حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دعا یہ ہوتی تھی :

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا

الٰہی! ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر اور دوزخ کے

عَذَابَ النَّارِ ○

عذاب سے ہمیں بچا لے

㉑ بِسْمِ اللهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَمَالِيْ وَدِيْنِيْ ، اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِيْ

اللہ کے نام کی برکت نازل ہو میری جان، میرے مال اور میرے دین پر، الٰہی! مجھے راضی کر دے اپنی

بِقَضَائِكَ ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا قُدِّرَ لِيْ ، حَتّٰى لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَا

قضا پر، جو میرے لیے مقدر ہو چکا اس میں مجھے برکت عطا کرتا کہ اسکی جلدی نہ کروں جو چیز تو نے مؤخر

اَخَّرْتَ ، وَلَا تَأْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ

کی اور جس کو تو نے فی الحال مقدر کیا اس میں تاخیر کی تمنا نہ کروں

(22) اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ

اے اللہ ! کوئی عیش نہیں سوائے اخروی عیش کے

(23) اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا ، وَّ اَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا ، وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ

الٰہی ! مجھے زندہ رکھ مسکین بنا کر ، مجھے موت دے مسکینی کی حالت میں ،اور جب میرا حشر ہو

زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ

تو مسکینوں کی جماعت میں ہو

(24) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ اِذَا اَحْسَنُوْا اسْتَبْشَرُوْا ، وَاِذَا

الٰہی! مجھے ان بندوں میں سے بنا لے جو نیکی کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں ، اور جب

اَسَاؤُوْا اسْتَغْفَرُوْا

گناہ کرتے ہیں تو استغفار کرتے ہیں

(25) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِيْ بِهَا قَلْبِيْ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسی خاص رحمت جس کے سبب تو میرے دل کو ہدایت دے

وَتَجْمَعُ بِهَا اَمْرِيْ ، وَتَلُمُّ بِهَا شَعْثِيْ ، وَتُصْلِحُ بِهَا دِيْنِيْ وَتَقْضِيْ

میرے کام کو جامع بنادے ، میری پریشان حالی کو دور کردے ، میرا دین سنوار دے ، میرا قرض ادا

بِهَا دِيْنِيْ ، وَ تَحْفَظُ بِهَا غَائِبِيْ ، وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ ، وَتُبَيِّضُ

کردے، میری غیرموجودگی میں نگہبانی کرے اورمیرے موجودہ درجات کوبلند کردے، میرے چہرہ

بِهَا وَجْهِيْ ، وَتُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ ، وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رُشْدِيْ ، وَتَرُدُّ بِهَا

کومنور کرے، میرے عمل کو پاکیزہ بنائے ، میرے دل میں ہدایت ڈالدے، واپس لوٹادے میری

اُلْفَتِيْ ، وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ. اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ اِيْمَانًا لَّا

الفت، اور مجھے ہر برائی سے بچالے،الٰہی ! مجھے وہ ایمان نصیب فرما جو زائل

يَرْتَدُّ ، وَ يَقِيْنًا لَّيْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ، وَّ رَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ

نہ ہوسکے، ایسایقین دے جسکے بعد کفر نہ ہو، اور وہ رحمت عطا کر جسکے سبب میں دنیا وآخرت میں تیری عطا

كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ .اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِي

کردہ بزرگی کا شرف حاصل کرسکوں،الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں فلاح تیرے

الْقَضَاءِ ، وَنُزُلَ الشُّهَدَاءِ ، وَعَيْشَ السُّعَدَاءِ ، وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَاءِ

حکم میں ، اور شہیدوں کی مہمانی ، اور خوش نصیبوں کی زندگی ، اور پیغمبروں کا ساتھ

وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَاءِ ، اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُنْزِلُ

اور دشمنوں پر فتح ، یقینا تو دعاؤں کا سننے والا ہے ،الٰہی ! میں تیرے سامنے پیش کرتا ہوں

بِكَ حَاجَتِيْ ، وَاِنْ قَصُرَ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَمَلِيْ ، اِفْتَقَرْتُ اِلٰى

اپنی حاجت ،اگرچہ میری عقل کوتاہ ہے اور میرا عمل کمزور ہے،میں محتاج ہوں تیری رحمت کا

رَحْمَتِكَ ، فَاَسْئَلُكَ يَا قَاضِيَ الْاُمُوْرِ ، وَيَا شَافِيَ الصُّدُوْرِ ، كَمَا

پس مرادوں کو پورا کرنے اور دلوں کو شفا دینے والی ذات میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ جس طرح تو نے فاصلہ

تُجِيْرُ بَيْنَ الْبُحُوْرِ ، اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ، وَمِنْ دَعْوَةِ

کرر کھا ہے سمندروں میں ایسے ہی فاصلے پر رکھ مجھے جہنم کے عذاب سے،اور عذاب کی تکلیف پر واویلا

الثُّبُوْرِ ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ . اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ ، وَضَعُفَ

کرنے سے،اور قبر کی آزمائش سے،الٰہی! جس بھلائی کی سمجھ سے میری عقل قاصر ہو،اور میرا عمل اس میں

عَنْهُ عَمَلِيْ ، وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ خَيْرٍ وَّعَدْتَّهُ

کمزور ہو،اور میں اس خیر کا سوال و آرزو نہ کرسکا اور تو نے اپنی مخلوق میں کسی بندہ سے اس کا

اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ ، اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ

وعدہ فرمایا ہو، یا کوئی بھی ایسی بھلائی جسے تو اپنے بندوں میں کسی کو دینے والا ہو تو میں بھی

فَاِنِّيْ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ ، وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

تجھ سے اس بھلائی کا خواہش مند ہوں اور تجھ سے مانگتا ہوں تیری رحمت کے وسیلے سے اے پروردگار عالم

اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ، وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ، وَاَسْئَلُكَ الْاَمْنَ

الٰہی ! اے مضبوط عہد والے ، نیک کاموں کے مالک میں تجھ سے امن کا طالب ہوں عذاب

يَوْمَ الْوَعِيْدِ ، وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ

کے دن، اور جنت کا جس میں ہمیشہ رہنا ہے ان کیساتھ جو تیرے مقرب اور حضوری والے بندے ہیں جو

الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ ، اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ، اِنَّكَ

رکوع و سجود اور عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں، یقینا تو بڑا مہربان بہت محبت کرنے والا ہے، بیشک تو کرتا

تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ، غَيْرَ ضَالِّيْنَ

ہے جو چاہے، الٰہی! تو ہمیں بنا راہنما اور ہدایت یافتہ، نہ ایسا کہ جو خود بھی گمراہ ہوں اور دوسروں کو بھی گمراہ

وَلَا مُضِلِّيْنَ، سِلْمًا لِّاَوْلِيَائِكَ، وَحَرْبًا لِّاَعْدَائِكَ، نُحِبُّ بِحُبِّكَ

کرنے والے ہوں، تیرے دوستوں کیساتھ صلح اور تیرے دشمنوں کیلئے مجسم جنگ، جو تجھ سے محبت رکھے اس

مَنْ اَحَبَّكَ ، وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ

سے تیری محبت کی خاطر محبت کریں، جو تیری مخلوق میں تیرا مخالف ہو ان سے دشمنی رکھیں تیری دشمنی کی وجہ سے

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ

الٰہی ! بس یہی ہماری دعا ہے، قبول کرنا تیرا وعدہ ہے، یہ ہماری کوشش ہے اور بھروسہ تیری ذات پر ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ، وَنُوْرًا فِيْ قَبْرِيْ، ونُوْرًا مِّنْ بَيْنِ

الٰہی ! بھر دے میرے دل میں نور ، میری قبر میں نور ، میرے سامنے

يَدَيَّ، وَنُوْرًا مِّنْ خَلْفِيْ، وَنُوْرًا عَنْ يَّمِيْنِيْ، وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ،

نور، میرے پیچھے نور ، میرے دائیں نور ، میرے بائیں نور

وَنُوْرًا مِّنْ فَوْقِيْ، و نُوْرًا مِّنْ تَحْتِيْ، وَنُوْرًا فِيْ سَمْعِيْ، وَنُوْرًا فِيْ

میرے اوپر نور اور میرے نیچے نور کردے، اور بھر دے میری سماعت میں نور، میری آنکھوں میں

بَصَرِيْ، وَنُوْرًا فِيْ شَعْرِيْ، وَنُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ، وَنُوْرًا فِيْ لَحْمِيْ،

نور ، میرے روئیں روئیں میں نور ، میری کھال میں نور ، میرے گوشت میں نور

وَنُوْرًا فِيْ دَمِيْ، وَنُوْرًا فِيْ مُخِّيْ، وَنُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ، اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ لِيْ

میرے خون میں نور، میرے گودے میں نور اور میری ہڈیوں میں نور کردے، الٰہی! میرے نور کو اور بڑا

نُوْرًا، وَّاَعْطِنِيْ نُوْرًا، وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا، وَّزِدْنِيْ نُوْرًا، وَّزِدْنِيْ نُوْرًا وَّ

کردے ، مجھے نور عطا فرما، میرے لیے نور مقدر فرما ، میرا نور اور بڑھا دے اور بڑھادے

زِدْنِيْ نُوْرًا، سُبْحَانَ الَّذِيْ تَعَطَّفَ بِالْعِزِّ وَقَالَ بِهٖ، سُبْحَانَ الَّذِيْ

اور بڑھادے، پاک ہے وہ ذات عزت جس کی چادر ہے اور عزت اسکا فرمان ہے، پاک ہے وہ ذات

لَبِسَ الْمَجْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ ، سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ

بزرگی جس کا لباس ہے اور بزرگی جسکی بخشش ہے، پاک ہے وہ ذات کہ ہرعیب سے پاکی صرف اسی کی

اِلَّا لَهٗ ، سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍۭ بِعِلْمِهٖ ، سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ

شان ہے، پاک ہے وہ ذات جس کے علم میں ہر چیز ہے، پاک ہے وہ ذات جو بڑے فضل و بخشش والی

وَالطَّوْلِ ، سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالنِّعَمِ ، سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ

ہے، پاک ہے وہ ذات جو بڑے احسان اور انعامات کی مالک ہے، پاک ہے وہ ذات جو بڑے شرف

وَالْكَرَمِ ، سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

وکرم والی ہے، پاک ہے وہ ذات جو بہت جلال واکرام والی ہے

(26) اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ ، وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّیْ

الٰہی! تو مجھے پلک جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے حوالہ نہ کرنا اور جو عمدہ بات تو نے مجھے عطا کی ہے

صَالِحَ مَا اَعْطَیْتَنِیْ

اسے مجھ سے نہ چھیننا

(27) اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اسْتَحْدَثْنَاهُ ، وَلَا بِرَبٍّ یَّبِیْدُ

الٰہی! تو وہ خدا نہیں ہے جسے ہم نے خود تراش لیا ہو اور نہ تو وہ رب ہے جس کا ذکر ناپائیدار ہو اور ہم نے

ذِكْرُهُ ابْتَدَعْنَاهُ، وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَاءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ، وَلَا كَانَ

اسے ایجاد کیا ہو، نہ تیرے کوئی شریک کار ہیں جو تیرے ساتھ فیصلے کرتے ہوں، اور نہ تجھ سے پہلے ہمارا

لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَّلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ، وَلَا اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَا

کوئی معبود تھا جس کی ہم پناہ لیتے ہوں اور تجھے چھوڑ دیتے ہوں، اور نہ ہماری تخلیق میں کسی اور نے تیری مدد

اَحَدٌ فَنُشْرِكَهٗ فِيْكَ ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ ، فَنَسْأَلُكَ

کی ہے کہ ہم اسکو تیرے ساتھ شریک کرتے، تو بڑی برکت والا بہت بلند ہے، ہم تجھ سے ہی مانگتے ہیں

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْ لِيْ

معبود کوئی نہیں سوا تیرے اس لیے مجھے بخش دے

(28) اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ ، وَتَرٰى مَكَانِيْ ، وَتَعْلَمُ سِرِّيْ

الٰہی! تو میری بات سن رہا ہے ، میری جگہ دیکھ رہا ہے ، اور تو جانتا ہے میرے پوشیدہ اور

وَعَلَانِيَتِيْ ، لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ ، وَاَنَا الْبَائِسُ

ظاہر کو ، میری کوئی بات تجھ سے چھپی نہیں ہے ،اور میں سختی میں مبتلا ہوں

الْفَقِيْرُ ، الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ ، الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ

محتاج ہوں ، فریاد اور پناہ کا طلبگار ہوں، ڈر رہا ہوں لرز رہا ہوں اقرار اور

الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ، اَسْئَلُكَ مَسْأَلَةَ الْمِسْكِيْنِ، وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ

اعتراف کرتا ہوں اپنے گناہوں کا، میں تجھ سے مانگتا ہوں مسکین کی طرح، تیرے سامنے گڑ گڑا رہا ہوں

اِبْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ، وَاَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْخَائِفِ الضَّرِيْرِ

ایک ذلیل مجرم کی طرح، اور تجھ کو پکارتا ہوں جیسا کہ ایک مصیبت زدہ ڈرنے والا پکارتا ہے اور اسکی طرح

وَدُعَاءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ، وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ، وَذَلَّ

پکارتا ہوں جس کی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو، اور جس کے آنسو جاری ہوں، اور جس کا سارا جسم

لَكَ جِسْمُهٗ، وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ. اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَائِكَ شَقِيًّا

تیرے سامنے ذلیل پڑا ہوا اور اس کی ناک خاک آلود ہو، الٰہی! تو مجھے اس مانگنے میں محروم نہ کرنا

وَّكُنْ لِّيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا، يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ، وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ

اور میرے لیے بڑا مہربان اور بڑا رحیم بن جا، اے بہترین مسؤل اور بہترین عطا کرنے والی ذات

(29) اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْا ضَعْفَ قُوَّتِيْ، وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ، وَهَوَانِيْ

الٰہی! میں تیرے سامنے شکایت پیش کرتا ہوں اپنی قوت کی کمزوری، اپنی تدبیر کی کمی اور لوگوں کی نظروں میں

عَلَى النَّاسِ، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ، اِلٰى عَدُوٍّ

اپنی حقارت کی، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے تو مجھے کس کے حوالہ کرے گا، اس دشمن کے جو

يَّتَجَهَّمُنِيْ، اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ مَّلَّكْتَهٗ اَمْرِيْ، اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا

مجھ سے بیزار ہوگا، یا کسی عزیز کو دے گا میرا معاملے کا اختیار، اگر تو مجھ سے ناراض نہ ہوتو اس کے بعد مجھے

عَلَيَّ، فَلَا اُبَالِيْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِيْ، اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

کسی کی کوئی پرواہ نہیں، لیکن تیری دی ہوئی عافیت میں مجھے زیادہ گنجائش ہے، تیری کریم ذات کے نور

الْكَرِيْمِ الَّذِيْ اَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ، وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ

کے وسیلے سے تیری پناہ لیتا ہوں جس سے سب آسمان جگمگا رہے ہیں اور سب تاریکیاں روشن ہیں

وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَنْ تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ

جس کی وجہ سے دنیا وآخرت کے کام درست ہیں، اس بات سے کہ تو مجھ پر غصہ ہو

وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ، وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى، وَلَا حَوْلَ وَلَا

یا مجھ سے خفا ہو، اور خفا ہونا تجھی کو زیبا ہے یہاں تک کہ تو راضی ہوجائے، بھلائی کرنے کی طاقت ہے نہ

قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

برائی سے بچنے کی قوت سوائے تیری مدد کے

(30) اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ

اے اللہ! اس طرح حفاظت فرما جیسے بچہ کی حفاظت فرماتا ہے

(31) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً ، مُّخْبِتَةً مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ

الٰہی! ہم تجھ سے مانگتے ہیں وہ دل جو آہ وزاری کرنے، خوب گڑ گڑانے اور تیری راہ میں متوجہ ہونے والا ہو

(32) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ ، وَ يَقِيْنًا صَادِقًا

الٰہی ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں رچ جائے ، اور وہ سچا یقین کہ میں

حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ ، وَرِضًا مِّنَ

جان لوں کہ جو تو نے میری تقدیر میں لکھ دیا بس وہی مجھے پیش آ سکتا ہے، اور رضا مندی مانگتا ہوں اس

الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِيْ

زندگانی پر جو تو نے میرے لیے تقسیم فرما دی ہے

(33) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ. اَللّٰهُمَّ

الٰہی ! تیری تعریف ایسی جیسی خود تو نے فرمائی اور اس سے بہتر جو ہم تیری تعریف کریں، الٰہی ! میری

لَكَ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ ، وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ ، وَاِلَيْكَ مَاٰبِيْ ، وَلَكَ رَبِّ

نماز، عبادت، زندگی اور میری موت سب تیرے لیے ہے، میرا ٹھکانہ تیری ذات ہے، اور میری وراثت

تُرَاثِيْ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَ وَسْوَسَةِ

تیری ملک ہے، الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے ، اور سینہ کے

الصَّدْرِ ، وَشَتَاتِ الْاَمْرِ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيْءُ

وسوسوں سے ، اور معاملات کی پراگندگی سے، الٰہی ! میں تجھ سے وہ خیر مانگتا ہوں جو ہوائیں لے کر

بِهِ الرِّيَاحُ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَجِيْءُ بِهِ الرِّيَاحُ

آتی ہیں، اور تیری پناہ لیتا ہوں ان برائیوں سے جو ہوائیں لے کر آتی ہیں

(34) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ ، وَ اُكْثِرُ ذِكْرَكَ ، وَ اَتَّبِعُ

الٰہی ! مجھے تو ایسا بندہ بنا کہ تیرا خوب شکر ادا کیا کروں ، خوب تیرا ذکر کیا کروں ، اور مانوں

نَصِيْحَتَكَ ، وَ اَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ

تیری نصیحت اور یاد رکھوں تیرے حکم کو

(35) اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا بِيَدِكَ ، لَمْ

الٰہی ! ہمارے دل ، ہماری پیشانیاں اور ہمارے تمام اعضاء تیرے قبضے میں ہیں، ان میں سے کسی کا تو

تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا ، فَاِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا ، فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا

نے ہمیں مالک نہیں بنایا ، پھر جب تو نے ہمیں ایسا بے بس پیدا کیا تو اب تو ہی ہمارا کارساز بن جا اور

وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَاءِ السَّبِيْلِ

ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت فرما

(36) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاءِ اِلَيَّ ، وَاجْعَلْ

الٰہی ! مجھے اپنی محبت سب سے زیادہ پیاری کردے اور اپنا خوف

خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَاءِ عِنْدِيْ ، وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ

ہر چیز کے خوف سے زیادہ بڑھادے ، اوردنیا کی سب حاجتیں میرے دل سے نکال کر

الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَائِكَ ، وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا

اپنی ملاقات کی تڑپ عطافرما،اور جب دنیا والوں کی آنکھیں تو ٹھنڈی کرے

مِنْ دُنْيَاهُمْ ، فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ مِنْ عِبَادَتِكَ

ان کو دنیا دے کر تو میری آنکھیں اپنی عبادت سے ٹھنڈی کرنا

(37) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ وَالْبَعِيْرِ الصَّئُوْلِ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں دو اندھادھند بلاؤں ایک سیلاب اور دوسرے حملہ آور اونٹ کے شر سے

(38) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ ، وَالْاَمَانَةَ وَ حُسْنَ

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں صحت و تن درستی ، پاک دامنی ، امانت داری اور اچھے

الْخُلُقِ، وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ

اخلاق اور تقدیر پر راضی رہنا

(39) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا ، وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا

الٰہی! تیرے ہی لیے سب تعریفیں ہیں شکر کے ساتھ اور تیرا ہی احسان ہے فضل کے ساتھ

(40) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسے اعمال کی توفیق جو تیری پسند کے ہوں

وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ ، وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ

اور تیری ذات پر سچا بھروسہ اور تیری ذات سے نیک گمان رکھنا

(41) اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ ، وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ

الٰہی ! میرے دل کے کان اپنے ذکر کیلئے کھول دے ، اور مجھے نصیب فرما اپنی اطاعت

وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ ، وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ

اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت، اور اپنی کتاب قرآن پر عمل کرنا

(42) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ

الٰہی ! مجھے ایسا بنادے کہ تجھ سے ایسا ڈروں جیسے تجھے دیکھ رہا ہوں یہاں تک کہ تجھ سے آملوں

وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوَاكَ ، وَلَا تُشْقِنِیْ بِمَعْصِيَتِكَ ، وَخِرْ لِیْ فِیْ

مجھے تقوی کی سعادت نصیب فرما، اپنی نافرمانی کی وجہ سے مجھے بدبخت نہ بنا، اور پسند فرمالے میرے

قَضَائِكَ ، وَ بَارِكْ لِيْ فِيْ قَدَرِكَ ، حَتّٰى لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَا

لیے اپنے حکم میں اور برکت بخش میری تقدیر میں تا کہ جو چیز تو نے بعد میں رکھی ہو اس کی جلدی نہ کروں

اَخَّرْتَ ، وَلَا تَأْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ ، وَاجْعَلْ غِنَائِيْ فِيْ نَفْسِيْ

اور جو ابھی تو نے دے دیا اسکے بعد میں ہونے کی تمنا نہ کروں اور میرے نفس میں بے نیازی پیدا کر

(43) اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِيْ فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ، فَاِنَّ تَيْسِيْرَ كُلِّ

الٰہی! تو مجھ پر مہربانی فرما ہر مشکل کے آسان کرنے میں، کیونکہ ہر مشکل کا آسان کرنا تیرے لیے

عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ، وَّاَسْئَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِي

بالکل آسان ہے ، اور میں تجھ سے آسانی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی

(44) اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ

الٰہی! مجھے معاف فرما کیونکہ تو بڑا درگذر اور بخشش کرنے والا ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

① اَللّٰهُمَّ طَهِّرۡ قَلۡبِيۡ مِنَ النِّفَاقِ، وَعَمَلِيۡ مِنَ الرِّيَاءِ، وَلِسَانِيۡ

الٰہی ! میرا دل پاک کردے نفاق سے ، اور میرا عمل ریا سے ، اور میری زبان

مِنَ الۡكِذۡبِ ، وَ عَيۡنِيۡ مِنَ الۡخِيَانَةِ ، فَاِنَّكَ تَعۡلَمُ خَائِنَةَ

جھوٹ سے ،اور میری آنکھ خیانت سے ، کیونکہ تو خوب جانتا ہے آنکھوں کی

الۡاَعۡيُنِ وَمَا تُخۡفِي الصُّدُوۡرُ

چوری اور جو سینوں میں چھپا ہوا ہے

② اَللّٰهُمَّ ارۡزُقۡنِيۡ عَيۡنَيۡنِ هَطَّالَتَيۡنِ ، تَسۡقِيَانِ الۡقَلۡبَ

الٰہی ! مجھے ایسی دو آنکھیں دے جو زاروقطار رونے والی ہوں ، اور سیراب کردیں دل کو آنسو

بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ ، قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا

بہابہا کر مارے تیرے خوف کے ،اس دن سے پہلے کہ آنسو بہتے بہتے خون بن جائیں اور

وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا

ڈاڑھیں کنکروں کی طرح خشک ہو جائیں

③ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ ، وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ رَحْمَتِكَ ، وَاقْضِ

الٰہی! مجھے عافیت بخش اپنی قدرت سے ، مجھے داخل فرما اپنی رحمت میں اور میری عمر کاٹ

اَجَلِيْ فِيْ طَاعَتِكَ ، وَاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرِ عَمَلِيْ ، وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ

دے اپنی بندگی میں ، میرا خاتمہ فرما اچھے عمل پر ، اور اس کا ثواب جنت بنادے

④ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ ، وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ ، وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى

الٰہی! مجھے علم دیکر بے نیاز کردے ، بردباری سے مجھے زینت بخش اور تقوی کے ذریعے بزرگی عطا فرما

وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ

اور عافیت بخش کر مزین فرما

⑤ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ ، عَيْنَاهُ تَرَيَانِيْ وَقَلْبُهٗ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں ایسے مکار دوست سے جس کی آنکھیں مجھے دیکھیں اور اسکا دل میری ٹوہ میں

يَرْعَانِيْ ، اِنْ رَّاٰى حَسَنَةً دَفَنَهَا ، وَ اِنْ رَّاٰى سَيِّئَةً اَذَاعَهَا

لگا رہے ،اگر کوئی نیکی دیکھے تو اس کو چھپالے اور کوئی برائی دیکھے تو اس کو پھیلاتا پھرے

⑥ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں تنگدستی سے اور محتاجانہ صورت بنانے سے

⑦ اَللّٰهُمَّ لَا يُدْرِكْنِيْ زَمَانٌ، وَّلَا يُدْرِكُوْا زَمَانًا ، لَّا يُتَّبَعُ فِيْهِ

الٰہی! ایسا زمانہ مجھے نہ ملے اور نہ دوسروں کو ملے جس میں پیروی نہ کی جائے

الْعَلِيْمُ ، وَ لَا يُسْتَحْيٰ فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ ، قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ

عالم کی ، اور برد بار آدمی سے شرم نہ رہے ، ان کے دل عجمیوں کے سے

الْاَعَاجِمِ ، وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ

(سخت) ہوں اور ان کی زبانیں عرب کی سی (میٹھی)

⑧ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ ، وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں قرض کی زیادتی سے ، دشمن کے غلبہ سے

وَمِنْ بَوَارِ الْاَيِّمِ ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

اور بیواؤں کی بربادی سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے

⑨ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ فِتۡنَةِ النِّسَاءِ ، وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ

الٰہی ! میری تیری پناہ لیتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے ،اور میں تیری پناہ لیتا ہوں

عَذَابِ الۡقَبۡرِ

قبر کے عذاب سے

⑩ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَتَّخِذُ عِنۡدَكَ عَهۡدًا لَّنۡ تُخۡلِفَنِیۡهِ ، فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ

الٰہی! میں تجھ سے عہد لیتا ہوں تو مجھ سے ہرگز اسکے خلاف نہ کریگا، بلاشبہ میں ایک بشر ہوں تو جس کسی

فَاَیُّمَا مُؤۡمِنٍ اٰذَیۡتُهٗ اَوۡ شَتَمۡتُهٗ اَوۡ جَلَدۡتُّهٗ اَوۡ لَعَنۡتُهٗ ، فَاجۡعَلۡهَا

مسلمان کو میں نے تکلیف دی، یا اسکو برا بھلا کہا، یا اسکو مارا، یا اس پر لعنت کی ہو تو اسکے حق میں تو اسکو

لَهٗ صَلٰوةً وَّ زَكٰوةً وَّ قُرۡبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَیۡكَ

رحمت پاکی اور ایسی قربت کا ذریعہ بنا جسکی وجہ سے تو اسے اپنا مقرب بنا لے

⑪ اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ خَلَقۡتَ نَفۡسِیۡ ، وَاَنۡتَ تَوَفَّاهَا ، لَكَ مَمَاتُهَا

الٰہی! تو نے ہی مجھے پیدا کیا ، اور تو ہی اسکو اٹھائے گا ، اس کا مرنا بھی تیرے لیے ہے اور جینا

وَمَحۡیَاهَا ، اِنۡ اَحۡیَیۡتَهَا فَاحۡفَظۡهَا بِمَا تَحۡفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ

بھی تیرے لیے، اگر اسکو زندہ رکھنا ہو تو اسکو بچائے رکھنا ان چیزوں سے جن سے تو اپنے نیک بندوں کو

الصَّالِحِيْنَ ، وَ اِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْلَهَا وَارْحَمْهَا ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

بچا تا ہے ، اور اگر موت دینا ہو تو اس کو بخش دینا اور اس پر رحم فرمانا ، اے اللہ ! میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ

عافیت مانگتا ہوں

⑫ اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِیْ وَيَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ

الٰہی ! میری شرمگاہ کو محفوظ رکھنا اور میری مشکل آسان فرمانا

⑬ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ ، وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ ، وَتَمَامَ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اچھی طرح وضو کرنا ، اور پوری پوری نماز پڑھنا اور تیری

رِضْوَانِكَ ، وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ

کامل رضامندی اور تیری مکمل بخشش

⑭ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِيَمِيْنِیْ

اے اللہ ! میرا اعمال نامہ میرے دائیں ہاتھ میں دینا

⑮ اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِیْ يَوْمَ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ

الٰہی ! جس دن نیکوں کے چہرے نورانی ہوں گے اس دن میرا چہرہ بھی نورانی کرنا

⑯ اَللّٰهُمَّ غَشِّنِیْ بِرَحْمَتِكَ، وَجَنِّبْنِیْ عَذَابَكَ

الٰہی! مجھے ڈھانک لے اپنی رحمت سے اور اپنے عذاب سے بچا لے

⑰ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْهِ الْاَقْدَامُ

الٰہی! جس دن قدم ڈگمگا جائیں گے اس دن میرے قدم جمائے رکھنا

⑱ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِیْنَ

اے اللہ! ہم کو کامیاب بنا دے

⑲ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ وَاَتْمِمْ عَلَیْنَا بِنِعْمَتِكَ

الٰہی! ہمارے دلوں کے تالے اپنی یاد سے کھول دے اور اپنی نعمت ہم پر پوری فرمادے

وَاَسْبِغْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلِكَ، وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ

اور اپنا فضل ہم پر نچھاور کردے ،اورہمیں اپنے نیک بندوں میں سے بنالے

⑳ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں شیطان سے اور اس کے لشکر سے

㉑ اَللّٰهُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِیْ عِبَادَكَ الصّٰلِحِیْنَ

الٰہی! جو بڑے سے بڑے انعامات تونے اپنے نیک بندوں پر کیے وہ مجھے بھی عطا فرما

(22) اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ تَصُدَّ عَنِّیۡ وَجۡهَكَ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تو قیامت کے دن اپنا رخ مجھ سے پھیرے

اَللّٰهُمَّ اَحۡيِنِیۡ مُسۡلِمًا وَّاَمِتۡنِیۡ مُسۡلِمًا

اے اللہ! مجھے مسلمان زندہ رکھنا اور مسلمان ہی موت دینا

(23) اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الۡكَفَرَةَ، وَاَلۡقِ فِیۡ قُلُوۡبِهِمُ الرُّعۡبَ وَخَالِفۡ

الٰہی! کافروں کو عذاب دے اور ان کے دلوں میں دہشت ڈال دے اور ان کے مشوروں میں

بَيۡنَ كَلِمَتِهِمۡ، وَاَنۡزِلۡ عَلَيۡهِمۡ رِجۡزَكَ وَعَذَابَكَ

پھوٹ ڈال دے، اور ان پر اپنا قہر اور اپنا عذاب نازل فرما

(24) اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الۡكَفَرَةَ اَهۡلَ الۡكِتٰبِ وَالۡمُشۡرِكِيۡنَ، اَلَّذِيۡنَ

الٰہی! کافروں کو چاہے اہل کتاب ہوں یا مشرک سب کو عذاب دے جو تیری آیتوں کا

يَجۡحَدُوۡنَ اٰيٰتِكَ، وَيُكَذِّبُوۡنَ رُسُلَكَ، وَيَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِكَ

انکار کرتے ہیں، تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں، اور تیری راہ سے دوسروں کو روکتے ہیں

وَ يَتَعَدَّوۡنَ حُدُوۡدَكَ، وَ يَدۡعُوۡنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا

تیری مقررہ حدوں کو توڑتے ہیں، اور تیرے ساتھ دوسرے خدا کو پکارتے ہیں، نہیں ہے کوئی معبود بجز

أَنْتَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا

تیرے، بڑی برکت والا اور بہت بلند وبالا ان باتوں سے جو نا انصاف لوگ اپنے منہ سے بکتے ہیں

⑳ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

الٰہی! ہماری مغفرت فرما اور سب ایمان والے مردوں اور عورتوں، اور سب مسلمان مردوں اور سب

وَالْمُسْلِمٰتِ، وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ، وَاَلِّفْ بَيْنَ

مسلمان عورتوں کی مغفرت فرما، انکی اصلاح فرما، اور انکے باہمی معاملات کی اصلاح فرما اور الفت ڈال

قُلُوْبِهِمْ، وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ، وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى

دے ان کے دلوں میں اور ایمان اور حکمت انکے دلوں میں بھر دے، اور ان کو اپنے رسول کے دین پر

مِلَّةِ رَسُوْلِكَ، وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ

جمائے رکھ، اور اسکی توفیق عطا فرما کہ جو نعمت تو نے ان پر فرمائی ہے اس کا

عَلَيْهِمْ، وَ اَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ

شکر ادا کریں، اور تیرا وہ عہد جو تونے ان سے لیا ہے پورا کریں

وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ

اور فتح دے مسلمانوں کو ان پر جو تیرے بھی دشمن ہیں اور ان کے بھی اے معبود برحق

﴿26﴾ سُبْحٰنَكَ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ، اِغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ، وَ اَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ

تیری ذات پاک ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میرے گناہ بخش دے اور میرا عمل درست فرما

اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَاءُ ، وَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

کیونکہ تو جس کے چاہے گناہ معاف کردیتا ہے، اور تو ہی بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے

يَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِيْ ، يَاتَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ ، يَا رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ ، يَاعَفُوُّ

اے غفار! میری مغفرت فرما، اے توّاب! میری توبہ قبول کر، اے رحمن! مجھ پر رحم فرما، اے معاف کرنے

اعْفُ عَنِّيْ ، يَارَءُوْفُ ارْءُفْ بِيْ ، يَارَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ

والے! مجھ سے درگذر فرما، اے رؤف! مجھ پر مہربان ہوجا، پروردگار! مجھے توفیق دے کہ جو نعمت تو نے مجھ

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ ، وَ طَوِّقْنِيْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ ، يَا رَبِّ

پر فرمائی ہے اسکا شکر ادا کیا کروں، اور اچھے طریق سے اپنی عبادت کرنے کی قوت عطا فرما، اے رب!

اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ ، يَا رَبِّ افْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ ، وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ

میں تجھ سے مانگتا ہوں ہر خیر، پروردگار! میرے لیے خیر کا دروازہ کھول دے، اور خیر پر میرا خاتمہ فرما

وَّ اٰتِنِيْ تَشَوُّقًا اِلٰى لِقَائِكَ ، مِنْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ ، وَّلَا فِتْنَةٍ

اور اپنی ملاقات کی تڑپ دے، ایسی مصیبت سے بچا کر جو نقصان پہنچانے والی ہو، اور ہر فتنہ سے بچا کر

مُّضِلَّةٍ ، وَّقِنِي السَّيِّئَاتِ ، وَمَنْ تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ

جو گمراہ کرنے والا ہو، اور سب برائیوں سے مجھے بچا، اور جس کو اس دن تو نے برائیوں سے بچا لیا اس پر

رَحِمْتَهٗ ، وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ

بڑا ہی رحم کیا، اور یہ ہی بڑی کامیابی کی بات ہے

(27) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ ، وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ ، وَلَكَ الْمُلْكُ

الٰہی! سب تعریفیں تیری ہیں ، سارا شکر بھی تیرے لیے ہے ، سب ملک تیرا ہی ہے

كُلُّهٗ ، وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ ، بِيَدِكَ الْخَيْرُ كُلُّهٗ ، وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ

اور تمام مخلوق تیری ہے ، سب بھلائی تیرے قبضے میں ہے ، اور ہر معاملہ آخر کار تیرے ہی سامنے

كُلُّهٗ ، اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ

آنا ہے ، لہذا میں ہر بھلائی تجھ سے ہی مانگتا ہوں ، اور ہر شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں

(28) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ ، اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اس اللہ کے نام کی برکت سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو رحمن ورحیم ہے

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

اے اللہ! میرے دل سے غم اور فکر سب نکال دے

(29) اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَ بِذَنْبِيْ اعْتَرَفْتُ ، وَاَعُوْذُ بِكَ

الٰہی! میں تیری تعریف کرتا ہوا تیری طرف آتا ہوں، اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں، تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا اقْتَرَفْتُ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ ، وَمِنْ

اپنے کرتوتوں کے شر سے ، تیری پناہ لیتا ہوں آزمائش کی سختی سے اور

عَذَابِ الْاٰخِرَةِ

آخرت کے عذاب سے

(30) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ يُّخْزِيْنِيْ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس عمل سے جو مجھے رسوا کرے، میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس دوست

كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ ، وَاَعُوْذُ

سے جو مجھے تکلیف دے، میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس امید سے جو مجھے غافل بنائے، تیری پناہ لیتا ہوں

بِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ

ہر اس محتاجگی سے جو مجھے نسیان میں ڈالے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں ہر اس غنا سے جو مجھے سرکش بنائے

(31) اَللّٰهُمَّ اِلٰهِيْ وَ اِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ اِلٰهَ

اے اللہ ! میرے معبود اور ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے معبود

جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَإِسْرَافِيْلَ ، اَسْئَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ

اور جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود! میں تجھ سے مانگتا ہوں یہ بات کہ تو میری دعا قبول فرمالینا

دَعْوَتِيْ فَاَنَا مُضْطَرٌّ ، وَّتَعْصِمَنِيْ فِيْ دِيْنِيْ فَاِنِّيْ مُبْتَلًى ، وَّتَنَالَنِيْ

کیونکہ میں مجبور ہوں ، میرا دین بچالینا کیونکہ میں مصیبت زدہ ہوں ، مجھے اپنی رحمت میں لے لینا

بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّيْ مُذْنِبٌ ، وَّتَنْفِيَ عَنِّي الْفَقْرَ فَاِنِّيْ مُتَمَسْكِنٌ

کیونکہ میں گناہ گار ہوں ، اور میرا فقر دور فرمادینا کیونکہ میں لاچار ہوں

(32) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ ، فَاِنَّ لِلسَّائِلِ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں اس حق کے وسیلے سے جو مانگنے والوں کا ہے کیونکہ سائل کا بھی تیرے اوپر

عَلَيْكَ حَقًّا ، اَيُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ، تَقَبَّلْتَ

حق ہے، کہ جو بندے یا بندیاں خشکی کے بسنے والے ہوں یا تری کے، تو نے ان سب کی دعا قبول

دَعْوَتَهُمْ ، وَاسْتَجَبْتَ دُعَاءَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا فِيْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْنَكَ

فرمائی ہو، اور انکی پکار سنی ہو تو ہم کو بھی انکی ان اچھی دعاؤں میں شریک فرما جو انہوں نے تجھ سے مانگیں

وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ ، وَاَنْ تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ

اور انکو بھی شریک فرما ان اچھی دعاؤں میں جو ہم تجھ سے مانگتے ہیں اور ہم کو بھی عافیت بخش اور انکو بھی

وَاَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ، وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ، فَاِنَّنَآ اٰمَنَّا

اوران سے بھی قبول فرما اور ہم سے بھی، اور درگذر کر ان سے بھی اور ہم سے بھی، کیونکہ ہم اس پر ایمان

بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

لاچکے جوتو نے نازل کیا اور تیرے رسولوں کی پیروی کر چکے سوتو ہم کو لکھ دے گواہی دینے والوں میں

(33) اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ، وَاجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ

الٰہی! عطا فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام وسیلہ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اپنے چنے ہوئے بندوں میں

مَحَبَّتَهٗ، وَفِي الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ، وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ

پیدا فرما، اور آپ کا درجہ عالی مرتبہ لوگوں میں، اور آپ کا ذکر مقربین میں کردے

(34) اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ، وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ

الٰہی! مجھے اپنے پاس سے خاص ہدایت دے، اور میرے اوپر اپنا خاص فضل بہادے

وَاَسْبِغْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ

مجھ پر اپنی رحمت کامل فرما، اور اپنی برکتیں مجھ پر نازل فرما

(35) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

الٰہی! بخشش فرما، مجھ پر رحم فرما، میری توبہ قبول کر کیونکہ تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے

(36) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَوْفِیْقَ اَهْلِ الْهُدٰی ، وَاَعْمَالَ اَهْلِ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں اہل ہدایت کی سی توفیق، اور یقین والوں کے سے

الْیَقِیْنِ ، وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ ، وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ ، وَجِدَّ

عمل ، اورتوبہ کرنے والوں کا سا خلوص ، اور صبر کرنے والوں کی سی ہمت ، اور خشیت رکھنے والوں

اَهْلِ الْخَشْیَةِ ، وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ ، وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ

کی سی کوشش، اور شوق رکھنے والوں کی سی طلب ، اور متقیوں کی سی عبادت

وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰی اَلْقَاكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مَخَافَةً

اور اہل علم کی سی معرفت یہاں تک کہ تجھ سے جاملوں ، الٰہی! میں تجھ سے ایسا خوف مانگتا ہوں جو مجھے

تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَّعَاصِیْكَ ، حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ

تیری نافرمانی سے روک دے، تاکہ میں تیری فرمانبرداری کے ایسے کام کروں جن سے تیری رضا کا

بِهٖ رِضَاكَ ، وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ ، وَحَتّٰی اُخْلِصَ

حق دار بن جاؤں، تاکہ تیرے خوف سے تیرے سامنے خالص توبہ کروں، اور تجھ سے شرما کر خیرخواہی

لَكَ النَّصِیْحَةَ حَیَاءً مِّنْكَ ، وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَیْكَ فِی الْاُمُوْرِ

میں کھوٹ نہ رکھوں ، تاکہ اپنے سب معاملات میں تیری ذات پر بھروسہ کرنے لگوں

كُلِّهَا ، وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ ، سُبْحٰنَ خَالِقِ النُّوْرِ

میں تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کا بھی طالب ہوں، پاکی ہے نور پیدا کرنے والے کیلئے

(37) اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً ، وَّلَا تَأْخُذْنَا بَغْتَةً ، وَّلَا تَغْفُلْنَا عَنْ

الٰہی! ہمیں اچانک موت نہ دے ، اور نہ اچانک ہماری پکڑ فرما ، اور ہمیں غافل نہ کرنا کسی کے

حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ

حق سے اور نہ کسی کی وصیت سے

(38) اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ ، اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ

الٰہی! قبر کی وحشت میں میرے لیے اُنس پیدا فرما، الٰہی! مجھ پر رحم فرما قرآن عظیم کی

الْعَظِيْمِ ، وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً ، اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ

برکت سے، اور قرآن کو میرا امام میرے لیے نور، ہدایت ورحمت کا سبب بنا، الٰہی! مجھے یاد کرا دے اسکا جو

مِنْهُ مَا نَسِيْتُ ، وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ ، وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ

حصہ میں بھول چکا ، اور جس کو نہیں سمجھتا اسکا علم عطا فرما، اور مجھے اس کی تلاوت نصیب فرما

اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ ، وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

رات ودن کی ہر گھڑی میں ، اور اس کو میرے حق میں دلیل بنا دے اے تمام جہانوں کے پروردگار

(39) اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ ، وَابْنُ عَبْدِكَ ، وَابْنُ اَمَتِكَ، نَاصِيَتِىْ

الٰہی! میں تیرا بندہ ہوں، تیرے بندے کا بیٹا ہوں، تیری باندی کی اولاد ہوں، میری پیشانی تیرے قبضہ

بِيَدِكَ ، اَتَقَلَّبُ فِىْ قَبْضَتِكَ ، وَاُصَدِّقُ بِلِقَائِكَ ، وَاُوْمِنُ

میں ہے، چلتا پھرتا ہوں تیرے قبضہ میں، تیری ملاقات کو سچا جانتا ہوں، اور یقین رکھتا ہوں تیرے

بِوَعْدِكَ ، اَمَرْتَنِىْ فَعَصَيْتُ ، وَنَهَيْتَنِىْ فَاَبَيْتُ ، هٰذَا مَكَانُ

وعدے پر، تو نے حکم دیا مگر میں نے نافرمانی کی، تو نے روکا مگر میں نہ رکا، یہ مقام ہے اس شخص کا جو تجھ

الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ

سے دوزخ سے پناہ کا طالب ہے، معبود کوئی نہیں سوا تیرے، تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا

فَاغْفِرْلِىْ، اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اب تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا

(40) اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ

الٰہی ! سب تعریف تیری ہے ، شکایت تجھ سے ہی ہے ، فریاد تیرے ہی سامنے ہے

وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

مدد تجھ سے ہی مانگی جاتی ہے، بھلائی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے بچنے کی قوت سوائے اللہ کی مدد کے

﴿41﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّكَ ، وَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِكَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل، اور ابراہیم کے وسیلہ سے جو تیرے خلیل ہیں

وَمُوْسٰی نَجِیِّكَ ، وَعِیْسٰی رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ ، وَبِكَلَامِ مُوْسٰی

تیرے ہمراز موسیٰ کے طفیل ، تیری روح اور کلمہ عیسیٰ کے طفیل ،اورموسیٰ کے کلام کے طفیل

وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی ، وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ ، وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ ، وَّبِكُلِّ وَحْیٍ

اورعیسیٰ کی انجیل، داؤد کی زبور اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرآن کے وسیلے سے، اور ہر وحی کے وسیلہ سے جو تو نے

اَوْحَیْتَهٗ ، اَوْ قَضَاءٍ قَضَیْتَهٗ ، اَوْ سَائِلٍ اَعْطَیْتَهٗ ، اَوْ فَقِیْرٍ

بھیجی، اور ہر اس حکم کے وسیلہ سے جو تو نے دیا، یا کسی سائل کو تو نے بخشا ، یا کسی محتاج کو تو نے غنی

اَغْنَیْتَهٗ ، اَوْ غَنِیٍّ اَفْقَرْتَهٗ ، اَوْ ضَالٍّ هَدَیْتَهٗ ، وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

کیا، یا غنی کو تو نے محتاج کیا، یا گمراہ کو تو نے ہدایت دی، میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلہ سے

الَّذِیْ اَنْزَلْتَهٗ عَلٰی مُوْسٰی ، وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَی

جو تو نے موسیٰ پر نازل کیا، میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلہ سے جو تو نے رکھا زمین پر

الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ ، وَ عَلَی السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ، وَعَلَی

تو وہ ٹھہر گئی ، اور آسمانوں پر رکھا تو وہ سیدھے قائم ہو گئے ، اور پہاڑوں پر رکھا تو

الْجِبَالِ فَرَسَتْ ، وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ

وہ گڑ گئے ، میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اس نام کے وسیلہ سے جس سے تیرا عرش قرار پکڑ گیا

وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِیْ كِتَابِكَ مِنْ

تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اس پاک در پاک نام کے وسیلہ سے جو تو نے اپنی جانب سے اپنی کتاب میں

لَّدُنْكَ ، وَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ ، وَعَلَى

نازل کیا، تیرے اس نام کے وسیلہ سے جو تو نے دن پر رکھا تو وہ چمک اٹھا ، اور رات پر رکھا تو

اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ ، وَبِعَظْمَتِكَ وَ كِبْرِيَائِكَ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ

وہ تاریک پڑ گئی ، اور تیری عظمت و کبریائی کے وسیلے سے اور تیری ذات کے نور کے وسیلہ سے یہ بات کہ

تَرْزُقَنِیَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ، وَتُخْلِطَهٗ بِلَحْمِیْ وَدَمِیْ وَسَمْعِیْ

تو مجھے قرآن نصیب کر دے ، اور رچا دے قرآن کو میرے گوشت ، میرے خون ، میرے کان اور میری

وَ بَصَرِیْ ، وَ تَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِیْ بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ ، فَاِنَّهٗ

آنکھوں میں ، اور میرے جسم سے قرآن پر عمل کرالے اپنی قوت اور طاقت کے ساتھ ، کیونکہ تیری

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

مدد کے بغیر نہ قوت ہے نہ طاقت ہے

(42) بِسْمِ اللّٰهِ ذِي الشَّأْنِ، عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ، شَدِيْدِ السُّلْطَانِ

اللہ کے نام کی برکت سے جو بڑی شان والا، بڑی پکی دلیل والا، بڑے دبدبے والا ہے

مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ، اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

جو اللہ نے چاہا وہ ہوگیا، میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان سے جو مردود ہے

(43) اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ (خَمْسًا وَّعِشْرِيْنَ مَرَّةً)

الٰہی! مجھے برکت والی موت عطا فرما اور موت کے بعد بھی برکت عطا فرما (25 مرتبہ پڑھیں)

(44) اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَمِّنَّا مَكْرَكَ، وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ، وَلَا تَهْتِكْ

الٰہی! تو ہمیں اپنی خفیہ تدبیر سے بے خوف نہ بنا، اور اپنی یاد ہم سے نہ بھلا، اور چاک نہ فرما ہم پر سے

عَنَّا سِتْرَكَ، وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْغَافِلِيْنَ

اپنی عیب پوشی کا پردہ، اور ہمیں غافلوں میں سے نہ بنا

(45) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا، وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

الٰہی ! میں تیری پناہ لیتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے

(46) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ بَلَائِكَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری عافیت کا جلد آنا ، اور تیری بلا کا ٹل جانا

وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَا اِلٰى رَحْمَتِكَ

اور دنیا سے نکلنا (موت) تیری رحمت کی طرف

(47) يَا مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ، وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ اَحَدٌ، يَّا اَحَدَ مَنْ

اے وہ ذات جو سب کے بجائے تنہا کافی ہے، اسکی جگہ کوئی کافی نہیں ہوسکتا، اے وہ یکتا ذات جس کیلئے کوئی

لَّا اَحَدَ لَهٗ، يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ، اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ

اور یکتا نہیں، اے وہ ذات جو سب کا سہارا ہے، اسکا کوئی سہارا نہیں، سب سے امیدیں ٹوٹ گئیں سوائے تیرے

نَجِّنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ، وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَا اَنَا عَلَيْهِ، مِمَّا نَزَلَ بِيْ بِجَاهِ

نجات دے مجھے اس مصیبت سے جس میں گرفتار ہوں، مدد فرما میری اس مشکل میں جو مجھ پر آپڑی ہے

وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ، وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ، اٰمِيْنَ

اپنی کریم ذات کے صدقہ میں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں جو تو نے اپنے ذمہ لازم کیا، آمین

(48) اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ، وَاكْنُفْنِيْ بِرُكْنِكَ

الٰہی! میری نگرانی فرما اپنی اس آنکھ سے جو سوتی نہیں، اور پناہ میں لے اپنی اس طاقت کے جسکا تصور

الَّذِيْ لَا يُرَامُ، وَارْحَمْنِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ فَلَا اَهْلِكُ، وَاَنْتَ

بھی نہیں کیا جاسکتا، مجھ پر رحم فرما اپنی قدرت سے جو تجھے مجھ پر ہے، تاکہ میں ہلاک نہ ہوں، اور تو ہی

رَجَائِیْ ، فَکَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَیَّ، قَلَّ لَكَ بِهَا شُکْرِیْ

میری امید ہے ، بہت سی نعمتیں جو تو نے مجھ پر کیں اور میں نے ان کا شکر ادا نہ کیا ، کتنی

وَ کَمْ مِّنْ بَلِیَّةٍ ابْتَلَیْتَنِیْ بِهَا، قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِیْ، فَیَا مَنْ قَلَّ

مصیبتوں میں تو نے میری آزمائش کی اور میں نے ان پر صبر نہ کیا، تو اے وہ ذات کہ جب میں نے اسکی

عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُکْرِیْ فَلَمْ یَحْرِمْنِیْ ، وَ یَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِیَّتِهٖ

نعمتوں کا شکر ادا نہ کیا تو اس نے مجھے محروم نہ رکھا، اے وہ ذات کہ جب اسکی آزمائش پر میں نے صبر

صَبْرِیْ فَلَمْ یَخْذُلْنِیْ ، وَ یَا مَنْ رَّاٰنِیْ عَلَی الْخَطَایَا فَلَمْ یَفْضَحْنِیْ

نہ کیا تو اس نے مجھے رسوا نہ کیا، اے وہ مہربان کہ جب اس نے مجھے خطا کرتے دیکھا تو بدنام نہ کیا

یَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِیْ لَا یَنْقَضِیْ اَبَدًا، وَّ یَا ذَا النَّعْمَاءِ الَّتِیْ لَا

اے ان خوبیوں کے مالک جو کبھی فنا نہیں ہوں گی ، اے ایسے انعامات فرمانے والے جسے کبھی شمار نہیں

تُحْصٰی اَبَدًا، اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بِكَ

کیا جا سکتا، میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، ہم آپ ہی

اَدْرَأُ فِیْ نُحُوْرِ الْاَعْدَاءِ وَ الْجَبَابِرَةِ

کے سہارے سے دفع کرتے ہیں دشمنوں اور ظالموں کو

﴿49﴾ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى دِيْنِيْ بِالدُّنْيَا، وَعَلٰى اٰخِرَتِيْ بِالتَّقْوٰى

الٰہی! میری مدد فرما میرے دین میں دنیا کے ذریعے، اور میری آخرت میں تقوی کے ذریعے مدد کر

وَاحْفَظْنِيْ فِيْمَا غِبْتُ عَنْهُ، وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ فِيْمَا حَضَرْتُهٗ

میری غیر حاضری میں میرے معاملات کی نگرانی فرما، میری موجودگی کے معاملات میری ذات کے سپرد نہ کر

يَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ، وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ، هَبْ لِيْ مَا لَا

اے وہ ذات کہ گناہ جسکا کچھ بگاڑ نہیں سکتے، بخش دینا اسکے لیے کوئی نقصان نہیں، مجھے عطا کر وہ جو تیرے

يَنْقُصُكَ، وَاغْفِرْ لِيْ مَا لَا يَضُرُّكَ، اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ، اَسْئَلُكَ

ہاں نقصان کا باعث نہیں، مجھے بخش دے وہ جس سے تیرا کچھ بگڑتا نہیں، تو بڑا داتا ہے، میں تجھ سے مانگتا

فَرَجًا قَرِيْبًا وَّصَبْرًا جَمِيْلًا، وَّرِزْقًا وَّاسِعًا، وَّالْعَافِيَةَ مِنْ

ہوں فوری کشادگی ، پسندیدہ صبر ، وسیع کشادہ رزق ، اور عافیت ہر

جَمِيْعِ الْبَلَاءِ، وَاَسْئَلُكَ تَمَامَ الْعَافِيَةِ، وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ

بلا سے ،میں تجھ سے پوری عافیت مانگتاہوں ، میں تجھ سے مانگتا ہوں ہمیشہ کی

الْعَافِيَةِ، وَ اَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ، وَاَسْئَلُكَ الْغِنٰى

عافیت، اور تجھ سے عافیت پر شکر گذاری کا طالب ہوں، اور تجھ سے مانگتا ہوں بے نیاز ہو جانا لوگوں

عَنِ النَّاسِ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

سے، بھلائی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے بچنے کی قوت سوائے اللہ کی مدد کے جو بہت بلند اور عظیم ہے

یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ

اے میرے رب، اے میرے رب، اے میرے (سب دعائیں قبول فرما)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

① اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيۡرُ يَا سَمِيۡعُ يَا بَصِيۡرُ ، يَا مَنۡ لَّا شَرِيۡكَ لَهٗ ، وَلَا

الٰہی! اے کبیر ذات ، سننے اور دیکھنے والے ، اے وہ جس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ اس کا

وَزِيۡرَ لَهٗ ، وَ يَا خَالِقَ الشَّمۡسِ وَالۡقَمَرِ الۡمُنِيۡرِ ، وَيَا عِصۡمَةَ

وزیر ہے ، اے سورج کو اور روشن چاند کو پیدا کرنے والے ، اور اے پناہ اس محتاج کے

الۡبَائِسِ الۡخَائِفِ الۡمُسۡتَجِيۡرِ ، وَ يَا رَازِقَ الطِّفۡلِ الصَّغِيۡرِ ، وَ يَا

جو خوف زدہ ہے اور پناہ کا طالب ہے، اے رزق دینے والے چھوٹے بچے کو ، اور اے

جَابِرَ الۡعَظۡمِ الۡكَسِيۡرِ ، اَدۡعُوۡكَ دُعَاءَ الۡبَائِسِ الۡفَقِيۡرِ كَدُعَاءِ

ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے، میں تجھے اس طرح پکارتا ہوں جیسے کوئی محتاج فقیر پکارتا ہے، اور جیسے کوئی

الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ ، اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ

مجبور اندھا پکارتا ہے، میں تیرے عرش کے وسیلے سے تجھ سے مانگتا ہوں جس سے کہ عزت لپٹی ہوئی ہے

وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ، وَبِالْاَسْمَاءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ

اور تیری کتاب میں رحمت کے خزانوں کی کنجیوں کے وسیلے سے، اور تیرے ان آٹھ ناموں کے طفیل جو

عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَجَلَاءَ حُزْنِيْ

آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں، کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کا علاج بنادے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا (کذاو کذا)

پروردگار! تو ہمیں دنیا میں (یہاں آپ اپنی حاجت مانگیے) عطا فرما

② يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ، وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ، وَّيَا قَرِيْبًا

اے ہر تنہا شخص کے غم خوار، اے ہر اکیلے کے ہمدم، اے وہ قریب جو ہم سے کہیں

غَيْرَ بَعِيْدٍ، وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ، وَّيَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ

دور نہیں، اے وہ حاضر جو کہیں غائب نہیں، اے وہ غالب جو کسی سے مغلوب نہیں

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے زندہ رہنے والے اور دوسروں کو تھامنے والے، اے بزرگی و بخشش کے مالک

③ یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ، یَا زَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اے آسمانوں اور زمین کے نور ، اے آسمانوں اور زمین کی زینت

یَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ، یَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اے آسمانوں اور زمین کے زبردست مالک، اے آسمانوں اور زمین کے سہارے

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ، یَا قَیَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اے آسمانوں وزمین کو کسی نمونہ کے بغیر بنانے والے، اے آسمانوں اورزمین کے کھڑا رکھنے والے

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ، یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ ، وَمُنْتَھَی

اے بزرگی و بخشش والے، اے فریاد کرنے والوں کو فریاد رس، اور پناہ مانگنے والوں کی آخری

الْعَائِذِیْنَ ، وَالْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ ، وَالْمُرَوِّحَ عَنِ

پناہ، اے درد مندوں کے دَرد دُور کرنے والے، اے غم زدوں کے

الْمَغْمُوْمِیْنَ ، وَمُجِیْبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّیْنَ ، وَیَا کَاشِفَ الْکُرَبِ

راحت رساں، اے مجبوروں کی دعا قبول کرنے والے، اے بے چینی کو دور کرنے والے

یَا اِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ ، وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ، مَنْزُوْلٌ بِکَ کُلُّ حَاجَۃٍ

اے تمام جہانوں کے معبود، اے ارحم الراحمین ، ساری ضرورتیں تیرے ہی سامنے پیش کرتے ہیں

④ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں فکر کی موت سے ، میں تیری پناہ لیتا ہوں غم کی

الْغَمِّ ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُوْعِ ، فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ ، وَاَعُوْذُ

موت سے ، میں تیری پناہ لیتا ہوں بھوک سے کیونکہ یہ بہت بری رفیق ہے ، میں تیری پناہ

بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ، فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

لیتا ہوں خیانت سے، کیونکہ یہ بہت بری خصلت ہے

⑤ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِیْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِیْ ، وَاجْعَلْ

الٰہی ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر بنا، اور بنادے

عَلَانِيَتِیْ صَالِحَةً

میرا ظاہر بھی بہتر

⑥ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ مِنَ الْمَالِ

الٰہی ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ان اچھی چیزوں کو جو تو دوسروں کو عطا فرمائے ، مال ہو

وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ، غَيْرَ ضَالٍّ وَّلَا مُضِلٍّ

یا بیوی یا اولاد جو نہ خود گمراہ ہو اور نہ دوسروں کو گمراہ کرنے والے ہوں

⑦ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ

الٰہی! تو ہمیں اپنے ان بندوں میں بنالے جو تیرے منتخب ہوں، روشن چہرے چمکدار ہاتھ پیر والے ہوں

الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ

اور مقبول جماعتوں میں ہوں

⑧ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ

الٰہی ! میں تیری پناہ لیتا ہوں کہ تیرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراؤں اور میں یہ جانتا بھی ہوں

بِهٖ، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ

اور تجھ سے استغفار کرتا ہوں اس کی جسے میں نہ جانتا ہوں

⑨ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ، وَبِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ مِنَ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں تیرے بزرگی والے چہرے اور تیرے عظمت والے نام کے صدقہ میں

الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ

کفر اور محتاجی سے

⑩ اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ، وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى اَرْشَدِ اَمْرِيْ

الٰہی ! مجھے میرے نفس کے شر سے بچا، اور مجھے میری ہدایت کے کاموں کے کرنے کی ہمت دے

⑪ اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ ، وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّیْ

الٰہی! تو مجھے پلک جھپکنے کے برابر بھی میرے نفس کے سپرد نہ کر، اور مجھ سے مت چھین اس نیکی کو جوتو

صَالِحَ مَا اَعْطَیْتَنِیْ ، فَاِنَّہٗ لَا نَازِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ ، وَلَا یَعْصِمُ

مجھے عطا فرما چکا، کیونکہ جوتو دے اسکا چھیننے والا کوئی نہیں اور جوتو نہ دے اسکا دینے والا پھر کوئی نہیں

ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ

کسی مالدار کو اس کا مال فائدہ نہ دے گا

⑫ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ غِنَی الْاَھْلِ وَالْمَوْلٰی ، وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں اپنے گھر والوں اور اپنے احباب کیلئے غنی ہونا، میں تیری پناہ لیتا ہوں رشتے

یَّدْعُوَ عَلَیَّ رَحِمٌ قَطَعْتُھَا

ناتے کی بددعا سے جسے میں نے توڑ ڈالا ہو

⑬ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ نَفْسًا بِکَ مُطْمَئِنَّةً ، تُؤْمِنُ بِلِقَائِکَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسا نفس جو تیری ذات سے مطمئن ہو، جو تیری ملاقات کا یقین رکھے

وَتَرْضٰی بِقَضَائِکَ ، وَتَقْنَعُ بِعَطَائِکَ

جو تیرے حکم پر راضی رہے، اور جو تیری بخشش پر قناعت کرے

⑭ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی بَطْنِهٖ ، وَمِنْ

الٰہی ! میں تیری پناہ لیتا ہوں ان جانوروں کے شر سے جو پیٹ کے بل چلتے ہیں ، اور ان کے

شَرِّ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی رِجْلَیْنِ ، وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّمْشِیْ عَلٰی اَرْبَعٍ

شر سے جو دو پیروں پر چلتے ہیں، اور ان کے شر سے جو چار پیروں پر چلتے ہیں

⑮ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنِ امْرَأَةٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں ایسی عورت سے جو بڑھاپے سے پہلے مجھے بوڑھا بنادے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّلَدٍ یَّكُوْنُ عَلَیَّ وَبَالًا ، وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّالٍ

تیری پناہ لیتا ہوں ایسی اولاد سے جو میرے لیے وبال بنے ، تیری پناہ لیتا ہوں ایسے مال سے جو میرے

یَّكُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا ، وَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ صَاحِبِ خَدِیْعَةٍ اِنْ رَّاٰی

لیے عذاب بنے ، تیری پناہ لیتا ہوں اس دغا باز دوست سے جو نیکی دیکھے تو

حَسَنَةً دَفَنَهَا ، وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً اَفْشَاهَا

اس کو دبائے، اور برائی دیکھے تو اسے لوگوں میں کہتا پھرے

⑯ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ

الٰہی! تو میرے چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے ، سو میری معذرت قبول فرمالے

وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ ، فَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ ، وَتَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ

تو میری ضرورت جانتا ہے سو مجھے میری حاجت کی چیز عطا فرما، تو جانتا ہے جو کچھ میرے نفس میں ہے

فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ . اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ

سو میرے گناہ بخش دے، الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ ایمان جو میرے دل میں رچ بس جائے

وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ

اور وہ سچا یقین تاکہ میں اس پر یقین رکھوں کہ مجھے نہیں پہنچ سکتا مگر وہ جو تو نے میرے مقدر میں لکھ دیا

وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِيْ ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اور مجھے اس پر رضامندی عطا کر جو تو نے مجھے دیا، بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

⑰ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا مَّعَ دَوَامِكَ ، وَلَكَ الْحَمْدُ

الٰہی! سب تعریفیں تیری ہیں ایسی جو ہمیشہ رہنے والی ہے تیری ہمیشگی کیساتھ، سب تعریفیں تیری ہیں ایسی

حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ

باقی رہنے والی ہے تیری ہمیشگی کیساتھ، سب تعریفیں تیری ہیں ایسی جس کا خاتمہ نہیں تیری

مَشِيَّتِكَ ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا لَّا يُرِيْدُ قَائِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ

مشیت سے پہلے، سب تعریفیں تیری ہیں ہمیشہ ایسی جسکا کرنے والا تیری رضا کے سوا کوئی نیت نہیں رکھتا

وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ

سب تعریفیں تیری ہیں اتنی کہ جتنی بار آنکھ جھپکے اور ہر جاندار جتنی بار سانس لے

⑱ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ وَّرَائِنَا بِرَحْمَتِكَ

الٰہی! میرے دل کو اپنے دین کی طرف راغب کر اور ہمارے پیچھے اپنی رحمت کیساتھ ہماری حفاظت فرما

⑲ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِيْ اَنْ اَزِلَّ، وَاهْدِنِيْ اَنْ اَضِلَّ

الٰہی! مجھے ثابت قدم رکھ کہیں پھسل نہ جاؤں، مجھے ہدایت عطا کر کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں

⑳ اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَلْبِيْ ، فَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

الٰہی! جس طرح تو میرے اور میرے دل کے درمیان حائل ہو گیا ہے، اسی طرح تو حائل ہو جا میرے

الشَّيْطَانِ وَعَمَلِهٖ

اور شیطان اور اس کے اعمال کے درمیان

㉑ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ ، وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ ، وَبَارِكْ

الٰہی! ہمیں اپنے فضل سے رزق عطا کر، ہمیں اپنے رزق سے محروم نہ کر، اور ہمیں برکت عطا کر اس

لَنَا فِيْ مَا رَزَقْتَنَا ، وَاجْعَلْ غِنَائَنَا فِيْ اَنْفُسِنَا ، وَاجْعَلْ

رزق میں جو تو نے ہمیں دیا ، اور ہمیں دل کی تونگری عطا فرما ،اور ڈال دے ہم میں

رَغْبَتَنَا فِيْ مَا عِنْدَكَ

ان نعمتوں کی رغبت جو تیری طرف سے ہیں

(22) اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِيْمٌ، اِنَّكَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ، اِنَّكَ غَفُوْرٌ

الٰہی! تو سب کا خالق بڑی عظمت والا ہے، تو سننے والا اور جاننے والا ہے، تو بخشنے والا بڑا

رَّحِيْمٌ، اِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَّادُ

مہربان ہے، یقینا تو عظیم عرش کا مالک ہے، الٰہی! تو ہی ہے بڑا محسن بڑا سخی اور

الْكَرِيْمُ، اِغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ

کرم کرنے والا، میرے گناہ بخش دے، مجھ پر رحم کر، مجھے عافیت دے، مجھے رزق عطا کر، میری پردہ پوشی فرما

وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ، وَاَدْخِلْنِيَ الْجَنَّةَ

میری اصلاح کر، مجھے بلند فرما، مجھے ہدایت دے اور گمراہ نہ کر، مجھے جنت میں داخل کر دے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین

(23) اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِيْ، وَفِيْ نَفْسِيْ لَكَ رَبِّ فَذَلِّلْنِيْ، وَفِيْ

پروردگار! مجھے اپنی بارگاہ میں پسند فرمالے، پروردگار! تو اپنے لیے مجھے میری نظروں میں ذلیل رکھ اور

اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِيْ ، وَ مِنْ سَيِّءِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِيْ

دوسروں کی نگاہوں میں مجھے عزت والا بنا، اور برے اخلاق سے مجھے محفوظ رکھ

(24) اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ

الٰہی! تو نے ہم سے وہ چیز طلب کی ہے جس کے ہم خود مالک نہیں ہیں مگر تیری ہی مدد کے ساتھ

فَاَعْطِنَا مِنْهَا مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا

سواب تو اس میں سے ہم کو وہ عمل عطا فرما جو تجھے ہم سے راضی کر دے

(25) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا دَائِمًا، وَّاَسْئَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ ایمان جو دائمی ہو، میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ دل جو عاجزی کرنے والا ہو

وَّاَسْئَلُكَ يَقِيْنًا صَادِقًا ، وَّاَسْئَلُكَ دِيْنًا قَيِّمًا ، وَّ اَسْئَلُكَ

میں تجھ سے مانگتا ہوں سچا یقین، میں تجھ سے مانگتا ہوں سیدھا دین ،میں تجھ سے مانگتا ہوں

الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ ، وَّاَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ ، وَاَسْئَلُكَ

ہر بلا سے عافیت ، میں تجھ سے مانگتا ہوں ہمیشہ کا چین اور عافیت ، میں تجھ سے مانگتا ہوں

الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ، وَاَسْئَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ

عافیت پر شکر گذاری، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں لوگوں سے بے نیاز ہو جانا

(26) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ بَطَرِ الْغِنٰى وَمَذَلَّةِ الْفَقْرِ ، يَا مَنْ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں مالداری پر اکڑنے سے، اور فقیری کی ذلت سے، اے وہ ذات جس نے

وَّعَدَ فَوَفٰى ، وَ اَوْعَدَ فَعَفَا ، اِغْفِرْ لِمَنْ ظَلَمَ وَاَسَاءَ ، يَا مَنْ

وعدہ کیا تو پورا کیا، عذاب کا بتایا تو بخش دیا، معاف کر اس کو جس نے ظلم کیا اور برا عمل کیا، اے وہ ذات جسے

يَّسُرُّهٗ طَاعَتِيْ ، وَلَا تَضُرُّهٗ مَعْصِيَتِيْ ، هَبْ لِيْ مَا يَسُرُّكَ

میری اطاعت خوش کردیتی ہے، میری نافرمانی اسکا کچھ نہیں بگاڑتی، مجھے وہ عطا فرما جو تجھے خوش کردے

وَاغْفِرْ لِيْ مَالَا يَضُرُّكَ

اور جو تیرا کچھ بگاڑتی نہیں تو مجھے وہ معاف فرمادے

(27) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّكِّ فِي الْحَقِّ بَعْدَ الْيَقِيْنِ وَاَعُوْذُ

الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں یقین کر لینے کے بعد حق میں شک کرنے سے، میں تیری پناہ لیتا ہوں

بِكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ

شیطان مردود سے اور میں تیری پناہ لیتا ہوں قیامت کے دن کے شر سے

(28) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ، ثُمَّ عُدْتُّ

الٰہی! میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں ان گناہوں سے جو میں نے توبہ کرنے کے بعد پھر کیے ہیں

فِيْهِ، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا اَعْطَيْتُكَ مِنْ نَّفْسِيْ، ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ

تجھ سے معافی مانگتا ہوں ان وعدوں کی جو میں نے تجھ سے کیے تھے اور پھر میں نے وہ تجھ سے پورے

بِهٖ ، وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِيْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ

نہ کیے، تجھ سے معافی مانگتا ہوں ان نعمتوں کی جن کو میں نے تیری نافرمانی کرنے کا ذریعہ بنالیا ہو

وَاَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ ، فَخَالَطَنِيْ فِيْهِ

تجھ سے معافی مانگتا ہوں ہر اس بھلائی کی جسے میں نے تیری نیت سے کرنے کا ارادہ کیا پھر اسمیں شامل

مَا لَيْسَ لَكَ . اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِيْ ، فَاِنَّكَ بِيْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِيْ

ہو گیا جو تیرے لیے نہ تھا، الٰہی! تو مجھے رسوا نہ کرنا، کیونکہ تو مجھے خوب جانتا ہے اور مجھے عذاب نہ دینا

فَاِنَّكَ عَلَيَّ قَادِرٌ

کیونکہ تو ہر طرح مجھ پر قادر ہے

(29) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ ، وَاسْتَهْدَاكَ

الٰہی! مجھے ان لوگوں میں بنا جنہوں نے تیری ذات پر بھروسہ کیا تو ان کیلئے تو کافی ہو گیا، اور جنہوں نے تجھ

فَهَدَيْتَهٗ ، وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ

سے ہدایت مانگی تو تو نے انکو نصیب فرما دی اور تجھ سے مدد مانگی تو تو نے ان کی مدد کی

30 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِيْ خَشْيَتَكَ وَذِكْرَكَ، وَاجْعَلْ

الٰہی ! میرے دل کے خیالات کواپنا خوف اور اپنی یاد بنادے ، اور لگادے میری ہمت اور

هِمَّتِيْ وَهَوَايَ فِيْمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى. اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِيْ بِهٖ مِنْ

خواہش کواس عمل میں جو تجھے پسند ہوں اورتو ان سے راضی ہوں، الٰہی! جس طرح بھی تو نے مجھے آزمایا

رَّخَاءٍ وَّشِدَّةٍ، فَمَسِّكْنِيْ بِسُنَّةِ الْحَقِّ، وَشَرِيْعَةِ الْاِسْلَامِ

خواہ نرمی ہو یا سختی، تو اس میں مجھے مضبوطی سے قائم رکھنا حق طریقہ پر اور شریعت اسلام پر

31 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِي الْاَشْيَاءِ كُلِّهَا

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں سب چیزوں میں نعمتوں کا کامل اور پورا ہونا اور

وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى ، وَبَعْدَ الرِّضٰى وَالْخِيَرَةَ فِيْ

اس پر تیرا شکر ادا کرنا تاکہ تو راضی ہوجائے ، اور انتخاب فرمانا تمام ایسی چیزوں میں جن میں

جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ ، وَبِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

انتخاب ہوتاہے اور پسند فرمانا سب آسان کاموں کا ، نہ ان کاموں کا

لَا بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ

جو مشکل ہوں اے بزرگی اور شرف والے

㉜ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ، وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا، وَّالشَّمْسَ

الٰہی! اے صبح کو پھاڑ کر نکالنے والے! اور رات کو سکون و آرام کے لیے بنانے والے! اور سورج

وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ، اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ ، وَاَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ

اور چاند کو حساب سے چلانے والے! میرا قرض ادا کردے، مجھے محتاجی سے بے نیاز فرمادے

وَقَوِّنِيْ عَلَى الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ

اور اپنے راستہ میں جہاد کی طاقت بخش دے

㉝ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ، وَلَكَ

الٰہی! تیری تعریف تیری آزمائش پر بھی، اور تیرے ہر سلوک پر جو تو اپنی مخلوق کیساتھ کرے، الٰہی تیری

الْحَمْدُ فِيْ بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى اَهْلِ بُيُوْتِنَا، وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ

تعریف تیری آزمائش پر اور تیرے ہر عمل پر جو تو ہمارے گھر والوں کیساتھ کرے، اور تیری تعریف

بَلَائِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً ، وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا

تیری آزمائش پر اور تیرے اس سلوک پر جو تو خاص ہمارے ساتھ کرے، تیری تعریف اس پر کہ تو نے ہمیں

هَدَيْتَنَا، وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا اَكْرَمْتَنَا، وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا

ہدایت دی، تیری تعریف اس پر کہ تو نے ہمیں شرف بخشا، تیری تعریف اس پر کہ تو نے ہماری پردہ پوشی کی

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ ، وَ لَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ ، وَ لَكَ

تیری تعریف قرآن نازل کرنے پر، تیری تعریف کہ تو نے گھر والے اور مال بھی بخشا، تیری تعریف

الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ ، وَ لَكَ الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى ، وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا

عافیت دینے پر، تیری تعریف اتنی کہ تو راضی ہوجائے ، تیری تعریف اس وقت بھی جب تو راضی

رَضِيْتَ يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ

ہوجائے، اے وہ ذات جس سے ڈرنا اور معافی طلب کرنا اسی کے شایان شان ہے

(34) اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ

الٰہی! مجھے توفیق دے ہر اس بات کی جسے تو پسند کرے اور جس سے تو راضی ہو، یعنی بات کی عمل کی

وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ وَالْهُدٰى ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

فعل کی، نیت کی اور ہدایت کی، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے

(35) اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

الٰہی! ساتوں آسمانوں کے پروردگار، اور عظیم عرش کے مالک

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ ، وَمِنْ اَيْنَ شِئْتَ

الٰہی! میری ہر مشکل میں تو کافی ہوجا، جس طرح سے تو چاہے اور جس جگہ سے تو چاہے

(36) حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدِیْنِیْ ، حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَآ اَهَمَّنِیْ، حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ

اللہ مجھے کافی ہے میرے دین کیلئے، اللہ مجھے کافی ہے ان کیلئے جو مجھے فکر میں مبتلا کریں، اللہ مجھے کافی ہے

بَغٰی عَلَیَّ، حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِیْ، حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِیْ بِسُوْٓءٍ

جو مجھ پر ظلم کرے، اللہ مجھے کافی ہے جو مجھ سے حسد کرے، اللہ مجھے کافی ہے جو مجھے فریب دے برائی سے

حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْأَلَةِ فِی الْقَبْرِ

اللہ مجھے کافی ہے موت کے وقت، اللہ مجھے کافی ہے قبر میں سوال کے وقت

حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ ، حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ ، حَسْبِیَ

اللہ مجھے کافی ہے میزان عمل کے وقت، اللہ مجھے کافی ہے پل صراط کے اوپر، اللہ ہی مجھے کافی ہے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ، عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

معبود کوئی نہیں سوائے اسکے ، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہی مالک ہے عظیم عرش کا

(37) اَللّٰهُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ اِلٰی مَنْ یَّعْلَمُ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ

الٰہی! موت محبوب بنادے اس شخص کے لیے جسے یقین ہو اس بات پر کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلُكَ

تیرے رسول ہیں

(38) اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ رَبٌّ عَظِيْمٌ ، لَّا يَسَعُكَ شَيْءٌ مِّمَّا خَلَقْتَ

الٰہی! تو بڑی عظمت والا رب ہے ،کوئی چیز تجھے نہیں سماتی جو تونے پیدا کی

وَاَنْتَ تَرٰى وَ لَا تُرٰى ، وَ اَنْتَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰى ، وَ اَنَّ لَكَ

تو سب کو دیکھتا ہے اور تجھے نہیں دیکھا جاسکتا، تو سب سے بلند منظر پر ہے، اور تیرے ہی لیے ہے

الْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ، وَ لَكَ الْمَمَاتُ وَالْمَحْيَا ، وَ اِلَيْكَ الْمُنْتَهٰى

آخرت اور دنیا، مرنا اور جینا تیرے ہی لیے ہے ، اور تیری ہی طرف ہے سب کا پہنچنا اور

وَالرُّجْعٰى ، نَعُوْذُبِكَ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى

پھر لوٹ کر آنا، ہم تیری پناہ لیتے ہیں اس سے کہ ہم ذلیل ورسوا ہوں

(39) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ ، وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں شکر والوں کا ثواب ، اور مقرب بندوں کی مہمانی

وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ ، وَيَقِيْنَ الصِّدِّيْقِيْنَ ، وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ

اورنبیوں کا ساتھ ، اور صدیقین کا یقین ، اور پرہیزگاروں کی عاجزی

وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ ، حَتّٰى تَوَفَّانِيْ عَلٰى ذٰلِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِيْنَ

اور یقین والوں کا خشوع یہاں تک کہ تو مجھے اٹھالے اسی حالت پر اے ارحم الراحمین!

(40) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِغَةِ عَلَیَّ ، وَ بَلَائِكَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری ان نعمتوں کے طفیل جو مجھ پر ہو چکیں، اور تیری اس اچھی آزمائش کے

الْحَسَنِ الَّذِیْ ابْتَلَیْتَنِیْ بِهٖ ، وَفَضْلِكَ الَّذِیْ فَضَّلْتَ عَلَیَّ اَنْ

وسیلہ سے جس سے تو نے میرا امتحان لیا، اور تیرے اس فضل کے وسیلہ سے جو تو نے مجھ پر کیا، یہ بات کہ

تُدْخِلَنِیَ الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ

تو اپنے احسان، اپنے فضل اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل فرما دے

(41) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِیْمِ ، وَاَمْرِكَ الْعَظِیْمِ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری کریم ذات کے وسیلے سے، تیرے عظمت والے حکم کے وسیلے سے کہ

اَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنَ النَّارِ وَالْكُفْرِ وَالْفَقْرِ

تو مجھے پناہ دے دوزخ کی آگ سے، کفر سے اور محتاجی سے

(42) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَاءَةِ، وَمِنْ لَّدْغَةِ الْحَیَّةِ

الٰہی! میری تیری پناہ لیتا ہوں اچانک موت سے ، سانپ کے کاٹنے سے

وَمِنَ السَّبُعِ ، وَمِنَ الْغَرَقِ ، وَمِنَ الْحَرَقِ ، وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰی

درندوں سے ، ڈوب جانے سے ، جل جانے سے ، اور اس بات سے کہ میں کسی چیز پر

شَیْءٍ، وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ

گر پڑوں، اور لشکر کے بھاگنے کے وقت قتل ہونے سے

(43) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا دَائِمًا وَّهُدًى قَیِّمًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں دائمی ایمان ، صحیح ہدایت ، اور نفع بخش علم

(44) اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عِنْدِیْ نِعْمَةً اُكَافِیْهِ بِهَا

الٰہی! تو کسی فاسق کا احسان میرے اوپر نہ رکھنا جس کا بدلہ مجھے دینا پڑے

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

دنیا و آخرت میں

(45) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ، وَ وَسِّعْ لِیْ خُلُقِیْ، وَطَیِّبْ لِیْ كَسْبِیْ

الٰہی! میرے گناہ بخش دے ، میرے اخلاق وسیع کردے، میری کمائی پاکیزہ کردے

وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ، وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِیْ اِلٰى شَیْءٍ صَرَّفْتَهٗ عَنِّیْ

جو رزق تو مجھے دے اس پر قناعت نصیب فرما، اور اس چیز کی طلب مجھ سے ختم فرما جو تو مجھ سے ہٹا لے

(46) اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے نام کی برکت میری جان پر میرے دین پر

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِىْ وَمَالِىْ ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ اَعْطَانِىْ رَبِّىْ

اللہ کے نام کی برکت میرے گھر والوں اور میرے مال پر، اللہ کے نام کی برکت ہر چیز پر جو میرے رب نے مجھے دی

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ ، بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ

اللہ کے نام سے جو سب ناموں سے بہتر ہے، اللہ کے نام سے جو رب ہے آسمان اور زمین کا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ دَاءٌ ، بِسْمِ اللّٰهِ افْتَتَحْتُ

اللہ کے نام سے جس کی برکت سے کوئی بیماری نقصان نہیں پہنچا سکتی، اللہ کے نام سے میں نے شروع کیا

وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ ، اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ اَحَدًا ، اَسْئَلُكَ

اللہ کی ذات پر میں نے بھروسہ کیا، اللہ ہی اللہ میرا رب ہے، میں کسی کو اسکا شریک نہیں ٹھہراتا، میں تجھ سے

اَللّٰهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ الَّذِىْ لَا يُعْطِيْهِ غَيْرُكَ ، عَزَّ جَارُكَ

مانگتا ہوں الٰہی تیری خیر کے وسیلے سے وہ بھلائی جو تیرے سوا کوئی نہیں دے سکتا، تیری پناہ عزت والی ہے

وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، اِجْعَلْنِىْ فِىْ عِيَاذِكَ وَجِوَارِكَ

تیری ثنا بڑی ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، مجھے اپنی پناہ اور قرب میں لے لے

مِنْ كُلِّ سُوْءٍ ، وَّمِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَجِيْرُكَ

ہر برائی سے اور شیطان مردود سے ، الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں

مِنْ جَمِيْعِ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ، وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَاُقَدِّمُ بَيْنَ

ہر مخلوق سے جو تو نے بنائی اور تیری حفاظت مانگتا ہوں ان سب سے اور اپنے آگے رکھتا ہوں اس سورت

يَدَيَّ ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○

کو، اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے، آپ کہہ دیجیے کہ وہ اللہ ایک ہے

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

اللہ بے نیاز ہے، اس کی اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے، اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے

مِنْ اَمَامِيْ وَ مِنْ خَلْفِيْ وَ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَ عَنْ شِمَالِيْ وَ مِنْ فَوْقِيْ

اپنے سامنے اور پیچھے ، اپنے دائیں اور بائیں ، اپنے اوپر

وَمِنْ تَحْتِيْ

اور اپنے نیچے (تمام جہات میں یعنی سامنے، پیچھے، دائیں، بائیں، اوپر، نیچے قل ھو اللہ شریف پڑھے)

(47) خَلَقْتَ رَبَّنَا فَسَوَّيْتَ ، وَقَدَّرْتَ رَبَّنَا فَقَضَيْتَ ، وَ عَلٰى

پروردگار تو نے پیدا کیا، پھر اسکو درست کیا، پروردگار تو نے تقدیر بنائی پھر اسکے مطابق حکم دیا اور اپنے

عَرْشِكَ اسْتَوَيْتَ ، وَاَمَتَّ فَاَحْيَيْتَ ، وَاَطْعَمْتَ فَاَشْبَعْتَ

عرش پر تجلی فرمائی ، تو نے موت دی پھر تو نے ہی زندہ کیا، تو نے کھانا کھلایا تو پیٹ بھر دیا

وَاَسْقَيْتَ فَاَرْوَيْتَ ، وَحَمَلْتَ فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ عَلٰى فُلْكِكَ

پانی پلایا توسیراب کیا، اوراپنی خشکی اور تری میں تونے سوار کیا اپنی کشتی پر

وَعَلٰى دَوَابِّكَ وَ عَلٰى اَنْعَامِكَ، فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً

اپنے چوپایوں پر اور اپنے دوسرے جانوروں پر، سواب مجھے اپنے دربار میں بھیدی بنالے

وَّاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ، وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ

اپنے دربار میں مجھے قرب عطا کراور عمدہ ٹھکانا بنا،اور مجھے ان بندوں میں سے بنا جوڈرتے ہیں تیرے سامنے

مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ ، وَ يَرْجُوْ لِقَائَكَ، وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ

کھڑا ہونے سے اور تیرے عذاب سے، تیری ملاقات کی امید رکھتے ہیں، مجھے ان بندوں میں سے بنا

اِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا، وَّاَسْئَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ، وَّعِلْمًا نَّجِيْحًا

جو تیرے سامنے خالص توبہ کریں، میں تجھ سے مانگتاہوں مقبول عمل ، اوردرست علم

وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا ، وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ

وہ کوشش جس کی قدر ہو، ایسی تجارت جو گھاٹے میں نہ رہے

(48) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ بِمَا شَهِدْتَّ بِهٖ عَلٰى نَفْسِكَ وَ شَهِدَتْ

الٰہی! میں تجھے گواہ بناتاہوں جس کی تونے شہادت دی اپنے نفس پراور جس کی شہادت دی تیرے

بِهٖ مَلَائِكَتُكَ وَاَنْبِيَائُكَ وَاُولُوا الْعِلْمِ، وَمَنْ لَّمْ يَشْهَدْ

تیرے فرشتوں نے، تیرے انبیاء نے اور اہل علم نے (توحید پر) اور جس نے اس بات کی شہادت نہ دی

بِمَا شَهِدْتَّ بِهٖ ، فَاكْتُبْ شَهَادَتِيْ مَكَانَ شَهَادَتِهٖ ، اَنْتَ

جس کی تو نے شہادت دی ہے تو تو اس کی شہادت کے بدلہ بھی میرے شہادت لکھ لے، تیرا نام

السَّلَامُ ، وَمِنْكَ السَّلَامُ ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

سلام ہے، سلامتی تیری طرف سے ہے، تو بڑی برکت والا ہے اے جلال اور بخشش والی ذات

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اپنی گردن کا چھوٹ جانا

(49) اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ، وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ

اے اللہ! میری مدد کرنا موت کی شدتوں میں اور موت کی سختیوں میں

(50) وَاٰخِرُ دُعَائِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری دعا یہ تھی: اے اللہ مجھے معاف فرما

وَارْحَمْنِيْ، وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى

مجھ پر رحم فرما، اور مجھے سب سے بلند رفیق سے ملا دے

﴿51﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○

تمہارا رب پاک ہے۔ عزت کا مالک ہے۔ ان تمام عیبوں سے جو یہ کافر اس پر لگاتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

سلام ہو سب رسولوں پر اور سب تعریف اس اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

① اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی

الٰہی! تو اپنی رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر جیسی رحمت تو نے نازل فرمائی

اِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ، اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ، اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ

ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، یقیناً تو قابل تعریف بڑی شان والا ہے، الٰہی! برکت نازل فرما

عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی اِبۡرَاھِیۡمَ، وَعَلٰی اٰلِ

محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر جیسی برکت تو نے نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور آل

اِبۡرَاھِیۡمَ، اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ

ابراہیم علیہ السلام پر، یقیناً تو قابل تعریف بڑی شان والا ہے

② اَللّٰھُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰی

الٰہی! رحمت فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر جیسی رحمت تو نے فرمائی

اِبْرَاھِیْمَ، وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، یقیناً تو قابل تعریف بڑی شان والا ہے

③ اَللّٰھُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰی

الٰہی! شفقت فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر جیسے شفقت فرمائی تو نے

اِبْرَاھِیْمَ، وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، یقیناً تو قابل تعریف بڑی شان والا ہے

④ اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ، کَمَا سَلَّمْتَ عَلٰی

الٰہی! سلام نازل فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر، جیسا سلام تو نے نازل فرمایا

اِبْرَاھِیْمَ، وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ، اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر، یقیناً تو قابل تعریف بڑی شان والا ہے

⑤ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ، وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّھَاتِ

الٰہی! اپنی رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر جو اُمی نبی ہیں، اور آپ کی ازواج پر جو مائیں ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ، وَذُرِّيَّتِهٖ، وَاَهْلِ بَيْتِهٖ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

مؤمنین کی، آپ کی اولاد پر، آپ کے اہل بیت پر، جیسی رحمت تو نے نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ، وَعَلٰى اٰلِ

اور آل ابراہیم علیہ السلام پر،اور برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اُمی نبی ہیں،اور آل

مُحَمَّدٍ، وَّاَزْوَاجِهٖ، وَاَهْلِ بَيْتِهٖ، وَ ذُرِّيَّتِهٖ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر،آپ کی ازواج پر، اہل بیت پر، اور آپ کی اولاد پر،جیسی برکت نازل فرمائی تو نے

اِبْرَاهِيْمَ، وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ، اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ابراہیم علیہ السلام پراورآل ابراہیم علیہ السلام پرتمام جہانوں میں، یقیناتو قابل تعریف اور بڑی شان والا ہے

(6) اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

الٰہی! قیامت کے دن ان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اپنے دربار میں قرب کا مقام عطافرمانا

(7) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ وَ رَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ

الٰہی! اپنی رحمتیں اور برکتیں اور مہربانی ان کے حصے میں کردے جو سردار ہیں سب

الْمُرْسَلِيْنَ، وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

رسولوں کے، سب متقیوں کے پیشوا،اور خاتم النبیین ہیں یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تیرے بندے اور

وَرَسُوْلِكَ ، اِمَامِ الْخَيْرِ ، وَ قَائِدِ الْخَيْرِ ، وَ رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ

تیرے رسول ہیں، نیکی کے امام اور نیکی کے پیشوا ہیں، اور رحمت والے رسول ہیں

اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ

الٰہی! ان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اس مقام محمود میں اُٹھانا جس پر سب اگلے اور پچھلے رشک کریں گے

⑧ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

الٰہی! تو اپنی رحمتیں ، برکتیں اور مہربانی کردے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصے میں اور

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ، وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصہ میں ، جیسا کہ تو نے کیا ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام کے حصہ میں

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

یقیناً تو قابل تعریف اور بڑی شان والا ہے

⑨ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

الٰہی! تو اپنی رحمت بھیج محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور پہنچادے انہیں مقام وسیلہ میں اور جنت کے

الرَّفِيْعَةَ مِنَ الْجَنَّةِ ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ ، وَفِي

بلند مرتبہ میں، الٰہی! تو کردے ان کی محبت اپنے چنے ہوئے بندوں میں اور ان کی

الْمُقَرَّ بِيْنَ مَوَدَّتَهٗ ، وَ فِي الْاَعْلَيْنَ ذِكْرَهٗ ، وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ

دوستی اپنے مقربین میں ، اور ان کا ذکر اونچے مرتبہ والوں میں ، ان پر اللہ کی سلامتی

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اور رحمت اور برکتیں ہوں

⑩ اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ ، وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ ، وَجَبَّارَ

الٰہی! زمینوں کو بچھانے والے ، آسمانوں کو پیدا کرنے والے ،اور بزور بنانے والے

الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيْدِهَا ، اِجْعَلْ شَرَائِفَ

دلوں کے اسکی فطرت پر ان بدبخت کو اور نیک بخت کو ، نازل فرما اپنی بزرگ ترین

صَلَوَاتِكَ ، وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ ، وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

رحمتیں، بڑھنے والی برکتیں ، اور اپنی شفقت ومہربانی کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیرے بندے اور تیرے

وَرَسُوْلِكَ الْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ ، وَالْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ ، وَ الْمُعْلِنِ

رسول ہیں، خاتم ہیں نبوت کے جو ہو چکی، جو سعادت بند کردی گئی تھی اسے کھولنے والے، ظاہر کرنے والے

الْحَقَّ بِالْحَقِّ ، وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْاَبَاطِيْلِ ، كَمَا حُمِّلَ

حق کو سچائی کیساتھ، باطل کے لشکروں کو توڑنے والے، جیسا کہ آپ کو ذمہ داری دی گئی تھی سو تیار

فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ لِطَاعَتِكَ ، مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ ، بِغَيْرِ

ہو گئے تیرے حکم پر تیری اطاعت کیلئے، جلدی کرنے والے تھے تیری رضامندی میں، پاؤں میں کسی

نِكْلٍ عَنْ قَدَمٍ ، وَّلَا وَهْنٍ فِيْ عَزْمٍ ، وَّاعِيًا لِّوَحْيِكَ ، حَافِظًا

قید کے بغیر اور ارادہ میں بغیر کسی سستی کے، نگرانی کرنے والے تیری وحی کے، محافظ تیرے

لِّعَهْدِكَ ، مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ اَمْرِكَ ، حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ

عہد کے، تیرے حکم کو نافذ کرنے میں کر گزرنے والے، یہاں تک کہ روشن کر دیا شعلہ روشنی لینے والوں کیلئے

اٰلَاءُ اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابَهٗ ، بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ

اللہ کی نعمتیں ملا دیتی ہیں اسکے اسباب کو ان سے جو اسکے اہل ہیں، آپ ہی کے سبب دلوں کو ہدایت ملی اسکے

خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ ، وَ اَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ

بعد کہ وہ فتنوں اور گناہوں میں ڈوب چکے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رونق بخشی ظاہر کرنے والی نشانیوں کو

وَمُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ ، وَ نَائِرَاتِ الْاَحْكَامِ ، فَهُوَ اَمِيْنُكَ

اسلام کی چیزوں اور اسکے روشن احکام کو پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی تیرے امانت دار اور

الْمَاْمُوْنُ ، وَخَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ ، وَ شَهِيْدُكَ يَوْمَ

قابل بھروسہ ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی تیرے پوشیدہ خزانوں کے نگہبان ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی قیامت کے

الدِّيۡنِ، وَبَعِيۡثُكَ نِعۡمَةً ، وَّرَسُوۡلُكَ بِالۡحَقِّ رَحۡمَةً

دن تیرے گواہ ہیں، تیری بھیجی ہوئی نعمت ہیں، اور تیرے رسول برحق ہیں رحمت بن کر

اَللّٰهُمَّ افۡسَحۡ لَهٗ مَفۡسَحًا فِيۡ عَدۡنِكَ ، وَاجۡزِهٖ مُضَاعَفَاتِ

الٰہی! کشادہ کردے ان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جگہ اپنی دائمی جنت میں، اور ان کو نیکیوں کا دوگنا بدلہ دے

الۡخَيۡرِ مِنۡ فَضۡلِكَ ، مُهَنَّاتٍ لَّهٗ غَيۡرَ مُكَدَّرَاتٍ ، مِّنۡ وُّفُوۡرِ

اپنے فضل سے، جو آپ کو خوش آئند ہو اور اس میں ذرا تکدر نہ ہو، یہ سب کچھ تیرے بے انتہا ثواب

ثَوَابِكَ الۡمَضۡنُوۡنِ وَجَزِيۡلِ عَطَائِكَ الۡمَخۡزُوۡنِ

اور تیرے بڑے انعامات کے سبب جو تیرے ہاں جمع ہیں

اَللّٰهُمَّ اَعۡلِ عَلٰى بِنَاءِ الۡبَانِيۡنَ بِنَاءَهٗ، وَاَكۡرِمۡ مَّثۡوَاهُ لَدَيۡكَ،

الٰہی تو بلند کرنا ان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی منزل سب کی منزلوں پر، اور اپنے دربار میں انکا مقام بلند فرما اور

وَنُزُلَهٗ ، وَاَتۡمِمۡ لَهٗ نُوۡرَهٗ ، وَاجۡزِهٖ مِنِ انۡبِعَاثِكَ لَهٗ مَقۡبُوۡلَ

انکی اچھی مہمانی کر، پورا کردے ان کیلئے اپنا نور، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بدلہ دے آپ کو کھڑا کرکے کہ آپ کی

الشَّهَادَةِ ، وَمَرۡضِيَّ الۡمَقَالَةِ ، ذَا مَنۡطِقٍ عَدۡلٍ ، وَّخُطَّةٍ

گواہی مقبول ہو، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول تیری مرضی کا ہو، آپ کی بات انصاف کی ہو، اور حق و باطل کے

فَصْلٍ، وَّحُجَّةٍ وَّبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ

درمیان فیصلہ کن ہو، اور عظیم حجت والے ہوں

⑪ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا سَامِعِيْنَ مُطِيْعِيْنَ ، وَ اَوْلِيَاءَ مُخْلِصِيْنَ

الٰہی! ہمیں ایسا بنادے کہ تیرے حکموں کو سننے اور ماننے والے بن جائیں ، باہم مخلص دوست اور

وَرُفَقَاءَ مُصَاحِبِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ

ہم صحبت رفیق بن جائیں، الٰہی! آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ہمارا سلام پہنچادے

وَارْدُدْ عَلَيْنَا مِنْهُ السَّلَامَ

اور آپ کی جانب سے ہمیں سلام کے جواب کا فخر عطا فرما

⑫ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ

الٰہی! اپنی رحمت نازل فرما نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتنی مرتبہ جتنی مرتبہ تیری مخلوق نے ان پر درود

خَلْقِكَ ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ

بھیجی ہو، اور اپنی رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس طرح جیسا کہ ہمارے لائق ہو آپ پر درود

عَلَيْهِ ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِ النَّبِيِّ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ

بھیجنا، اور اپنی رحمت نازل فرما نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس طرح جیسا تو نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا

(13) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ صَلَوَاتِكَ شَيْءٌ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہاں تک کہ تیری رحمتوں میں سے کچھ باقی نہ رہے

وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ بَرَكَاتِكَ شَيْءٌ، وَسَلِّمْ عَلٰى

اور برکتیں نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں تک کہ تیری برکتوں میں سے کچھ باقی نہ رہے، اور سلام بھیج

مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ السَّلَامِ شَيْءٌ ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا حَتّٰى

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہاں تک کہ تیری سلامتی میں سے کچھ نہ بچے، اور رحمت فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہاں تک کہ

لَا يَبْقٰى مِنْ رَحْمَتِكَ شَيْءٌ

تیری رحمت میں سے کچھ باقی نہ رہے

(14) جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ

اللہ ہماری جانب سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا بدلہ عطا فرما جو آپ کی شایان شان ہو

(15) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ، وَصَلِّ عَلٰى جَسَدِ

الٰہی! اپنی رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پر درمیان تمام ارواح کے، اور رحمت نازل فرما آپ کے جسم

مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ، وَصَلِّ عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ

پر درمیان تمام جسموں کے، اور رحمت نازل فرما آپ کی قبر پر درمیان تمام قبروں کے

﴿16﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بیشک اللہ اور اس کے تمام فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر تو اے ایمان والوں

اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ رَبِّيْ

تم بھی ان پر درود بھیجو اور سلام بھیجو، الٰہی! میرے پروردگار میں حاضر ہوں اور تیرے دین کی

وَسَعْدَيْكَ، صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ

مدد کرتا ہوں ، محسن اور مہربان اللہ کی رحمتیں ہوں اور مقرب فرشتوں کی

وَالنَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ، وَمَا سَبَّحَ

اور تمام نبیوں، تمام صدیقین، تمام شہیدوں اور تمام نیک لوگوں کی جانب سے اور اے پروردگار عالم! ہراس

لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ

چیز کی جانب سے جو تیری تسبیح کرتی ہے رحمتیں ہوں محمد بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو خاتم النبیین ہیں

النَّبِيِّيْنَ، وَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ، وَ رَسُوْلِ

رسولوں کے سردار ہیں ، متقیوں کے پیشوا ہیں ، اور وہ رسول ہیں تمام

رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ، الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ

جہانوں کے پروردگار کے، وہ گواہ اور خوش خبری دینے والے ہیں مخلوق کو تیری طرف بلانے والے ہیں

بِإِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ، وَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

تیرے حکم سے، اور روشن چراغ ہیں، ان پر سب کا سلام ہو

⑰ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ الْكُبْرٰى ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ

الٰہی! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی شفاعت قبول فرمانا، اور بلند فرمانا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اونچے اونچے

الْعُلْيَا ، وَ اَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ، كَمَا اٰتَيْتَ

درجے ، اور آپ کی مراد پوری فرمانا دنیا وآخرت میں ،جیسا تو نے مرادیں پوری فرمائیں

اِبْرَاهِيْمَ وَ مُوْسٰى

ابراہیم وموسیٰ علیہما السلام کی

⑱ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا مِّنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ عَلَيْكَ كَرَامَةً

الٰہی! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تو اپنے دربار میں سب سے بڑے شرف والا بندہ بنالے اور درجوں کے

وَّمِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً ، وَّمِنْ اَعْظَمِهِمْ عِنْدَكَ خَطَرًا

لحاظ سے سب سے اونچے درجے والا، اور قدر ومنزلت کے لحاظ سے سب سے زیادہ بزرگ تر بندہ بنا

وَّمِنْ اَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً

اور تیرے ہاں ان کی شفاعت سب سے زیادہ قابل قبول ہو

اَللّٰهُمَّ اَتْبِعْهُ مِنْ اُمَّتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، مَا تَقِرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ، وَاجْزِهٖ عَنَّا

الٰہی! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت اور اولاد میں آپکے تابعدار اتنے بنا کہ آپکی آنکھ ٹھنڈی ہو جائے، ہماری طرف سے

خَيْرَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ، وَاجْزِ الْاَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ خَيْرًا

آپکو ایسا بدلہ عطا کر جو کسی نبی کو اسکی امت کی جانب سے بہترین بدلہ عطا کیا ہو، اور سب انبیاء کو بہتر بدلہ عطا فرما

وَّسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سلام ہو اللہ کا تمام پیغمبروں پر اور تمام تعریف اس اللہ کی جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

(19) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَّاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، آپکے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور آپ کی اولاد پر

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ

اور اہل بیت، آپ کی ذریت، آپ سے محبت کرنے والوں، تابعداروں اور سب کی سب جماعتوں پر

وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور ان کے ساتھ ہم سب پر، اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان!

(20) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ، وَبَارِكْ

الٰہی! اپنی رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دنیا و آخرت بھر کر، اور برکت نازل فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ ، وَارْحَمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دنیا و آخرت بھر کر ، اور رحمت فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ

دنیا و آخرت بھر کر

(21) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ، يَا جَارَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں، اے اللہ! اے رحمن! اے رحیم! اے پناہ طلب کرنے والوں کے لیے

الْمُسْتَجِيْرِيْنَ ، يَا اَمَانَ الْخَائِفِيْنَ ، يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ ، يَا

پناہ! اے ڈرنے والوں کے لیے امن و امان! اے بے یارومددگار کے مددگار! اے

سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ ، يَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ ، يَا حِرْزَ الضُّعَفَاءِ

بے سہاروں کے سہارے! اے ذخیرہ اس کیلئے جسکا کوئی ذخیرہ نہیں! اے کمزوروں کے محافظ

يَا كَنْزَ الْفُقَرَاءِ ، يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ ، يَا مُنْقِذَ الْهَلْكٰى ، يَا مُنْجِيَ

اے حاجت مندوں کے خزانے! اے سب سے بڑی امید! اے ہلاک ہوتے کو بچانے والے! اے ڈوبتے

الْغَرْقٰى ، يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا جَبَّارُ

کونجات دینے والے! اے محسن! اے بہترین سلوک اور انعام و فضل کرنے والے! اے زبردست

يَامُنِيْرُ ، اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ

اے روشن کرنے والے، تو ہی ہے جسے سجدہ کیا رات کی تاریکی نے اور دن کی روشنی نے

وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَنُوْرُ الْقَمَرِ، وَخَفِيْقُ الشَّجَرِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ

سورج کی شعاعوں اور چاند کی چاندنی نے ، درختوں کی آواز اور پانی کی سنسناہٹ نے

يَا اَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ، لَا شَرِيْكَ لَكَ، اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ! اللہ تو ہی ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں، اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

(22) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَوَّلِيْنَ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب پہلوں

وَالْاٰخِرِيْنَ، وَفِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

اور اگلوں میں، اور بلند مقام فرشتوں میں قیامت کے دن تک

(23) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسے تو ان کیلئے پسند فرمائے اور جس سے تو خوش ہو

(24) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ ، وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وہ رحمت جو تیری خوشنودی اور

رِضًا ، وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً ، وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ ، وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق کی ادائیگی کا سبب ہو ، اور وہ مقام محمود جس کا تو نے ان سے

الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ ، وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ، وَاجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا

وعدہ کیا، ہماری جانب سے انکو وہ بدلہ عطا کر جو انکے شایان شان ہو، ہماری طرف سے آپکو وہ افضل جزا

جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ ، وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ

عطا فرما جو کسی نبی کو اسکی امت کی جانب سے دیا ہو، اپنی رحمت نازل فرما آپ کے برادران نبوت پر

وَالصَّالِحِيْنَ ، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور نیک لوگوں پر، اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان!

(25) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پہلوں میں ، اوررحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

الْاٰخِرِيْنَ ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيْنَ ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى

اگلوں میں ،رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب نبیوں میں ، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

الْمُرْسَلِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

سب رسولوں میں ، اور رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بلند مرتبہ والے فرشتوں میں قیامت تک

(26) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى تَرْضٰى، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بَعْدَ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے، اور رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

الرِّضٰى، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَبَدًا اَبَدًا

اپنی خوشنودی کے بعد بھی، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہمیشہ ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلٰى

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسا تو نے ہمیں حکم دیا ہے آپ پر درود بھیجنے کا، اور رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَرَدْتَّ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسا تو پسند کرتا ہے کہ آپ پر درود بھیجی جائے، اور رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسا تو

اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

چاہے آپ پر درود پڑھا جانا

(27) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ رِضٰى

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنی مخلوق کی گنتی کے برابر، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنی خوشنودی

نَفْسِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّدَادَ

کے مطابق، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنے عرش کے وزن کے برابر، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

كَلِمَاتِكَ الَّتِيْ لَا تَنْفَدُ

